246 (اے حبیب!) کیا آپ نے بنی اسرائیل کے اس گروہ کو نہیں دیکھا جو موسیٰ (علیہ السلام) کے بعد ہوا، جب انہوں نے اپنے پیغمبر سے کہا کہ ہمارے لئے ایک بادشاہ مقرر کر دیں تاکہ ہم (اس کی قیادت میں) اللہ کی راہ میں جنگ کریں، نبی نے (ان سے) فرمایا: کہیں ایسا نہ ہو کہ تم پر قتال فرض کر دیا جائے تو تم قتال ہی نہ کرو، وہ کہنے لگے: ہمیں کیا ہوا ہے کہ ہم اللہ کی راہ میں جنگ نہ کریں حالانکہ ہمیں اپنے گھروں سے اور اولاد سے جدا کر دیا گیا ہے، سو جب ان پر قتال فرض کر دیا گیا تو ان میں سے چند ایک کے سوا سب پھر گئے، اور اللہ ظالموں کو خوب جاننے والا ہے ○ (سورۃ البقرہ)

لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ

Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور

چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

جلد: 19 | جمعرات 3 ستمبر 2026ء 1448ھ 20 ربیع الاول 19 بھادوں صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 221

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

چیف جسٹس: عدالتوں کی مؤثر کارکردگی اور انصاف کی فراہمی کیلئے مناسب انفراسٹرکچر اور بروقت مالی معاونت ناگزیر ہے

عدالتی اصلاحات کے اہداف کو عملی شکل دینے کے لئے عدلیہ اور صوبائی حکومت کے درمیان مسلسل ادارہ جاتی رابطہ ضروری ہے، جسٹس یحییٰ آفریدی کا اجلاس سے خطاب

تمام سٹیک ہولڈرز بالخصوص سندھ ہائی کورٹ، بار اور سندھ حکومت کے درمیان مسلسل مشاورت اور قریبی رابطے کے ذریعے باہمی اتفاق سے قابل عمل حل نکالا جائے گا، یہ اقدامات وسیع تر عدالتی اصلاحاتی ایجنڈے کا حصہ ہیں

کراچی (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس، جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ عدالتوں کی موثر کارکردگی اور انصاف کی تیز تر فراہمی کے لئے مناسب عدالتی انفراسٹرکچر اور بروقت مالی معاونت ناگزیر ہے، عدالتی اصلاحات کے اہداف کو عملی شکل دینے کے لئے عدلیہ اور صوبائی حکومت کے درمیان مسلسل ادارہ جاتی رابطہ ضروری ہے۔ سپریم کورٹ کے شعبہ تعلقات عامہ کے جاری اعلامیہ کے مطابق سپریم کورٹ کراچی رجسٹری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

بشکیک: وزیراعظم شہباز شریف اور کرغزستان کے صدر مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے

پاکستان اور ازبکستان کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں، اویس لغاری

توانائی کے شعبے میں مضبوط تعاون دونوں ممالک کی وسیع تر اقتصادی شراکت داری اور علاقائی روابط کے فروغ میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ پاکستان اور ازبکستان کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں بالخصوص بجلی کی باہمی ترسیل، قابل تجدید توانائی، پن بجلی، توانائی کے بنیادی ڈھانچے اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون بڑھایا جا سکتا ہے۔ بدھ کو ازبکستان کے 35 ویں یوم آزادی کے موقع پر منعقدہ استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

صدر آصف علی زرداری سے لندن میں محسن نقوی کی ملاقات، اہم پیغام پہنچایا

ون آن ون بات چیت تقریباً ایک گھنٹے تک جاری رہی جس میں محسن نقوی نے صدر آصف علی زرداری کو اہم پیغام بھی پہنچایا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے لندن میں اہم ملاقات کی جس میں اہم ملکی معاملات زیر بحث آئے۔ ذرائع کے مطابق ون آن ون بات چیت تقریباً ایک گھنٹے تک جاری رہی جس میں محسن نقوی نے صدر آصف علی زرداری کو اہم پیغام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

اہم خبریں

اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ کے 4 ارکان کے استعفے منظور، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی کابینہ نے اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ کے 4 ارکان کے استعفے منظور کر لئے۔ اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے 4 ارکان کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا علاقائی امن، دفاعی تعاون اور بحرانوں کے پرامن حل کیلئے مشترکہ عزم

اسلام آباد (اے ایف پی) دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر اندرابی نے کہا ہے کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ نے سیاسی، اقتصادی، سلامتی اور ثقافتی شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

کراچی: سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس، جسٹس یحییٰ آفریدی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

موجودہ دوطرفہ تجارت کے حجم کو آئندہ دو سال میں 16 ملین ڈالر سے 200 ملین ڈالر تک بڑھانے کا عزم رکھتے ہیں، کاسا 1000 منصوبے کی بروقت تکمیل ضروری ہے، شہباز شریف

پاکستان اور کرغزستان کے درمیان معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط

دونوں ممالک کے درمیان سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، پاکستان کیساتھ ادویہ سازی، زراعت، توانائی، ہلکی مشینری، سیاحت، ڈیجیٹل معیشت، ورچوئل اثاثوں اور دیگر شعبوں میں مشترکہ منصوبوں پر عملدرآمد کیلئے تیار ہیں، کرغز صدر

بشکیک (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور کرغزستان نے تعلیم، صحت، تجارت، ماحولیاتی تبدیلی، سائنس و ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کیلئے متعدد معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کردیئے اور دونوں ممالک نے تعلیم، صحت، تجارت، ماحولیاتی تبدیلی، سائنس و ٹیکنالوجی، ماحولیاتی تبدیلیوں اور ثقافت سمیت مختلف شعبوں میں تعلقات کو فروغ دینے اور اقتصادی شراکت داری کو نئی بلندیوں پر لے جانے کیلئے عملی اور نتیجہ خیز اقدامات پر اتفاق کیا ہے جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ کرغزستان وسطی ایشیا میں پاکستان کا اہم شراکت دار ہے، دونوں ممالک کے درمیان راہداری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ کے 4 ارکان کے استعفے منظور

وزارت قومی صحت نے آئی ایچ آر اے بورڈ کے ارکان کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی کابینہ نے اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے بورڈ کے 4 ارکان کے استعفے منظور کر لیے۔ اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی کے 4 ا(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

پاکستان کا ہائی رسک میری ٹائم فہرست سے اخراج، بحری تجارت کیلئے اہم پیشرفت

پاکستانی بندرگاہوں پر آنے والے جہازوں کو اضافی وار رسک انشورنس کا سامنا نہیں ہوگا

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان کا ہائی رسک میری ٹائم فہرست سے اخراج ملکی بحری تجارت کیلئے اہم پیش رفت ہے۔ مشرق وسطی میں کشیدگی کے باعث جوائنٹ وار کمیٹی نے ہائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

مریم نواز: پنجاب کے دیہاتوں میں سیوریج، ڈرینج اور گلیاں پکی کی جائیں

مثالی گاؤں کے قیام کیلئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کمیونٹی بیسڈ آرگنائزیشن متعارف کرانے کی منظوری دی، عوام کو ٹوٹی پھوٹی گلیوں اور گندے پانی کی مشکلات سے دوچار نہیں دیکھ سکتی: وزیراعلیٰ پنجاب

اسسٹنٹ کمشنر، کمیونٹی ہیلتھ موبلائزر، سیکرٹری یونین کونسل، ہیڈ ماسٹر اور دیگر متعلقین کو دیہی پراجیکٹ میں شامل کرنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے کے ساڑھے تین ہزار سے زائد دیہات میں سیوریج، ڈرینج اور پکی گلیوں کے پراجیکٹس شروع کرنے کی ہدایت کردی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

بھارت سندھ طاس معاہدے سے متعلق فیصلے کو مسترد نہیں کر سکتا، ترجمان دفتر خارجہ

پاکستان پر امید ہے امریکا ایران مذاکرات کی طرف واپس آئیں گے، اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو مردہ یا غیر موثر قرار دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، امریکا ایران کشیدگی کو پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کی ناکامی قرار نہیں دیا جا سکتا: دفتر خارجہ

بھارت کی جانب سے ثالثی عدالت کا فیصلہ مسترد کرنا سندھ طاس معاہدے کے تحت اس کی ذمے داریوں کو ختم نہیں کر سکتا، طاہر حسین اندرابی کی ہفتہ وار بریفنگ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر حسین اندرابی نے کہا ہے کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو مردہ یا غیر موثر قرار دینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، امن کا فریم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

خطے کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، احسن اقبال

باہمی تعاون اور مسلسل محنت کے ذریعے گلگت بلتستان کے روشن، سرسبز اور پائیدار مستقبل کی بنیاد رکھی جائے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و اصلاحات و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے عوام کی محرومیاں دور کرنا اور خطے کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم کیٹی کے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے گلگت بلتستان میں بجلی کے بحران کے حل کے لیے 100 میگاواٹ سولر منصوبے پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد: وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب سے چیئرمین نیب ملاقات کرتے ہوئے

بانی پی ٹی آئی کے قانونی حقوق کی بحالی و عدالتی احکامات پر عدم عملدرآمد پر توہین عدالت کی دوسری درخواست دائر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے قانونی حقوق کی بحالی اور عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہ ہونے پر ان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

وزیراعظم کا آتا بیت میموریل کمپلیکس کا دورہ، معروف ادیب چنگیز ایتماتوف کی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ پڑھی

بشکیک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کرغزستان کے دارالحکومت بشکیک میں آتا بیت میموریل کمپلیکس کا دورہ کیا۔ بدھ کو آتا بیت آمد پر وزیر اعظم کا استقبال (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

پشاور: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے قائم مقام صدرِ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی ملاقات کرتے ہوئے

گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی کی قائم مقام صدرِ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے ملاقات

خیبر پختونخوا اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر احمد کریم کنڈی بھی گورنر کے ہمراہ تھے

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل) گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے قائم مقام صدرِ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے ایوان صدر اسلام آباد میں ملاقات کی، خیبر پختونخوا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

غیر قانونی کال سینٹرز کا معاملہ، پاکستان نے گرفتار مزید 61 غیر ملکیوں کو ملک بدر کر دیا

ملزمان میں ویتنام کے 36، چین کے 24 اور ملائیشیا کا ایک شہری شامل ہے، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد میں غیر قانونی کال سینٹرز میں فراڈ اور غیر اخلاقی سرگرمیوں کے خلاف کارروائیوں میں پیشرفت سامنے آئی ہے، مزید 61 گرفتار غیر ملکیوں کو پاکستان بدر کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ملک بدر کیے گئے ملزمان میں ویتنام کے 36، چین کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

عطیہ پاکستان اور چین کی آزمودہ اور دیرینہ دوستی اور زراعت، لائیو اسٹاک، تحقیق، سائنس اور ٹیکنالوجی میں بڑھتے ہوئے تعاون کا عملی مظہر ہے، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے نیشنل ایگریکلچرل ریسرچ سینٹر (این اے آر سی) (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

سردار ایاز صادق کی پاکستان کی جانب سے شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت سنبھالنے پر قوم کو مبارکباد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پاکستان کی جانب سے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے فل کورٹ اجلاس طلب کر لیا

جسٹس مس عالیہ نیلم 5 ستمبر کو اجلاس کی صدارت کریں گی، عدلیہ کے ایشوز، سائلین کے مسائل کے حل اور کیس مینجمنٹ پر بھی غور ہوگا

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ نے تمام ججز کا فل کورٹ اجلاس طلب کر لیا۔ ذرائع کے مطابق چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم 5 ستمبر کو ہونے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کا کل ملک بھر میں ہڑتال کا اعلان

آل کمپنیوں اور حکومت کے گٹھ جوڑ کا بوجھ عوام برداشت کرتے ہیں، غریب لوگوں کو ٹیکس فری نہیں کرتے لیکن چینی مافیا کیلئے ٹیکس صفر کر دیا ہے

یہ تحریک گلی محلوں کی سطح پر آگے بڑھ رہی ہے، بجلی پر کپیسٹی پیمنٹ اور فکسڈ چارجز عوام پر بوجھ ہیں، 1700 ارب روپے چند آئی پی پیز کو ادا کیے گئے، عوام پر ٹیکس ہے

کراچی (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی کا کل ملک بھر میں ہڑتال کا اعلان کر دیا۔ حافظ نعیم الرحمان کا کہنا ہے کہ آل کمپنیوں اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کا رسالپور لوکوموٹیو فیکٹری کا دورہ

جنوری 2027 سے 400 ہاپر ویگنز کی تیاری اور 31 دسمبر تک تمام ٹرینوں میں فعال بریکنگ سسٹم یقینی بنانے کی ہدایت

رسالپور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے پاکستان لوکوموٹیو فیکٹری رسالپور کا تفصیلی دورہ کیا اور فیکٹری کے مختلف شعبہ جات، پیداواری سرگرمیوں، لوکوموٹیوز کی مرمت و بحالی اور اسپیئر پارٹس کی مقامی تیاری کا جائزہ لیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر نے رسالپور لوکوموٹیو فیکٹری کو عالمی معیار کے مطابق مکمل طور پر ری ویمپ کرنے اور اس کی 100 فیصد پیداواری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری آسٹریا سے لندن پہنچ گئے

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری آسٹریا سے لندن پہنچ گئے۔ ذرائع کے مطابق بلاول (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

فیک ویڈیو کیس، عدالت میں غنڈہ گردی نہیں چلے گی، کسی بھی عدالتی حکم کو چیلنج کرنا حق ہے، عظمیٰ بخاری

فیک ویڈیو کے ذریعے ایک عورت کی عزت مجروح کی گئی، مجھے انصاف چاہیے، وزیر اطلاعات پنجاب

اگر ایک وزیر کے ساتھ عدالت میں ایسا رویہ ہوسکتا ہے تو عام لوگوں کے ساتھ کیا ہوتا ہوگا؟

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری فیک ویڈیو کیس میں اپنا بیان ریکارڈ کروانے ضلع کچہری پہنچیں، جہاں انہوں نے عدالت کے روبرو بطور گواہ اپنا بیان ریکارڈ کرایا۔ عظمیٰ بخاری نے عدالت میں مؤقف اختیار کیا کہ وہ اس کیس میں ملزمہ نہیں بلکہ شکایت کنندہ ہیں اور ان کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ محض کوئی عام سول کیس نہیں بلکہ ایک عورت کی عزت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

اقلیتوں سے متعلق پارلیمانی کاکس کا اجلاس، اقلیتوں کی بھرتیوں، منتقلی اور تاریخی مذہبی مقامات کی بحالی سے متعلق اہم امور پر غور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اقلیتوں سے متعلق پارلیمانی کاکس کا اجلاس سینیٹر دنیش کمار کی کنوینر شپ میں منعقد ہوا جس میں اقلیتوں کے حقوق، اسلام آباد پولیس میں اقلیتی کوٹے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

Ministry of National Food Security and Research of the Islamic Republic of Pakistan
02 SEPTEMB

اسلام آباد: وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے نیشنل ایگریکلچرل ریسرچ سینٹر (این اے آر سی) اسلام آباد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے چیئرمین نیب کی ملاقات، قومی اہداف کے حصول کیلئے بھرپور تعاون کی یقین دہانی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب سے چیئرمین قومی احتساب بیورو (نیب) لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے وزارت خزانہ میں ملاقات کی۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

پاکستان کرغزستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہے، اسحاق ڈار

بشکیک (اے ایف پی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کرغزستان کے وزیر خارجہ سے ملاقات کی جس میں پاکستان اور کرغزستان کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے، تجارت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

پاکستان کا دو اہم ورثہ مقامات کو یونیسکو کی مستقل فہرست میں شامل کرانے کیلئے تعاون کا مطالبہ

یونیسکو کے نمائندے فوائد پاشائیف نے وفاقی وزیر کو یقین دلایا کہ یونیسکو پاکستان کو ہر ممکن معاونت فراہم کرے گا

ملک میں متعدد اہم آثارِ قدیمہ اور ثقافتی مقامات کو زیادہ توجہ، تکنیکی معاونت اور بین الاقوامی تعاون کی ضرورت ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے یونیسکو سے خیبر پختونخوا کے تاریخی مقام رانی گھاٹ اور سندھ کے قدیم بنبھور کو یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثہ کی مستقل فہرست میں شامل کرانے کے لیے تعاون اور معاونت فراہم کرنے کی درخواست کی ہے۔ یہ درخواست پاکستان میں یونیسکو کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

خضدار ایف سی بلوچستان ٹریننگ سینٹر میں بیسک ملٹری ٹریننگ بیچ 76 کی پاسنگ آؤٹ پریڈ

بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ریکروٹ محمد طاہر کو آئی جی ایف سی میڈل سے نوازا گیا

کوئٹہ (اے ایف پی) ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) ٹریننگ سینٹر خضدار میں بیسک ملٹری ٹریننگ بیچ 76 کی پروقار پاسنگ آؤٹ پریڈ ہوئی، جس میں 1422 ریکروٹس تربیت مکمل کرکے پاس آؤٹ ہوگئے۔ پاسنگ آؤٹ تقریب کے مہمان خصوصی کمانڈنٹ خضدار تھے، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

نادرا پاک آئی ڈی ایپ میں نئے زبردست فیچرز متعارف

ایف آئی اے شکایات سے لے کر ڈیجیٹل شناخت تک کی نئی سہولیات کا اضافہ، اوورسیز پاکستانیوں کو بھی سہولیات فراہم

نئے ورژن میں ایسے فرد کو فیملی ڈیٹا میں شامل کرنے کا عمل مزید آسان کر دیا گیا ہے

اسلام آباد (اے ایف پی) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے پاک آئیڈینٹیٹی موبائل ایپ کا نیا ورژن 5.7.4 جاری کر دیا، جس میں اوورسیز پاکستانیوں کو بھی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ نادرا ترجمان سید شباہت علی نے ایک ویڈیو پیغام میں بتایا کہ مذکورہ ایپ میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

جب اسمبلیاں چاہیں گی دو تہائی اکثریت سے نئے صوبے بن جائیں گے، اعظم نذیر تارڑ

آزاد کشمیر میں سب سے بڑا مسئلہ انتخابات کرانا تھا، انتخابات پرامن اور شفاف ہوئے، وہاں کے وزیراعظم کا انتخاب کرنے کا حق نواز شریف کو تھا، لندن میں میڈیا سے گفتگو

وزیراعظم شہباز شریف کئی مرتبہ اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دے چکے ہیں، آزاد کشمیر کے وزیراعظم کا انتخاب کرنے کا حق نواز شریف کو تھا

لندن (اے ایف پی) وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ صوبائی اسمبلیاں اور پارلیمنٹ چاہیں گی تو دو تہائی اکثریت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

اسحاق ڈار کی کرغز وزیر خارجہ سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

بشکیک (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بدھ کو بشکیک میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

نیپرا نے کے الیکٹرک کو غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے روک دیا، سی ای او سے ایک ماہ میں جامع عملدرآمد رپورٹ طلب

اسلام آباد (اے ایف پی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے کے الیکٹرک کو غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے روک دیا۔ نیپرا نے حکم نامہ عمل درآمد کیلئے سی ای او کے الیکٹرک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

وزیراعظم شہباز شریف کی بشکیک میں صدارتی محل آمد، گارڈ آف آنر پیش

کرغزستان کے صدر صادر نورژاپاروف نے وزیراعظم شہباز شریف کا گرمجوشی سے استقبال کیا، وفود کے تعارف

بشکیک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کے اعزاز میں کرغزستان کے صدارتی محل میں باضابطہ استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ صدارتی محل پہنچنے پر وزیراعظم محمد شہباز شریف کا ریڈ کارپٹ پر تپاک استقبال کیا گیا، کرغزستان کے صدر صادر نورژاپاروف نے وزیراعظم شہباز شریف کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔ وزیراعظم کے صدارتی محل آمد پر پاکستان اور کرغزستان کے قومی ترانے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

روایتی اور ابھرتے ہوئے بحری خطرات کیخلاف جنگی تیاری، پاکستان نیوی کی بڑی بحری مشق سی اسپارک شروع

مشق میں بحری جہاز، آبدوزیں، ہوائی جہاز اور جدید ڈرون سسٹمز شامل ہیں

مشق میں اسپیشل فورسز، پاک فوج اور پاک فضائیہ کے مشترکہ دستے بھی شریک ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) روایتی اور ابھرتے ہوئے بحری خطرات کیخلاف جنگی تیاریوں کا جائزہ کے لیے پاکستان نیوی کی بڑی بحری مشق سی اسپارک 2026 کراچی میں شروع ہوگئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے بحری مشق سی اسپارک -2026 کی افتتاحی بریفنگ کی صدارت کی، پاکستان کی مسلح افواج کے سینئر افسران بھی اس موقع موجود تھے۔ شعبہ تعلقات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے اے ڈی بی وائس صدر ملاقات کرتے ہوئے

Shehar Shehar Nagar Nagar شہر شہر، نگر نگر

District Health Authority
نشیات سے پاک پنجاب
صحت مند اور مضبوط پنجاب

ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی اور کاؤنٹر نارکوٹکس فورس (CNF) کے زیر اہتمام اہم آگاہی اجلاس منعقد

پتوکی، نشہ آور ادویات کی غیر قانونی فروخت اور بغیر وارنٹی میڈیکل اسٹورز کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ

پتوکی (محمد سلمان) نشہ آور ادویات کی غیر قانونی فروخت اور بغیر وارنٹی میڈیکل اسٹورز کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ سی ای او آفس ہیلتھ قصور میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی اور کاؤنٹر نارکوٹکس فورس (CNF) کے زیر اہتمام اہم آگاہی اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈپٹی ڈرگ کنٹرولر پتوکی بلال یاسین، پتوکی کیمسٹ کے صدر محمد عامر، جنرل سیکرٹری نعیم غازی، نائب صدر رانا اشرف اور نائب صدر محمد اشرف نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تمام میڈیکل اسٹورز اور فارمیسیز نشہ آور ادویات صرف مستند ڈاکٹر کے نسخے پر فروخت کریں گی اور ان کا مکمل ریکارڈ مرتب رکھیں گی، جبکہ بغیر وارنٹی ادویات کی خرید (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

وادی سون میں زیر زمین پانی تیزی سے کم ہو رہا ہے جو کہ مستقبل کے لیے ایک بڑا خطرہ ہے، ملک شیر افضل

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ سحر) وادی سون میں زیر زمین پانی تیزی سے کم ہو رہا ہے جو کہ مستقبل کے لیے ایک بڑا خطرہ ہے جدید سولر انرجی سسٹمز کے ذریعے زیر زمین پانی کے بے تحاشا اخراج اور جنگلات کے مسلسل خاتمے نے صورتحال کو مزید سنگین بنا دیا ہے حکومت کو اس مسئلے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے پانی کے بے دریغ استعمال کو روکنے اور قدرتی وسائل کے تحفظ کے لیے جامع پالیسی مرتب کرنا ہوگی ان خیالات کا اظہار سون ویلی ڈویلپمنٹ پروگرام کے چیف ایگزیکٹو ملک شیر افضل نے وادی سون پریس کلب نوشہرہ کے صحافیوں سے اپنے آفس میں ایک ملاقات میں کیا انہوں نے کہا کہ اس کے سدباب کیلئے ضروری ہے کہ غیر قانونی جنگلات کی کٹائی روکنے اور زیر زمین پانی کے بیجا اخراج کو کنٹرول کرنے کے لیے مؤثر قانونی اقدامات کیے جائیں جبکہ ضرورت کے مطابق دفعہ 144 کا نفاذ بھی عمل میں لایا جائے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

کوٹ رادھا کشن چک نمبر 55 کے نویں جماعت کے ہونہار طلبہ کی شاندار کامیابی، محمد اریز خاں نے 545 اور ارحم خاں نے 541 نمبر حاصل کر لیے

کوٹ رادھا کشن (سہیل الطاف خاں) تفصیلات کے مطابق چک نمبر 55 کے معروف شخصیت اعظم مبلنگ کے بھانجے اور Kot School KIPS Kishan Radha کے ہونہار طالبعلم محمد اریز خان نے نویں جماعت کے امتحانات میں 555 میں سے شاندار 545 نمبر حاصل کر کے اپنے والدین، نانا نانی، ماموں جان، اساتذہ اور پورے علاقے کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ اسی طرح محمد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

KIPS SCHOOL
Kot Radha Kishan
SUCCESS
DEDICATION
DISCIPLINE
DETERMINATION
PROGRESS
EXCELLENCE
INNOVATION
ENABLED
STANDING
ACHIEVE
EXCEPTIONAL
PROUD KIPSIAN
9th Class Results 2026
M.AARAIZ KHAN
MARKS OBTAINED 555/545
ROLL NUMBER 516308
LAHORE BOARD
2ND POSITION
ARHAM KHAN
Roll No. 515510
Obtained Marks 541/555
0300 8132181
0300 6048970

108/7 آر میں ستھرا پنجاب منصوبہ کے تحت بنایا گیا ڈمپنگ پوائنٹ اکھاڑ دیا گیا، انتظامیہ خاموش تماشائی

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) چک نمبر 108/7R میں سرکاری جگہ پر قائم ڈمپنگ پوائنٹ مبینہ طور پر اکھاڑ دیے جانے اور سامان کی توڑ پھوڑ کے باوجود متعلقہ انتظامیہ کی خاموشی نے کئی سوالات کھڑے کر دیے ذرائع کے مطابق ستھرا ضلع ساہیوال کے افسران و عملہ مبینہ ملی بھگت نا اہلی یا بااثر زمیندار کے سامنے بے بسی کا شکار ہیں جبکہ سرکاری جگہ پر قائم ڈمپنگ پوائنٹ کو نقصان پہنچانے کے معاملے پر تاحال کوئی مؤثر کارروائی نہیں کی گئی شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومتی منصوبے ستھرا پنجاب کے تحت قائم صفائی کے نظام کو نقصان پہنچانا منصوبے کو ناکام بنانے کی کوشش کے مترادف ہے اگر سرکاری تنصیبات کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف کارروائی نہ کی گئی تو اس سے سرکاری اداروں کی کارکردگی پر مزید سوالات اٹھیں گے علاقہ مکینوں نے کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے فوری نوٹس لینے واقعے کی شفاف تحقیقات کرانے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

چونیاں سینئر صحافی ملک ایم احمد غازی پھلروان کے دادا ملک ولی آئل مل والے انتقال کر گئے عوامی وسماجی وکلاء اور صحافی کمیونٹی کثیر تعداد میں جنازے میں شرکت

چونیاں (تحصیل رپورٹر) چونیاں سینئر صحافی ملک ایم احمد غازی پھلروان کے دادا ملک ولی آئل مل والے انتقال کر گیے عوامی وسماجی وکلاء اور صحافی کمیونٹی کثیر تعداد میں جنازے میں شرکت ہر آنکھ اشکبار تفصیلات کیمطابق سینئر صحافی ملک ایم احمد غازی پھلروان ضلعی صدر پرنٹ میڈیا قصور بانی مرکزی تحصیل پریس کلب چونیاں ینگ ملک اتحاد ایسوسی ایشن تحصیل چونیاں کے صدر کے دادا جی مشہور قانون دان ملک ارشد حفیظ پھلروان ایڈووکیٹ ہائیکورٹ کے تایا جان ملک امجد ساجد پھلروان کے والد محترم ملک ولی محمد پھلروان ولی آئل مل والے گزشتہ روز انتقال کر گے تھے جنکی نماز جنازہ مقامی قبرستان پیر جہانیاں جنازگاہ چونیاں میں ادا کی گی جس میں عوامی و سماجی کیمونٹی کے ساتھ وکلاء برادری صحافی کیمونٹی اور شہریوں کی کثیر تعداد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا میونسپل کمیٹی کا دورہ اور میونسپل سروسز، پبلک سروس ڈیلیوری کا جائزہ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ +ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا میونسپل کمیٹی کا دورہ اور میونسپل سروسز، پبلک سروس ڈیلیوری کا جائزہ، انہوں نے صفائی ستھرائی، سٹریٹ لائٹس اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی سمیت دیگر میونسپل سروسز کے سلسلہ میں متعلقہ برانچز کا جائزہ لیا اور کمپیوٹرائزڈ ریکارڈ کی بھی چیکنگ کی۔ محمد اکرام ملک نے کہا کہ مفاد عامہ کے سلسلہ میں تفویض کی گئی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے سرانجام دینے کے لیے تمام سٹاف تندہی سے کام کرے اور اس سلسلہ میں عوامی شکایات کا ہر ممکن ازالہ کیا جائے۔ انہوں نے تمام فیلڈ اور دفتر کے عملہ پر زور دیا کہ وہ عوامی خدمت کو اپنا شعار بنائیں اور مفاد عامہ کے کاموں کو پوری ایمانداری اور محنت سے سرانجام دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میونسپل کمیٹی کے وسائل عوامی امانت ہیں اور ان کا استعمال صرف اور صرف عوام کے فائدے کے لیے ہونا چاہیے۔



پنجاب فوڈ اتھارٹی گجرات کی کارروائیاں جاری پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے مختلف فوڈ پوائنٹس کی 51 انسپکشنز کی گئیں

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) پنجاب فوڈ اتھارٹی گجرات کی کارروائیاں جاری پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے مختلف فوڈ پوائنٹس کی 51 انسپکشنز کی گئیں۔ حفظانِ صحت کے اصولوں کی خلاف ورزیوں پر 26 بہتری نوٹسز جاری کیے گئے، جبکہ 5 فوڈ پوائنٹس کو مجموعی طور پر 60 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ شہریوں کو معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے انسپکشن اور مانیٹرنگ کا عمل جاری ہے۔

GPS Map Camera

اسسٹنٹ کمشنر عارف والا کاریشم گلی میں سرپرائز وزٹ ہمراہ پیرا فورس کیا

عارف والا (تحصیل رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر عارف والا کاریشم گلی میں سرپرائز وزٹ ہمراہ پیرا فورس کیا انہوں نے اس موقع پر تاجروں کے مسائل سنے صدر ریشم گلی شیخ ندیم اور سینئر صحافی جمیل بٹ نے ریشم گلی میں درپیش تاجروں کے جائز مسائل بتائے ریشم گلی جس میں خواتین کی اکثریت خریداری کے لیے آتی ھے جس پر اسٹنٹ کمشنر ثوبیہ فلک راؤ نے کہا کہ ہم حکومت پنجاب کی پالیسی کے تحت تاجروں کے جائز مسائل ہر ممکن حل کرنے کی بھرپور کوشش کریں انہوں نے کہا کہ تاجروں کو بھی چاہیے کہ قانون کی پاسداری کریں تاجر ہمارے ملک کی معیشت میں اہم کردار ادا کرتے ھے اس موقع پر صدر ریشم گلی شیخ ندیم نے یقین دہانی کروائی کہ کوئی بھی دوکان دار اگر قانون کو فالو نہی کرے گا تو اس کو جرمانہ ادا کرنا پڑے گا اس موقع (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

محمد معیز اسد نے نہم کے رزلٹ میں سکول کی سطح پر تیسری پوزیشن حاصل کر لی

ننکانہ صاحب (تحصیل بیورو چیف محمد عرفان رفیع) ننکانہ کے صحافی شاہد اسد کے صاحبزادے محمد معیز اسد جو کہ گورنمنٹ گورو نانک ہائی سیکنڈری سکول ننکانہ کا طالب علم ہے نے نہم کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا تحصیل آفس کا دورہ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا تحصیل آفس کا دورہ، انہوں نے عوامی سہولیات، ریونیو خدمات، اور پبلک سروس ڈیلیوری کے مجموعی عمل کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے رجسٹری، انتقال، اور ریونیو ریکارڈ کی فراہمی کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

معروف سیاسی شخصیت رائے شہامند خاں کھرل قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے

پاکپتن (نامہ نگار) معروف سیاسی شخصیت رائے شہامند خاں کھرل قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے، اہل علاقہ سوگوار سینکڑوں سوگواران کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا، تفصیلات کے مطابق معروف سیاسی شخصیت رائے شہامند خاں کھرل قضائے الٰہی سے وفات پا گئے، ان کی نماز جنازہ اڈہ 70 ڈی پر ادا کر دی گئی، جس میں سیاسی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

ہمیں اپنے ہیروز کی قربانیوں کو کبھی نہیں بھولنا چاہیے، پروفیسر ملک طارق محمود

پاکپتن (نامہ نگار) ہیومن رائٹس فورم پاکپتن کے صدر گورنمنٹ فریدیہ پوسٹ گریجویٹ کالج پاکپتن کے سابق پرنسپل معروف ماہر تعلیم پروفیسر ملک طارق محمود نے کہا ہے کہ ہمیں اپنے ہیروز کی قربانیوں کو کبھی نہیں بھولنا چاہیے اور اپنے بچوں کو بھی ان عظیم کارناموں سے آگاہ کرنا چاہیے تاکہ وہ ملک کی خدمت کے جذبے سے سرشار ہو سکیں، ان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

اوکاڑہ سنگین جرائم میں نمایاں کمی، امن وامان میں واضح بہتری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ سنگین جرائم میں نمایاں کمی، امن وامان میں واضح بہتری۔ ماہ اگست میں وارداتوں میں ملوث 07 گینگز کا خاتمہ، گینگز کے 17 ارکان گرفتار، 01 کروڑ 03 لاکھ روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد۔ ملزمان سے 57 پسٹل، 5 گن، 3 رائفل، 4 ریوالور اور 207 گولیاں برآمد۔ منشیات برآمدگی پر 114 ملزمان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کے ویژن کے مطابق پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ چنیوٹ پولیس کی خصوصی کاوش سے شہدائے پولیس کی فیملیز، پولیس اہلکاروں کی سہولت کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ چنیوٹ پولیس اور گرین آفیسرز اکیڈمی چنیوٹ کے درمیان باہمی یادداشت کے معاہدے پر دستخط ہو گئے۔

سلارہ روڈ ریلوے پھاٹک کے قریب ایک افسوسناک حادثہ پیش آیا

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) سلارہ روڈ ریلوے پھاٹک کے قریب ایک افسوسناک حادثہ پیش آیا ہے جہاں ٹرین اور کار میں شدید تصادم کے نتیجے میں کار ڈرائیور زخمی ہو گیا۔ کنٹرول روم کو کال موصول ہوتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم نے فوراً جائے حادثہ پر پہنچ کر رسپانس کیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے حادثے میں زخمی ہونے والے 70 سالہ کار ڈرائیور کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔

ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور حادثات کی روک تھام کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان اور ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف کی زیر صدارت گنے کے کرشنگ سیزن کے دوران ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور حادثات کی روک تھام کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ٹریفک پولیس، سیکرٹری آر ٹی اے، ریسکیو 1122، پنجاب ہائی وے پٹرولنگ پولیس (PHP) سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں کرشنگ سیزن کے دوران گنے کی ترسیل کے لیے استعمال ہونے والی ٹریکٹر ٹرالیوں، ٹرکوں اور دیگر ہیوی ٹرانسپورٹ کے باعث پیدا ہونے والے ٹریفک مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ گنے کی ٹرانسپورٹ کے دوران ٹریفک قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور اوور لوڈنگ، غیر محفوظ انداز میں گنے کی ترسیل، ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ اور دیگر خلاف ورزیوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔

یوم دفاع ہمیں ہمارے شہداء کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، حکیم مقبول احمد چوہدری

پاکپتن (نامہ نگار) میلورا فوڈز/بلال فوڈز اور مطب المسعود بہرام پور پاکپتن کے چیف ایگزیکٹو حکیم مقبول احمد چوہدری نے کہا ہے کہ یوم دفاع پاکستان کی تاریخ کا وہ سنہرا دن ہے جب ہمارے بہادر سپاہیوں نے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا کر وطن کی سرحدوں کی حفاظت کی ان خیالات کا اظہار انہوں نے 6 ستمبر یوم دفاع کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ یوم دفاع ہمیں ہمارے شہداء کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے ملک کی خاطر اپنی جانیں نچھاور کیں، یہ دن ہمیں اپنے شہداء کی قربانیوں کو یاد کرنے اور ان کی عظیم خدمات کا اعتراف کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے، ہمیں اپنے بچوں میں بھی یہی جذبہ پیدا کرنا چاہیے کہ وہ مستقبل میں اپنے ملک کی خدمت اور دفاع کے لیے ہر ممکن قدم اٹھائیں، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اوکاڑہ سارکو افسران کی ستھرا پنجاب ایجنسی کے نئے مینجنگ ڈائریکٹر کو چارج سنبھالنے پر مبارکباد

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر اور تحصیل مینیجر نعمان راشد نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کو مینجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ کا چارج سنبھالنے پر پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور انہیں مبارکباد دی اس موقع پر محمد رضوان ظفر اور نعمان راشد نے نئے مینجنگ ڈائریکٹر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی قیادت میں ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ کی صفائی ستھرائی کی سرگرمیوں کو مزید مؤثر اور منظم بنایا جائے گا شہر اور تحصیل بھر میں صفائی کے معیار کو بہتر بنانے، شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے اور فیلڈ آپریشنز کو مزید فعال بنانے کے لیے ٹیم ورک کے ساتھ اقدامات جاری رکھنے کے عزم کا اظہار بھی کیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

یوم دفاع ہمیں یاد دلاتا ہے کہ وطن کی حفاظت ہر پاکستانی کا فرض ہے، سید کرم علی شاہ

پاکپتن (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) پاکپتن کے قائم مقام جنرل سیکرٹری سید کرم علی شاہ نے کہا ہے کہ یوم دفاع ہمیں یاد دلاتا ہے کہ وطن کی حفاظت ہر پاکستانی کا فرض ہے، پاکستان کی مسلح افواج کی جرات اور بہادری کا دنیا بھر میں کوئی ثانی نہیں، اور قوم کو اپنے ہیروز پر فخر ہے، ہمیں اپنی آنے والی نسلوں کو اس دن کی اہمیت اور ہمارے شہداء کی قربانیوں سے روشناس کروانا چاہیے تاکہ وہ بھی وطن کی حفاظت اور ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کریں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم دفاع کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر کا دن ہمیں وطن کی خاطر دی گئی قربانیوں اور مسلح افواج کی جرات و بہادری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

پنجاب کے مختلف اضلاع میں علاقائی صحافی جیلوں میں انصاف کے منتظر انصاف کی سست روی پر ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کا اظہار تشویش

حجرہ شاہ مقیم (الٰہی بخش ڈولہ) پنجاب کے مختلف اضلاع میں علاقائی صحافی جیلوں میں انصاف کے منتظر انصاف کی سست روی پر ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کا اظہار تشویش اوکاڑہ سے مہر اللہ یار ساہیوال سے یاسر مغل اور تلہ گنگ سے محسن قیوم شیخ انصاف کے منتظر تفصیلات کے مطابق پنجاب کے مختلف اضلاع میں علاقائی صحافی جیلوں میں انصاف کے منتظر ہیں انصاف کی سست روی پر ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے گرفتار صحافیوں کو فوری انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی میں پیش کی گئی رپورٹ کے مطابق پنجاب کے مختلف اضلاع سے گرفتار علاقائی صحافی طویل عرصے سے انصاف کے منتظر ہیں ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کی جانب سے کئی بار صوبائی حکومت کو تحریری طور پر صحافیوں کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں سے آگاہ کیا گیا ہے اور گرفتار صحافیوں کے ساتھ انصاف کرنے کی اپیل بھی کی گئی ہے رپورٹ کے مطابق اوکاڑہ کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بینک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو بی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ڈاکٹر خالد عبداللہ کی زیر صدارت ریسکیو 1122 سنٹرل اسٹیشن اوکاڑہ میں ماہانہ کارکردگی کا اجلاس منعقد

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ڈاکٹر خالد عبداللہ کی زیر صدارت ریسکیو 1122 سنٹرل اسٹیشن اوکاڑہ میں ماہانہ کارکردگی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں گزشتہ ماہ کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ڈاکٹر خالد عبداللہ نے ماہانہ کارکردگی رپورٹ جاری کرتے ہوئے بتایا کہ ریسکیو 1122 اوکاڑہ نے ضلع بھر میں 7,159 ایمرجنسیز پر بروقت ریسپانس کرتے ہوئے 7,404 افراد کو امداد فراہم کی، جبکہ روزانہ اوسطاً 231 ایمرجنسی کالز موصول ہوئیں۔ انہوں نے بتایا کہ مجموعی ایمرجنسیز میں 1,173 روڈ ٹریفک حادثات، 4,560 میڈیکل ایمرجنسیز، 33 آتشزدگی کے واقعات، 155 کرائم ایمرجنسیز، 10 ڈوبنے کے واقعات، 439 ریسکیو آپریشنز اور 200 دیگر متفرق ایمرجنسیز شامل تھیں۔ روڈ ٹریفک حادثات میں 1,369 افراد متاثر ہوئے، جن میں 11 افراد جانبر نہ ہو سکے، جبکہ 796 متاثرین کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔

انٹرنیشنل کھلاڑی میاں حارث شاہد وٹو کی دوحہ قطر ورلڈ والی بال میں پانچویں پوزیشن حاصل کرنے کے بعد واپسی پر درگاہ بابا فریدالدین مسعود گنج شکر پر حاضری

پاکپتن (نامہ نگار) انٹرنیشنل کھلاڑی میاں حارث شاہد وٹو کی دوحہ قطر ورلڈ والی بال میں پانچویں پوزیشن حاصل کرنے کے بعد واپسی پر درگاہ بابا فریدالدین مسعود گنج شکر پر حاضری، جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ والی بال ایسوسی ایشن پاکپتن انٹرنیشنل کھلاڑی محمد رفیق اور جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ ایتھلیٹکس ایسوسی ایشن، پریس کلب پاکپتن کے سیکرٹری انفارمیشن حیدر علی شہزاد، پی اے وٹو شاعر پاکپتن سکاؤٹ رہنما کمنٹیٹر سپورٹس کوآرڈینیٹر ریفری میاں منیب فضل وٹو، پیٹرن ان چیف پاکپتن والی بال ایسوسی ایشن، والی بال، شاہد وٹو۔ عابد وٹو، افضل وٹو، معشوق وٹو اور منتظمین، شاید رسول شاکا، محمد اسلم خان بلوچ سب انسپکٹر، ملک یاسین، حاجی حامد ناصر، احمد گیرو، شعیب، جہانگیر، زین بھٹی، چوہدری زاہد، انوار حسین عباسی، سعید احمد عدیل حبیب موجود تھے واضح رہے کہ میاں حارث شاہد وٹو کا فقیدالمثال استقبال کیا گیا پیتاں نچھاور کیں۔



سید بابا صالح محمد شاہ قلندری گیلانی، سالانہ 246 واں عرس مبارک، عقیدت وہ احترام سے منایا گیا

سید بابا صالح محمد شاہ قلندری گیلانی، سالانہ 246 واں عرس مبارک، عقیدت وہ احترام سے منایا گیا

عارف والہ (جاوید اقبال) سید بابا صالح محمد شاہ قلندری گیلانی، سالانہ 246 واں عرس مبارک، عقیدت وہ احترام سے منایا گیا، تفصیل کے مطابق، ڈسٹرکٹ پاکپتن تحصیل عارف والہ میں سید بابا صالح محمد شاہ قلندری گیلانی کا 246 سالانہ عرس مبارک 31 اگست 2026 بروز سوموار رات بعد نماز عشاء بڑی عقیدت و احترام سے منایا گیا، جس میں سید غلام کبریا شاہ صاحب، سید امتیاز الحسن شاہ صاحب نے اپنے دوست یاران عارف والہ گروپ کو بھی دعوت پر مدعو کیا، جس میں تاجر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

اسسٹنٹ ڈائریکٹر انویسٹی گیشن محمد آصف نور کی سربراہی میں اینٹی کرپشن ٹیم کی کارروائی، ڈاکٹر کاشان 50 ہزار روپے رشوت لیتے رنگے ہاتھوں گرفتار

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ ڈائریکٹر انویسٹی گیشن محمد آصف نور کی سربراہی میں اینٹی کرپشن ٹیم کی کارروائی، ڈاکٹر کاشان 50 ہزار روپے رشوت لیتے رنگے ہاتھوں گرفتار، نشان زدہ نوٹ برآمد۔ اینٹی کرپشن ٹیم اوکاڑہ نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ساؤتھ سٹی کے ڈاکٹر کاشان کو شہری سے مبینہ طور پر 50 ہزار روپے رشوت وصول کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا ملزم سے نشان زدہ 50 ہزار روپے کے نوٹ بھی موقع پر برآمد کر لیے گئے۔ شہری کی جانب سے شکایت موصول ہونے پر اینٹی کرپشن ٹیم نے سول جج عبدالرحمن افضل درجہ اول کی نگرانی میں کارروائی کی۔ ٹیم نے کامیاب ریڈ کرتے ہوئے ڈاکٹر کاشان کو مبینہ طور پر رشوت کی رقم وصول کرنے کے موقع پر گرفتار کیا۔ اینٹی کرپشن حکام کے مطابق ملزم نے شہری سے میڈیکل سرٹیفکیٹ بنانے کے عوض 50 ہزار روپے رشوت طلب کی تھی، جس پر شکایت کنندہ کی درخواست پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کے دوران ملزم سے نشان زدہ 50 ہزار روپے کے نوٹ موقع پر برآمد ہوئے۔ یہ کارروائی ڈی جی اینٹی کرپشن پنجاب سہیل ظفر چٹھہ کی ہدایات پر عمل میں لائی گئی جبکہ اسسٹنٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

محمد شاہد
جنرل رپورٹر
سید طارق حسین شاہ
ڈسٹرکٹ بیورو چیف
کو لالہ موسیٰ میں روزنامہ سحر لاہور
کا جنرل رپورٹر مقرر کیا گیا ہے
تمام سرکاری اور غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

کسی بھی ناگہانی صورتحال اور ہنگامی حالات سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ڈی ایچ کیو ہسپتال چنیوٹ میں موک ایکسرسائز کا انعقاد

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) کسی بھی ناگہانی صورتحال اور ہنگامی حالات سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ڈی ایچ کیو ہسپتال چنیوٹ میں موک ایکسرسائز کا انعقاد کیا گیا، جس میں ریسکیو 1122 کے جوانوں، ڈاکٹرز اور ہسپتال کے دیگر عملہ نے حصہ لیا۔ موک ایکسرسائز کے دوران ہسپتال میں اچانک آگ لگنے کی فرضی صورتحال پیدا کر کے آگ بجھانے اور زخمیوں کو بروقت ریسکیو کرنے کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر چنیوٹ عائشہ رضوان نے موک ایکسرسائز کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر سی او ہیلتھ ڈاکٹر احمد خان، ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 اور دیگر متعلقہ افسران و اہلکار بھی موجود تھے۔ موک ایکسرسائز کے دوران ہسپتال کے ڈاکٹرز اور سٹاف نے آگ بجھانے کے آلات کے استعمال اور آگ پر قابو پانے کا عملی مظاہرہ کیا جبکہ ریسکیو 1122 کے جوانوں نے فرضی زخمیوں کو فوری طور پر ریسکیو کرنے، ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے اور محفوظ مقام پر منتقل کرنے کی مشق کی۔

وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق لوگوں کے مسائل حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق لوگوں کے مسائل حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف نے ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری کے دوران لوگوں کے مسائل سنیں۔ ڈی پی او نے درخواستیں متعلقہ افسران کو مارک کر کے مختص کردہ ٹائم میں دادرسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے کمپلینٹ سیل افسران کو درخواستوں کا فالو اپ لے کر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پبلک سروس ڈلیوری میں بہتری کیلئے تمام ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ ضلع بھر کے تمام تھانوں میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی سہولت کیلئے اقدامات کیے گئے ہیں اور لوگوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جا رہے ہیں۔

ہسپتالوں میں فائر فائٹنگ سسٹم کو فعال بنانے اور ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے حوالے سے اجلاس منعقد

ہسپتالوں میں فائر فائٹنگ سسٹم ہر صورت فعال رکھا جائے، غیر فعال سسٹم کو فوری درست کیا جائے۔ کمشنر ساہیوال

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت ڈویژن بھر کے ہسپتالوں میں فائر فائٹنگ سسٹم کو فعال بنانے اور ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ سمیع اللہ فاروق، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، اے سی جنرل غلام حسین بھٹی سمیت محکمہ صحت اور ریسکیو 1122 کے افسران نے شرکت کی جبکہ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک اور ڈپٹی کمشنر پاکپتن آصف رضا نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے ہدایت کی کہ ڈویژن بھر کے تمام سرکاری ہسپتالوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

ننکانہ صاحب میں ڈکیتی و چوری کی وارداتوں کے دوران نامعلوم مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر شہریوں سے نقدی، موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین کر فرار

ننکانہ صاحب (غلام سرور) ننکانہ صاحب میں ڈکیتی و چوری کی وارداتوں کے دوران نامعلوم مسلح ڈاکو گن پوائنٹ پر شہریوں سے نقدی، موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ فیض آباد کے علاقے ڈھاری پنجنانوالی کے قریب تین مسلح ڈاکوؤں نے غلام عباس کو روک کر 22 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا۔ دوسری واردات تھانہ صدر شاہکوٹ کے علاقے اڈا پنواں میں پیش آئی، جہاں تین مسلح ڈاکوؤں نے محمد سجاد کو گن پوائنٹ پر روک کر 1500 روپے نقدی، موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین لی اور فرار ہو گئے۔ ادھر تھانہ واربرٹن کے نواحی گاؤں گھونہ ٹبہ میں نامعلوم چور رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے دو زمینداروں گھونہ ٹبہ کے رہائشی رائے بابر اور جوگی کوٹ کے چوہدری منیر احمد کے کھیتوں سے تین لاکھ روپے سے زائد مالیت کی زرعی موٹریں لے اڑے۔

کھرل کلاں میں صفائی کا نظام متاثر ہونے کا خدشہ، راجووال میں حاضری پوائنٹ کے قیام پر سنگین سوالات، اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس کا مطالبہ

ڈھلیانہ (سردار محمد اشفاق) کھرل کلاں میں صفائی کا نظام متاثر ہونے کا خدشہ، راجووال میں حاضری پوائنٹ کے قیام پر سنگین سوالات، اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق یونین کونسل 109 کھرل کلاں کے "ستھرا پنجاب" ورکرز کا حاضری پوائنٹ یونین کونسل کی حدود سے تبدیل کر کے راجووال کے قریب قائم کیے جانے پر شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ حاضری پوائنٹ دور ہونے کے باعث ورکرز کو روزانہ آنے جانے میں طویل وقت صرف کرنا پڑے گا، جس سے علاقے میں صفائی کے نظام کے شدید متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ اہلِ علاقہ کے مطابق اگر ورکرز پہلے راجووال کے قریب حاضری لگائیں اور پھر کھرل کلاں پہنچ کر صفائی کا کام شروع کریں تو قیمتی ڈیوٹی ٹائم سفر ہی میں ضائع ہو جائے گا۔ مزید برآں بعض ورکرز کے بارے میں شکایات بھی سامنے آ رہی ہیں کہ وہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

پنجاب کے مختلف اضلاع میں علاقائی صحافی جیلوں میں انصاف کے منتظر۔ انصاف کی سست روی پر ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کا اظہار تشویش

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ + شکیل احمد آصم سے) پنجاب کے مختلف اضلاع میں علاقائی صحافی جیلوں میں انصاف کے منتظر، انصاف کی سست روی پر ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کا اظہار تشویش، اوکاڑہ سے مہر اللہ یار، ساہیوال سے یاسر مغل اور تلہ گنگ سے محسن قیوم شیخ انصاف کے منتظر۔ ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی میں پیش کی گئی رپورٹ کے مطابق پنجاب کے مختلف اضلاع سے گرفتار علاقائی صحافی انصاف کے منتظر ہیں۔ ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان نے کئی بار صوبائی حکومت کو تحریری طور پر صحافیوں کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں پر اپنے تحفظات کا اظہار کیا اور گرفتار صحافیوں کے ساتھ انصاف کرنے کی اپیل کی ہے لیکن جھوٹے کے مقدمہ میں گرفتار اوکاڑہ کے قصبہ کا صحافی مہر اللہ یار 75 دن سے ڈسٹرکٹ جیل اوکاڑہ میں قید ہے، ساہیوال سے قتل کے مقدمہ میں صحافی یاسر مغل 568 دنوں سے ساہیوال سینٹرل جیل میں قید ہے مخالفین یاسر مغل کی بہن اور والدہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

ایگزیکٹو ممبر چیمبر آف کامرس گجرات شیخ عمران عباس العمران شاپنگ مال مین بازار کھاریاں نے اے سی ای ہاؤس کا دورہ کیا

کھاریاں سے راجہ سلطانی ایگزیکٹو ممبر چیمبر آف کامرس گجرات شیخ عمران عباس العمران شاپنگ مال مین بازار کھاریاں نے اے سی ای ہاؤس کا دورہ کیا حکومتِ پاکستان کی جانب سے گوندل برادران کو تمغۂ امتیاز ملنے پر چیئرمین آفتاب کرنسی و اے سی ای گروپ چوہدری آفتاب اشرف گوندل کو دلی مبارکباد پیش کی۔

اوکاڑہ چند روپوں کا منافع قیمتی جانوں سے بڑھ کر نہیں، اوور لوڈنگ سے اجتناب کیا جائے، ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ +ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی زیرِ صدارت مال بردار ٹریکٹر ٹرالیوں پر اوور لوڈنگ بالخصوص گنے کی کرشنگ سیزن کے دوران اوور لوڈنگ کی روک تھام، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور ممکنہ حادثات سے بچاؤ کے لیے مشترکہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان، ڈی ایس پی موٹروے محمد ایوب، ڈی ایس پی پنجاب ہائی وے پٹرول اظہر گل اور سیکرٹری آر ٹی اے محسن ریاض نے شرکت کی اجلاس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

ساہیوال بورڈ نویں جماعت سالانہ امتحان 2026ء کا نتیجہ جاری کامیابی کا مجموعی تناسب 43.41 فیصد

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال نے سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ پارٹ اول (نویں جماعت) فرسٹ اینول امتحان 2026ء کا نتیجہ جاری کر دیا۔ نتائج کا باضابطہ اعلان ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے کمپیوٹر کا بٹن دبا کر کیا۔ امتحان کے لیے مجموعی طور پر 89,872 امیدواروں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

پنجاب کے مختلف شہروں کی طرح ڈسکہ وگردونواح میں بھی گندم اور آٹے کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ جاری

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) پنجاب کے مختلف شہروں کی طرح ڈسکہ وگردونواح میں بھی گندم اور آٹے کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ روٹی اور نان بھی مقررہ نرخوں کے بجائے من مانی قیمتوں پر فروخت ہونے لگے ہیں، ڈسکہ وگردونواح میں گندم 4 ہزار 775 روپے فی من تک فروخت کی جا رہی ہے۔ کم سپلائی کے باعث 10 کلو آٹے کا تھیلا 1 ہزار 130 روپے میں فروخت ہو رہا ہے، جبکہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 23)

سیالکوٹ پولیس ون ویلروں کیخلاف کارروائی میں ناکام، سحری اور دوپہر کے قریب ون ویلروں نے شہریوں کو ذہنی اذیت کا شکار کر دیا

سیالکوٹ پولیس ون ویلروں کیخلاف کارروائی میں ناکام، سحری اور دوپہر کے قریب ون ویلروں نے شہریوں کو ذہنی اذیت کا شکار کر دیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیالکوٹ پولیس ون ویلروں کیخلاف کارروائی میں ناکام، سحری اور دوپہر کے قریب ون ویلروں نے شہریوں کو ذہنی اذیت کا شکار کر دیا، شہری عدم تحفظ کا شکار، پولیس خاموش تماشائی بن گئی۔ تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ کی مصروف ترین شاہراہ خواجہ صفدر روڈ کو ون ویلروں نے ون ویلنگ کے موزوں اور محفوظ قرار دیدیا ہے۔ تھانہ کینٹ کے علاقہ صدر بازار اور خواجہ محمد صفدر روڈ پر ون ویلر سرعام انتہائی تیز رفتاری سے ون ویلنگ کر رہے ہیں۔ ون ویلنگ کے ساتھ فش رائیڈنگ کی جا رہی ہے اور جواء لگا کر ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی خاطر ون ویلنگ کرنے والے نوجوان حادثات کا باعث بن سکتے ہیں۔ سحری کے وقت ون ویلر موٹر سائیکل پر ون ویلنگ کرتے دیکھائی دیتے ہیں جبکہ گروپ کی شکل میں دوپہر اور شام کے وقت ون ویلنگ کرتے نظر آتے ہیں۔ سوشل میڈیا پر جاری ویڈیوز میں با اثر ون ویلر پولیس کی ملی بھگت سے ون ویلنگ کرتے ہیں اور ون ویلنگ کے وقت پولیس مذکورہ جگہ پر نہیں ہوتی اور ون ویلر سرعام ون ویلنگ کر لیتے ہیں۔ ون ویلر جواء لگا کر فش رائیڈنگ کرتے ہیں اور سامنے سے گزرنے والی دوسری ٹریفک بھی عدم تحفظ کا شکار ہو رہی ہے۔ ڈی پی او سیالکوٹ معمول کا گشت نہ کرنے کے باعث ون ویلروں سے بے خبر ہیں۔ ڈی پی او سیالکوٹ کی جانب سے پولیس افسران کو کھلی چھٹی دیدی گئی ہے اور اسی وجہ سے ضلع بھر میں ون ویلروں کی تعداد میں اضافہ ہو چکا ہے۔

سٹی سرکل کی موثر کاروائی ایس ایچ او تھانہ حاجی پورہ کاشف بٹ کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، ایک کلو 540 گرام چرس برآمد ملزم گرفتار مقدمہ درج

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سٹی سرکل کی موثر کاروائی ایس ایچ او تھانہ حاجی پورہ کاشف بٹ کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، ایک کلو 540 گرام چرس برآمد ملزم گرفتار مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن ریٹائرڈ دوست محمد کی خصوصی ہدایت ڈی ایس پی سٹی سرکل مرزا طاہر کی زیرنگرانی ایس ایچ او تھانہ حاجی پورہ کاشف بٹ کی منشیات فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران ناکہ بندی مشکوک شخص کی تلاشی لی۔

آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسیسنگ ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) نے الائیڈ ہسپتال II کے لئے ایک کروڑ روپے مالیت کی 5، اینستھزیا مشینیں عطیہ کر دیں

آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسیسنگ ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) نے الائیڈ ہسپتال II کے لئے ایک کروڑ روپے مالیت کی 5، اینستھزیا مشینیں عطیہ کر دیں

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ کی تحریک پر آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسیسنگ ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) نے الائیڈ ہسپتال II کے لئے ایک کروڑ روپے مالیت کی 5، اینستھزیا مشینیں عطیہ کی ہیں۔ یہ مشینیں کمشنر فیصل آباد نے ہسپتال جا کر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ظفر اقبال کے حوالے کیں۔ چیئرمین اپٹما باؤ ملک محمد اکرم، سابق چیئرمین حافظ محمد اصغر و دیگر ممبران کے علاوہ ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف موجود تھا۔ کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو مبارکباد دی اور چیئرمین اپٹما اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال کو اینستھزیا مشینوں کی اشد ضرورت تھی اور مشینوں کی کمی کے باعث مریضوں کے آپریشنز کی ویٹنگ لسٹ ایک سال تک پہنچ رہی تھی تاہم چیئرمین اپٹما نے 5 مشینیوں کی فراہمی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 31)

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر کی جی سی یونیورسٹی لاہور کی محفلِ میلاد میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر کی جی سی یونیورسٹی لاہور کی محفلِ میلاد میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت، گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر نے جی سی یونیورسٹی لاہور میں منعقدہ محفل ''گلدستہ نعت بحضور سرورِ کونین حضرت محمد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 32)

ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے باغ جناح میں بچوں کے لئے قائم کئے گئے پلے ایریا کا افتتاح کر دیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے باغ جناح میں بچوں کے لئے قائم کئے گئے پلے ایریا کا افتتاح کر دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے پلے ایریا میں بچوں کے لئے فراہم کی گئی مختلف کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کا معائنہ بھی کیا۔ پلے ایریا میں بچوں کے لئے شطرنج، لڈو، اسنیل ہاپ اسکاچ، فش میز، نمبرڈ ٹرٹل شیل پزل، نمبرڈ ہاپ اسکاچ اور سیلفی سمیت مختلف کھیلوں کی سہولیات فراہم کی گئی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

شاہ صاحبؒ نے عشق رسول وآل رسول ﷺ کی ترویج کیلئے ہر اعتبار سے شاندار کردار ادا کیا، احمد رضا مقصود

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ضلعی نائب صدر قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی ہیومن رائٹس ونائب صدر پاکستان مسلم لیگ ن پی پی 51 ڈسکہ احمد رضا مقصود مغل نے کہا ہے کہ ہم پاکستان کے عظیم روحانی و مذہبی پیشوا محبِ اہلبیت اطہار پیر سید قاضی کمال کاظمی درگاہ عالیہ طوری شریف کے وصال پر ملال پر عالمی سلسلہ عالیہ محبوبیہ، صاحبزادگان و مریدین طوری شریف کے غم اور دکھ میں برابر کے شریک ہیں انہوں نے کہا کہ شاہ صاحبؒ نے عشق رسول وآل رسول ﷺ کی ترویج کیلئے ہر اعتبار سے شاندار کردار ادا کیا ہم آپ کے درخشاں کردار کو سلام پیش کرتے ہیں آپ کا مثالی کردار کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد نے امتحان میٹرک جماعت نہم (اول) سالانہ 2026ء کے نتائج کا اعلان کر دیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد نے امتحان میٹرک

جماعت نہم (اول) سالانہ 2026ء کے نتائج کا اعلان کر دیا۔ چیئرمین تعلیمی بورڈ فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر رانا بنیامین نے نتائج آن لائن کئے۔ سیکرٹری بورڈ ڈاکٹر سلیم تقی شاہ اور کنٹرولر امتحانات پروفیسر رانا عتیق الرحمٰن بھی موجود تھے۔ جماعت نہم کے سالانہ امتحان میں مجموعی طور پر 196,656 طلباء (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 24)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ صفدر شبیر کی زیرنگرانی غیر قانونی منی پٹرول کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ صفدر شبیر کی زیرنگرانی غیر قانونی منی پٹرول کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے جس کے دوران شہر کے علاقے رنگ پورہ میں کارروائی کرتے ہوئے تین غیر قانونی پٹرول پمپس سربمہر کر دیئے گے جبکہ دو پٹرول مشینیں قبضے میں لے لی گئیں۔ کارروائی کے دوران غیر قانونی طور پر پٹرول فروخت کرنے کے الزام میں تین مقدمات بھی درج کرائے گئے۔

میثاق امن کمیٹی کا مقصد ضلع بھر میں مذہبی ہم آہنگی اور باہمی احترام کو فروغ دینا ہے۔ شوکت علی

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) میثاق امن کمیٹی کا مقصد ضلع بھر میں مذہبی ہم آہنگی اور باہمی احترام کو فروغ دینا ہے۔ شوکت علی۔ میثاق امن کمیٹی ہر سطح پر ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ محمد رفیق رحمانی۔ ممبران میثاق امن کمیٹی، علماء اور مذہبی رہنما معاشرے میں امن و محبت کے پیغام کو عام کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں مساجد، مدارس، گرجا گھروں اور دیگر عبادت گاہوں سے برداشت اور بھائی چارے کا پیغام عام ہونا نئی نسل میں مثبت سوچ پروان چڑھتا ہے اور مینارٹی کے تمام مسائل ہنگامی بنیادوں پر ممبران کی مشاورت سے حل کرنے کی ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز کو ہدایت ان خیالات کا اظہار ایس پی انویسٹی گیشن شوکت علی نے میثاق امن کمیٹی کے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ممبر وکوارڈینٹر میثاق امن کمیٹی محمد رفیق رحمانی، صدر غلہ منڈی ملک عابد خلجی، مولانا عبدالمجید نظامی، مولانا عمر فاروق بھٹی، میاں ربنواز، مولانا مطلوب مہار، الحاج سیٹھ امانت علی رحمانی، غلام رسول بھٹی، انعام اللہ، عامر رضا چوہان، اقلیتی رہنما و چیئرمین مینارٹی ساجن بھاٹیا، پھنڈت لال چند، ڈاکٹر یونس (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 30)

اسسٹنٹ کمشنر عارف والا کا ریشم گلی میں سرپرائز وزٹ ہمراہ پیرا فورس کیا انہوں نے اس موقع پر تاجروں کے مسائل سنے

عارف والا (تحصیل) اسسٹنٹ کمشنر عارف والا کا ریشم گلی میں سرپرائز وزٹ، ہمراہ پیرا فورس کیا انہوں نے اس موقع پر تاجروں کے مسائل سنے صدر ریشم گلی شیخ ندیم اور سینئر صحافی جمیل بٹ نے ریشم گلی میں درپیش تاجروں کے جائز مسائل بتائے ریشم گلی جس میں خواتین کی اکثریت خریداری کے لیے آتی ہے جس پر اسسٹنٹ کمشنر ثوبیہ فلک راؤ نے کہا کہ ہم حکومت پنجاب کی پالیسی کے تحت تاجروں کے جائز مسائل ہر ممکن حل کرنے کی بھرپور کوشش کریں انہوں نے کہا کہ تاجروں کو بھی چاہیے کہ قانون کی پاسداری کریں تاجر ہمارے ملک کی معیشت میں اہم کردار ادا کرتے ہے اس موقع پر صدر ریشم گلی شیخ ندیم نے یقین دہانی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 26)

اسسٹنٹ کمشنر عارف والا کا ریشم گلی میں سرپرائز وزٹ ہمراہ پیرا فورس کیا انہوں نے اس موقع پر تاجروں کے مسائل سنے

سمبڑیال براق میرج ہال میں محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا پُروقار انعقاد

سمبڑیال (تحصیل رپورٹر) شمع فردوس) اسسٹنٹ کمشنر عدنان بشیر کی زیرنگرانی براق میرج ہال سمبڑیال میں محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا پُروقار انعقاد کیا گیا محفل میں علمائے کرام نعت خواں حضرات معززین علاقہ سرکاری افسران واہلکاران طلبہ وطالبات اور شہریوں نے بھرپور شرکت کی اس موقع پر نعتیہ مقابلے کا بھی انعقاد کیا گیا جس میں طلبہ و طالبات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 27)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ نے تحصیل پسرور اور چونڈہ کا دورہ کیا

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ نے تحصیل پسرور اور چونڈہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال چونڈہ اور تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پسرور میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی و بنیادی سہولیات، انتظامی امور اور حفاظتی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر پسرور شاہ شرافت بھی ان کے ہمراہ تھیں۔ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال چونڈہ کے دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے سٹاف کی حاضری، ادویات کے اسٹاک، صفائی ستھرائی اور مریضوں ولواحقین کے لیے پینے کے ٹھنڈے پانی کی فراہمی کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مختلف شعبوں اور وارڈز کا دورہ کرتے ہوئے زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اور ان سے علاج معالجے کی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور دیگر ضروری سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات کی فراہمی کے ساتھ صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی اور پینے کے صاف و ٹھنڈے پانی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 28)

اینٹی کرپشن سیالکوٹ کا ٹریپ ریڈ EPA انسپکٹر 40 ہزار رشوت سمیت گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ نے کرپشن کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے کامیاب ٹریپ ریڈ ای پی اے کے انسپکٹر کو مبینہ طور پر چالیس ہزار رشوت وصول کرتے ہوئے گرفتار کرلیا اینٹی کرپشن حکام کے مطابق ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن پنجاب سہیل ظفر چٹھہ اور ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن گوجرانوالہ امجد شہزاد کی ہدایات پر سرکل آفیسر اینٹی کرپشن سیالکوٹ رانا مبشر علی نے جوڈیشل مجسٹریٹ کی نگرانی میں کاروائی کے دوران شاہد محمود ڈوگر انسپکٹر ای پی اے سیالکوٹ کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے رشوت کی رقم چالیس ہزار کے نشان زدہ نوٹ برآمد کر لیے۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے گورنمنٹ گرلز اور بوائز ہائی سکولز کوٹلی بہرام کا دورہ کیا

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے تعلیمی اداروں کی مانیٹرنگ اور طلبہ کو صاف ستھرا، محفوظ اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے وژن کے تحت ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے گورنمنٹ گرلز اور بوائز ہائی سکولز کوٹلی بہرام کا دورہ کیا اور سکولوں میں تعلیمی و انتظامی امور، صفائی ستھرائی اور دستیاب سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا، طلبہ و طالبات سے براہ راست گفتگو کی اور ان سے نصاب، تدریسی سرگرمیوں اور سکول میں دستیاب سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے تدریسی عمل کا بھی جائزہ لیا اور اساتذہ کو طلبہ کی تعلیمی استعداد بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ ان کی کردار سازی اور ہم نصابی سرگرمیوں پر بھی توجہ دینے کی ہدایت کی۔ اویس مشتاق نے سکولوں کے صحن، کلاس رومز، عمارت کے مختلف حصوں، واش رومز اور دیگر مقامات پر صفائی ستھرائی کی صورتحال کا معائنہ کیا اور صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 29)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کوٹلی بہرام کا دورہ کرتے ہوئے

سیالکوٹ کے رہائشی کیپٹن ضیاء اللہ نے دفاع وطن میں بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف لڑتے ہوئے شہید

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) فرض کی ادائیگی میں سیالکوٹ کا ایک اور سپوت شہید ہوگیا سیالکوٹ کے رہائشی کیپٹن ضیاء اللہ نے دفاع وطن میں بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف لڑتے ہوئے شہادت کے عظیم رتبہ پر فائز ہو گئے شہید کا جسد خاکی آج ڈسکہ روڈ پر لایا جائے گا قلعہ سیف اللہ میں شہید کیپٹن رانا ضیاء اللہ سعید کی نمازِ جنازہ سیالکوٹ میں ادا ہوگئی۔ قلعہ سیف اللہ بلوچستان میں ایف سی بلوچستان نارتھ سے وابستہ کیپٹن رانا ضیاء اللہ سعید نے دورانِ ڈیوٹی جام شہادت نوش کر لیا شہید کا تعلق سیالکوٹ کے علاقے دوبرجی محلہ ڈسکہ روڈ سے تھا شہید کی نمازِ جنازہ آج یکم ستمبر 2026ء کو مبارک مسجد تبلیغی مرکز دوبرجی محلہ ڈسکہ روڈ سیالکوٹ میں ادا کی گئی۔ شہید کے پسماندگان میں ان کے والد شامل ہیں کیپٹن رانا ضیاء اللہ سعید کی شہادت پر اہلِ علاقہ اور شہریوں کی جانب سے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا ہے۔

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کا اردل روم، 11 ملازمین برطرف، 3 کی سروس ضبط

گجرات (سید طارق حسین شاہ + زیڈ اے بھٹی) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کا اردل روم، 11 ملازمین برطرف، 3 کی سروس ضبط، سب انسپکٹر کی اے ایس آئی کے رینک پر تنزلی محکمہ سے برخاست۔ فرائض میں غفلت، محکمانہ قوانین کی خلاف ورزی اور اختیارات کے ناجائز استعمال میں ملوث کسی بھی پولیس ملازم کے خلاف بلاامتیاز اور سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈی پی او گجرات تفصیلات کے مطابق اردل روم میں 11 پولیس ملازمان کو ملازمت سے برخاست کر دیا گیا، جبکہ 3 پولیس ملازمان کی سروس ضبط کرنے کی سزا دی گئی۔ مزید برآں 08 پولیس ملازمان کو سنشور کی سزا سنائی گئی اور 02 پولیس ملازمان کی تنخواہ میں تنزلی کر دی گئی۔ اسی طرح ایک پولیس افسر کو محکمانہ سزا کے طور پر رینک میں تنزلی دیتے ہوئے سب انسپکٹر سے اسسٹنٹ سب انسپکٹر کر کے محکمہ سے برخاست کر دیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمانہ خوداحتسابی اور کڑے احتساب کا عمل آئندہ بھی بلاتعطل جاری رہے گا تاکہ گجرات پولیس کو مزید منظم، ذمہ دار، پیشہ ورانہ اور عوام دوست فورس بنایا جاسکے۔ ڈی پی او گجرات نے واضح کیا کہ محکمہ پولیس میں احتساب کا عمل (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 33)

مصروف زندگی میں دوستوں کے ساتھ مل بیٹھنے کے ایسے مواقع خوشی کا باعث بنتے ہیں، احسن ادریس باجوہ ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) احسن ادریس باجوہ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ مصروف زندگی میں دوستوں کے ساتھ مل بیٹھنے کے ایسے مواقع نہ صرف خوشی کا باعث بنتے ہیں بلکہ باہمی محبت، خلوص اور تعلقات کو بھی مزید مضبوط کرتے ہیں۔ مخلص دوست زندگی کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، جو خوشی کے لمحات میں شریک ہونے کے ساتھ ساتھ مشکل وقت میں بھی ایک دوسرے کا سہارا بنتے ہیں۔ دوستوں کے ساتھ ہونے والی بے تکلف گفتگو، قہقہے اور خوشگوار یادیں ہمیشہ دل میں محفوظ رہتی ہیں۔ احسن ادریس باجوہ ایڈووکیٹ نے چوہدری حسین ولانہ کی جانب سے پرتکلف عشائیہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ عشائیے کے موقع پر دوستانہ ماحول میں مختلف امور پر خوبصورت اور دلچسپ گفتگو ہوئی، جبکہ شرکاء نے ایک دوسرے کے ساتھ خوشگوار لمحات بھی گزارے۔

سیالکوٹ روڈ پر واقع نجی فارمیسی کو محکمہ صحت کی کارروائی کے دوران سیل کیے جانے کی خبر کی آن لائن کوریج پر فارمیسی کے مالک کے لیگل ایڈوائزر کی جانب سے صحافی کو نوٹس جاری کر دیا گیا

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) سیالکوٹ روڈ پر واقع نجی فارمیسی کو محکمہ صحت کی کارروائی کے دوران سیل کیے جانے کی خبر کی آن لائن کوریج پر فارمیسی کے مالک کے لیگل ایڈوائزر کی جانب سے صحافی کو نوٹس جاری کر دیا گیا، جس میں 5 کروڑ روپے ہرجانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چند روز قبل ڈرگ انسپکٹر صداقت کی جانب سے مختلف فارمیسیوں کی چیکنگ کرتے ہو؟ سیالکوٹ روڈ پر واقع ایک نجی فارمیسی کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اسے سیل کیا گیا اور محکمانہ ضابطے کے مطابق مزید کارروائی شروع کی گئی۔ چیئرمین سوشل میڈیا وزیرآباد عمران ڈار نے محکمہ کی مذکورہ کارروائی اور فارمیسی سیل ہونے کے حوالے سے آن لائن فوٹیج چلائی۔ بعدازاں فضل میڈیکل سٹور کے مالک نے اپنے قانونی مشیر کے ذریعے عمران ڈار کو نوٹس بھجوا دیا۔ نوٹس میں موقف اختیار کرتے ہوئے مبینہ طور پر خبر/آن لائن کوریج پر اعتراضات اٹھائے گئے ہیں اور عمران ڈار سے آٹھ یوم کے اندر جواب طلب کیا گیا ہے، دوسری جانب صحافتی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 38)

گجرات پولیس میں خود احتسابی کا عمل جاری، ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی خصوصی ٹیمیں متحرک

گجرات (سید طارق حسین شاہ + زیڈ اے بھٹی) گجرات پولیس میں خوداحتسابی کا عمل جاری، ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی خصوصی ٹیمیں متحرک۔ کرپشن، بدعنوانی، غفلت، لاپرواہی اور شہریوں سے ناروا سلوک کی شکایات پر سخت کارروائیاں جاری۔ مختلف شکایات پر چار پولیس ملازمان کو معطل جبکہ دو کانسٹیبلز کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔ سب انسپکٹر محمد انور سرلا اور کانسٹیبل محمد اکرم کو کرپشن کی شکایات پر معطل کر دیا گیا۔ کانسٹیبل عمران خان کو غیر حاضری کی بنیاد پر معطل کر دیا گیا۔ ہیڈ کانسٹیبل عظیم اکبر کو محکمانہ غفلت اور لاپرواہی پر معطل کر دیا گیا۔ شہری سے ناروا سلوک کی شکایت پر کانسٹیبل عمر فاروق اور محمد عاطف کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ڈی پی او گجرات کی خصوصی ٹیمیں پولیس ملازمان کے خلاف کرپشن اور دیگر شکایات کی مسلسل مانیٹرنگ کر رہی ہیں۔ شہریوں سے ناروا سلوک، کرپشن، بدعنوانی اور فرائض میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

اوکاڑہ سنگین جرائم میں نمایاں کمی، امن وامان میں واضح بہتری اوکاڑہ پولیس ماہ اگست میں وارداتوں میں ملوث 7 گینگز کا خاتمہ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ سنگین جرائم میں نمایاں کمی، امن وامان میں واضح بہتری اوکاڑہ پولیس ماہ اگست میں وارداتوں میں ملوث 7 گینگز کا خاتمہ، ترجمان اوکاڑہ پولیس گینگز کے 17 ارکان گرفتار، 01 کروڑ 03 لاکھ روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد، ترجمان اوکاڑہ پولیس ملزمان سے 57 پسٹل، 5 گن، 3 رائفل، 4 ریوالور اور 207 گولیاں برآمد، ترجمان اوکاڑہ پولیس منشیات برآمدگی پر 114 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، ترجمان اوکاڑہ پولیس ملزمان سے 57 کلو چرس اور 4 کلو آئس برآمد ترجمان اوکاڑہ پولیس 1510 لیٹر شراب، 160 لیٹر لہن اور 06 چالو بھٹیاں برآمد اشتہاری و عادی مجرمان کے خلاف بھی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 34)

انجمن تاجران ریل بازار کے حالیہ انتخابات میں نومنتخب صدر طارق یحییٰ کو تاجر رہنماؤں اور سیاسی وسماجی شخصیات کی جانب سے مبارکباد دینے کا سلسلہ جاری

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) انجمن تاجران ریل بازار کے حالیہ انتخابات میں نومنتخب صدر طارق یحییٰ کو تاجر رہنماؤں اور سیاسی وسماجی شخصیات کی جانب سے مبارکباد دینے کا سلسلہ جاری ہے۔ اس موقع پر چودھری شاہد شوکت علی اور دیگر رہنماؤں نے نومنتخب صدر طارق یحییٰ سے ملاقات کی اور انہیں کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ تاجر برادری کے نمائندوں کا جمہوری انداز میں انتخاب خوش آئند امر ہے۔ نومنتخب صدر طارق یحییٰ پر تاجروں نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے، امید ہے کہ وہ اس اعتماد پر پورا اترتے ہوئے ریل بازار کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 36)

قابل، محنتی اور ذہین طلباء وطالبات ہمارا قابل فخر اور قیمتی سرمایہ ہیں اور ان سے ہی ملک وقوم کا مستقبل روشن ہے، طارق محمود انصاری

گکھڑ منڈی (نامہ نگار) قابل، محنتی اور ذہین طلباء و طالبات ہمارا قابل فخر اور قیمتی سرمایہ ہیں اور ان سے ہی ملک و قوم کا مستقبل روشن ہے ان کی حوصلہ افزائی ہمارا قومی فریضہ ہے ہم نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کے والدین اور اساتذہ کو دلی مبارکباد اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور ان کی مزید کامیابیوں کے لئے دعا گو ہیں ان خیالات کا اظہار جمعیت الانصار گکھڑ کے صدر سیٹھ طارق محمود انصاری نے قصوا مارکی گکھڑ میں جمعیت الانصار گکھڑ کے زیراہتمام میٹرک کے امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات کے اعزاز میں منعقدہ تقریب تقسیم انعامات سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب سے سابق ناظم امجد رضا کھوکھر، چیئرمین میاں محمد اسلم کنول، سابق نائب ناظم و سنیئر وائس چیئرمین ڈاکٹر شیر محمد علی انصاری، سابق کونسلر خادم حسین انصاری، جنرل سیکرٹری انجینئر حاجی حامد ناصر انصاری، ڈاکٹر ابوبکر، سابق کونسلر ساجد فاروق انصاری۔ بشیر احمد ارسلان، شفیق عدنان انصاری، سر شہزاد انصاری، انور شہزاد پی، محمد حنیف بھٹی، ارفعی نور بھٹی، ماریہ انصاری و دیگر نے بھی خطاب کیا تقریب سے جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے حوالہ سے ممتاز عالم دین علامہ محمد شعیب عطاری اور قاری ضمیر الدین عطاری نے بھی اسوہ حسنہ پر روشنی ڈالی تقریب کے آخر میں صدر جمعیت الانصار گکھڑ سیٹھ طارق محمود انصاری اور دیگر مہمانان گرامی نے میٹرک کے امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات، گوجرانوالہ بورڈ میں ٹاپ کرنیوالی طالبہ صدیقہ الماس دختر ڈاکٹر ابوبکر، دوسری پوزیشن حاصل کرنے والے طالب علم عبدالرافع بٹ ولد خرم شہزاد، محمد حسین علی ولد محمد اعظم علی، ایمان فاطمہ دختر ڈاکٹر شفقت، دریشہ فاطمہ دختر محمد امین نقشبندی، نور فاطمہ دختر محمد شریف، عائشہ شفیق دختر محمد شفیق، تسمیعہ نور دختر محمد ساجد۔ ارفعی نور دختر محمد حنیف بھٹی، فائقہ رفیق دختر محمد رفیق، مریم خرم دختر خرم شہزاد ہاشمی، سبحان شفیق ولد محمد شفیق، تحریم زمان دختر محمد زمان، ماہ نور دختر ساجد فاروق، مناہل وقاص دختر محمد وقاص، کنز الایمان دختر محمد یاسین، اریشہ رانی دختر محمد آصف و دیگر میں شیلڈز اور نقد انعامات تقسیم کئے تقریب کے اختتام پر شرکاء کو پرتکلف عشائیہ بھی دیا گیا۔

شیر گڑھ پولیس کی منشیات وشراب فروشوں کے خلاف کارروائی دو ملزمان گرفتار شراب اور چرس برآمد

شیر گڑھ (عمران زاہد کھوکھر) ایس ایچ او تھانہ شیر گڑھ عدنان رفیق سیال نے اے ایس آئی محمد شریف فخر۔ اے ایس آئی امتیاز احمد اور ریڈ ٹیم کے ہمراہ

کارروائی کرتے ہوئے دو مختلف مقدمات میں دو ملزمان کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق ایک کارروائی کے دوران ملزم کے قبضہ سے 25 لیٹر دیسی شراب جبکہ دوسری کارروائی میں ملزم کے قبضہ سے 2 کلوگرام چرس برآمد ہوئی۔ پولیس نے دونوں ملزمان کو گرفتار کرکے برآمدشدہ شراب اور منشیات قبضہ میں لے لیں جبکہ نمونہ جات تجزیے کے لیے متعلقہ فرانزک لیبارٹری بھجوا دیے گئے۔ دونوں ملزمان کے خلاف متعلقہ دفعات کے تحت مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی۔

ایس ایچ او تھانہ صدر وزیرآباد علی حسنین باجوہ کو نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سی پی او گوجرانوالہ ڈاکٹر سردار غیاث گل خان کی جانب سے خصوصی تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا۔

وزیرآباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) ایس ایچ او تھانہ صدر وزیرآباد علی حسنین باجوہ کو جرائم کے سدباب، امن و امان کے قیام اور پولیسنگ کے شعبے میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سی پی او گوجرانوالہ ڈاکٹر سردار غیاث گل خان کی جانب سے خصوصی تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا۔ علی حسنین باجوہ کا شمار ضلع گوجرانوالہ کے قابل، فرض شناس اور متحرک پولیس افسران میں ہوتا ہے۔ انہوں نے تھانہ صدر وزیرآباد میں تعیناتی کے دوران جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کیے۔ اس موقع پر سی پی او گوجرانوالہ ڈاکٹر سردار غیاث گل خان نے کہا کہ محنتی، قابل اور فرض شناس افسران محکمہ پولیس کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ ایسے افسران کی مؤثر ٹیم ورک اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ذریعے ہی ایک پُرامن، جرائم اور منشیات سے پاک معاشرے کے قیام کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہترین کارکردگی دکھانے والے پولیس افسران کی حوصلہ افزائی سے نہ صرف ان کے حوصلے بلند ہوتے ہیں بلکہ دیگر اہلکاروں کو بھی مزید محنت اور بہتر کارکردگی کا جذبہ ملتا ہے۔ شہری حلقوں نے بھی ایس ایچ او علی حسنین باجوہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے سی پی او گوجرانوالہ کی جانب سے تعریفی سرٹیفکیٹ دیے جانے کے اقدام کو خوش آئند قرار دیا ہے۔

ناموسِ رسالت ﷺ کے تحفظ کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ محمد شاہد انصاری

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) سیاسی سماجی رہنما و ٹکٹ ہولڈر محمد شاہد انصاری نے کہا ہے کہ ناموسِ رسالت ﷺ کے تحفظ کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ ملک میں سازش اور منصوبہ بندی کے تحت فرقہ واریت اور بدامنی پھیلانے کی کوشش کی جا رہی ہے، جس کا ملکی سالمیت کے اداروں کو فوری اور موثر نوٹس لینا چاہیے۔ محمد شاہد انصاری نے مزید کہا کہ غیرملکی ایجنڈے کے تحت ملک میں انتشار اور بدامنی پھیلانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے۔ ناموسِ رسالت پر حملے اور توہین آمیز سرگرمیوں کی روک تھام حکومت کی آئینی و قانونی ذمہ داری ہے، حکومت ایسے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کرے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی زیر صدارت اجلاس منعقد

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی کی زیر صدارت مال بردار ٹریکٹر ٹرالیوں پر اوور لوڈنگ بالخصوص گنے کی کرشنگ سیزن کے دوران اوورلوڈنگ کی روک تھام، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور ممکنہ حادثات سے بچاؤ کے لیے مشترکہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان، ڈی ایس پی موٹروے محمد ایوب، ڈی ایس پی پنجاب ہائی وے پٹرول اظہر گل اور سیکرٹری آر ٹی اے محسن ریاض نے شرکت کی۔ اجلاس میں کرشنگ سیزن کے دوران شوگر ملز کی جانب گنے کی خریداری اور نقل وحمل میں اضافے کے پیشِ نظر ٹریکٹر ٹرالیوں پر گنجائش سے زائد گنا لوڈ کرنے کے رجحان، ٹریفک کی روانی میں ممکنہ رکاوٹوں اور حادثات کے خدشات کا جائزہ لیا گیا۔

تحصیل اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن ڈسکہ کا ماہانہ 750 واں اجلاس زیرصدارت خان عباس خان منعقد

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) سیکرٹری نشرو اشاعت تحصیل اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن ڈسکہ حکیم چوہدری محمد افضل بھگل کی پریس ریلیز کے مطابق تحصیل اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن ڈسکہ کا ماہانہ 750 واں اجلاس زیر صدارت خان عباس خان بمقام ٹی بی کیئر سنٹر پسرور روڈ ڈسکہ گزشتہ روز منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا جس کی سعادت حاجی عبدالرحمان بھگل اور نعت رسول مقبول ﷺ کی سعادت حاجی ضرار احمد نے حاصل کی۔ جنرل سیکرٹری چوہدری قطب الدین نے گزشتہ ماہانہ اجلاس ماہ جولائی 2026 کی کاروائی پیش کی جس کی متفقہ طور پر توثیق کر دی گئی۔ فنانس سیکرٹری محمد ارشد جاوید العزیز نے اپنی رپورٹ میں آمدن و اخراجات ماہ جولائی 2026 کا گوشوارہ پیش کیا، بعد از بحث جس کی منظوری دے دی گئی۔

اینٹی کرپشن سیالکوٹ کا کامیاب ٹریپ ریڈ EPA کے اہلکار شاہد محمود ڈوگر مبینہ طور پر 40 ہزار روپے رشوت وصول کرتے ہوئے گرفتار

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) اینٹی کرپشن سیالکوٹ کا کامیاب ٹریپ ریڈ EPA کے اہلکار شاہد محمود ڈوگر مبینہ طور پر 40 ہزار روپے رشوت وصول (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 35)

گھریلو ناچاقی پر شوہر مدثر نے مبینہ طور پر اپنی 26 سالہ بیوی زنیرہ بی بی کو پسٹل سے فائرنگ کر کے قتل کر دیا

ننکانہ صاحب (غلام سرور) تھانہ صدر ننکانہ کے نواحی گاؤں پیڑے والی میں گھریلو ناچاقی پر شوہر مدثر نے مبینہ طور پر اپنی 26 سالہ بیوی زنیرہ بی بی کو پسٹل سے فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہو گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈی پی او ارسلان زاہد پولیس نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے۔ کرائم سین یونٹ اور پنجاب فرانزک سائنس ٹیم نے شواہد اکٹھے کر لیے جبکہ ملزم کی گرفتاری کے لیے پولیس ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ ڈی پی او ارسلان زاہد نے کہا کہ ملزم کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے گا۔

برائلر گوشت کے نرخ میں 8 روپے فی کلو اضافہ کرتے ہوئے قیمت 490 روپے فی کلو مقرر کر دی گئی

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ کی اوپن مارکیٹ میں پولٹری مصنوعات کی قیمتوں میں ایک بار پھر اضافہ ہو گیا، برائلر گوشت کے نرخ میں 8 روپے فی کلو اضافہ کرتے ہوئے قیمت 490 روپے فی کلو مقرر کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق زندہ برائلر کی قیمت میں بھی 5 روپے فی کلو اضافہ ہوا ہے، جس کے بعد فارم گیٹ پر زندہ برائلر کا ریٹ 310 روپے فی کلو مقرر کیا گیا ہے، ہول سیل مارکیٹ میں زندہ برائلر کی قیمت 324 روپے فی کلو جبکہ پرچون بازار میں زندہ برائلر 338 روپے فی کلو میں فروخت کرنے کا نرخ مقرر کیا گیا ہے۔ دوسری جانب شہریوں کو صافی برائلر گوشت 620 روپے فی کلو تک فروخت کئے جانے کی اطلاعات ہیں، جس کے باعث صارفین کو پولٹری مصنوعات کی خریداری میں اضافی اخراجات کا سامنا ہے۔ پولٹری مصنوعات میں انڈوں کی قیمت میں کوئی ردوبدل نہیں کیا گیا اور ان کے نرخ برقرار ہیں۔

غلہ منڈی عارف والہ کے تاجروں کا مارکیٹ کمیٹی کے ٹیکسز کے خلاف سٹی روڈ پر احتجاجی مظاہرہ

عارف والا (کرائم رپورٹر) غلہ منڈی عارف والہ کے تاجروں کا مارکیٹ کمیٹی کے ٹیکسز کے خلاف سٹی روڈ پر احتجاجی مظاہرہ، آڑھتیوں کی مبینہ ظالمانہ ٹیکسز کے خلاف شدید نعرے بازی کی، فی کوئنٹل ٹیکس 2 روپے سے بڑھا کر 8 روپے کر دیا گیا، وصولی 15 روپے کی جا رہی ہے، صدر انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی چوہدری اجمل گجر اور نائب صدر رانا احسن امین نے کہا کہ عارف والہ مارکیٹ کمیٹی کی جانب سے عائد ٹیکسز کسی صورت قبول نہیں، ناجائز اور بے جا ٹیکسز فوری واپس لئے جائیں، غلہ منڈی عارف والہ کے تاجروں نے بھرپور مطالبہ کر دیا، بھاری ٹیکسز کے باعث پہلے ہی کسان و کاروباری طبقہ شدید مشکلات سے دوچار ہے، ٹیکسز واپس نہ لئے گئے تو احتجاج کا دائرہ وسیع کریں گے، اگر ہمارے مطالبات نہ مانے گئے تو انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی عارف والہ پرامن بھرپور احتجاج کا حق رکھتے ہیں۔

سمبڑیال براق میرج ہال میں محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا پُروقار انعقاد

سمبڑیال (تحصیل رپورٹر) شمع فردوس) اسسٹنٹ کمشنر عدنان بشیر کی زیرنگرانی براق میرج ہال سمبڑیال میں محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا پُروقار انعقاد کیا گیا محفل میں علمائے کرام نعت خواں حضرات معززین علاقہ سرکاری افسران واہلکاران طلبہ وطالبات اور شہریوں نے بھرپور شرکت کی اس موقع پر نعتیہ مقابلے کا بھی انعقاد کیا گیا جس میں طلبہ و طالبات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 37)

تھانہ سمبڑیال پولیس ایچ او غازی عبدالرزاق کی ڈبنگ کارروائی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) تھانہ سمبڑیال زیر قیادت سرکل ایس ڈی پی او سجاد باجوہ ایس ایچ او غازی عبدالرزاق ہمراہ پولیس ٹیم نے کاروائی کرتے ہوئے رقم لین دین کے تنازعہ پر 21 سالہ نوجوان کو فائرنگ کر کے ہلاک کرنے والے پانچ ملزمان کو گرفتار کرلیا مزید ایس ایچ او تھانہ سمبڑیال غازی عبدالرزاق نے کہا ہے کہ ان ملزمان کو قانون کے مطابق عدالت سے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

اینٹی کرپشن سیالکوٹ کا کامیاب ٹریپ ریڈ EPA کے اہلکار شاہد محمود ڈوگر مبینہ طور پر 40 ہزار روپے رشوت وصول کرتے ہوئے گرفتار



غلہ منڈی عارف والہ کے تاجروں کا مارکیٹ کمیٹی کے ٹیکسز کے خلاف سٹی روڈ پر احتجاجی مظاہرہ

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت بدستور مؤثر، پاکستان امن کیلئے کوشاں ہے

دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت بدستور مؤثر ہے، پاکستان کی امن کوششیں جاری ہیں۔ ہفتہ وار بریفنگ میں ترجمان دفتر خارجہ نے وضاحت دی کہ مفاہمتی یادداشت غیر مؤثر نہیں ہوئی۔ پاکستان عالمی تنازعات کے حل کے لیے پُرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا اور ایران کے مابین جاری کشیدگی اور مسلح کارروائیوں کا پاکستان بغور جائزہ لے رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس صورتحال کو پاکستان کی ثالثی کوششوں کی ناکامی قرار نہیں دیا جا سکتا، بلکہ اسلام آباد خلوصِ نیت سے امن عمل میں مصروفِ عمل ہے۔ سندھ طاس معاہدے پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت ثالثی عدالت کے فیصلے کو مسترد کر کے اپنی ذمہ داریوں سے فرار اختیار نہیں کرسکتا۔ بھارت کو بین الاقوامی قوانین اور معاہدوں کی پاسداری ہر حال میں کرنا ہوگی، کیونکہ یکطرفہ طرزِ عمل خطے میں امن و استحکام کے لیے شدید نقصان دہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت کا یہ رویہ عالمی تنازعات کے طے شدہ نظام پر اعتماد کو مجروح کرتا ہے اور دیگر خطوں کے لیے بھی ایک منفی مثال قائم کرسکتا ہے۔ جنوبی ایشیا جیسے حساس خطے میں مشترکہ آبی وسائل کے انتظام کے لیے قانونی معاہدوں کی مکمل پیروی ہی واحد راستہ ہے۔ یاسین ملک کے معاملے پر انہوں نے کہا کہ پاکستان حریت رہنما کے خلاف مقدمے اور سزا کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہے کیونکہ یہ انصاف کے بنیادی تقاضوں کے منافی ہے۔ پاکستان اس مسئلے کو کثیر الجہتی فورمز پر اٹھاتا رہے گا۔ پاکستان عالمی برادری پر زور دیتا ہے کہ وہ یاسین ملک کی زندگی اور صحت کے حوالے سے فوری نوٹس لے۔ جبکہ پاکستان اور کرغزستان کے درمیان تجارت، موسمیاتی تبدیلی، انسداد دہشتگردی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں متعدد معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہوگئے۔ معاہدوں کی تقریب کرغزستان کے دارالحکومت بشکیک میں منعقد ہوئی، جس میں وزیراعظم شہباز شریف اور کرغز صدر نے بھی شرکت کی۔ دونوں ممالک کے مابین ہونے والے ان معاہدوں پر دستخط کے بعد وزیراعظم شہباز شریف اور کرغزستان کے صدر نے مشترکہ پریس کانفرنس بھی کی۔ اس موقع پر وزیراعظم نے پاکستان اور کرغز جمہوریہ کے درمیان ٹرانزٹ ٹریڈ معاہدے کو خوش آئند پیش رفت قرار دیتے ہوئے دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ لاہور اور کرغزستان کے شہر اوش کو جڑواں شہر قرار دینے سے دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی روابط مزید مضبوط ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور کرغزستان دہشتگردی اور انتہاپسندی کے خاتمے کے لیے مل کر کام کریں گے اور اس حوالے سے باہمی تعاون بڑھایا جائے گا۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک نجی شعبوں کے درمیان تجارتی روابط کو وسعت دینے میں معاونت کریں گے۔ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے بھی پاکستان اور کرغزستان میں اتفاق رائے ہوا ہے، جبکہ تعلیم، سائنس و ٹیکنالوجی اور ثقافت کے شعبوں میں تعاون کو بھی فروغ دیا جائے گا۔

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سکینہ بی بی زوجہ عبدالمجید قوم کمبوہ سکنہ 38 ایس پی تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے کہ اس کے بیٹے محمد اختر ولد عبدالمجید کی تاریخ پیدائش 01 جولائی 1974 ہے، جس کا بروقت اندراج یونین کونسل میں نہ ہوسکا، فوتگی اندراج یونین کونسل نمبر 10 موسے وال تحصیل وضلع پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے، اگر کسی شخص کو کوئی اعتراض ہو تو وہ 7 دن کے اندر رابطہ کرسکتا ہے، بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب محمد ساجد بلال صاحب سول جج فیملی کورٹ گجرات،

مقدمہ: درخواست 25 گارڈین، عنوان: وقار اعظم، بنام: نوشین، اشتہار بنام: نوشین زوجہ وقار عظیم دختر محمد طفیل قوم کشمیری سکنہ محلّہ بخشو پورہ گلی مرزا سردار بیگ بیرون شاہ فیصل گیٹ گجرات، ہرگاہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 08/09/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری ہوا ہے

Cr..Ghafar

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب / ریونیو آفیسر سرکل منڈی عثمانوالہ قصور

محمد نواز وغیرہ بنام اللہ دتہ وغیرہ

درخواست تقسیم مشترکہ کھاتہ نمبر 3 موضع ماہمونکے شرف۔ اشتہار بنام:۔ اللہ دتہ ولد محمد اکبر علی، مبارک علی ولد محمد عاشق، محمد آصف ولد مبارک علی، محمد احمد ولد مبارک علی اقوام ڈوگر سکنائے ماہمونکے شرف تحصیل وضلع قصور مقدمہ ہذا میں مسئول علیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہٰذا مسئول علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 08-09-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب گل نسرین صاحبہ سول جج وزیر آباد،

دعویٰ استقرار حق وغیرہ

کنیز بی بی دختر عزیز احمد وغیرہ بنام شمشاد احمد ولد عزیز احمد قوم راجپوت چوہان ساکن لدھیوالہ چیمہ تحصیل علی پور چٹھہ ضلع وزیر آباد

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 04-ستمبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ فخر حیات ولد سمندر شاہ قوم بودلہ سکنہ 41 ایس پی تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے کہ اس کے بھائی محمد عمران ولد سمندر شاہ کی تاریخ پیدائش 15 مئی 1992 ہے، جس کا بروقت اندراج یونین کونسل میں نہ ہوسکا، فوتگی اندراج یونین کونسل نمبر 12 پیر غنی تحصیل وضلع پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے، اگر کسی شخص کو کوئی اعتراض ہو تو وہ 7 دن کے اندر رابطہ کرسکتا ہے، بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب اسد رضا موہل صاحب تحصیلدار قصور

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی محمد حنیف (لاولد) ولد نذیر احمد کی وراثت انتقال واقع موضع گرین کوٹ درج ہوچکی ہے۔ جس کے وارثان کی تصدیق ہونا ہے۔ والدین متوفی پہلے فوت شد، زینب بیوہ پہلے فوت شد، صفیہ بی بی بیوہ متوفی زندہ، غلام نبی، برادر متوفی زندہ، محمد یوسف برادر پہلے فوت شد، عبدالرشید، عبدالحمید، عبدالمجید، محمد یونس برادران متوفی زندہ، زبیدہ بی بی، مجیداں بی بی ہمشیرگان متوفی زندہ، رشیداں بی بی ہمشیرہ پہلے فوت شد ہیں کو وارثان ظاہر کیا گیا ہے۔ اگر کسی کو نسبت وراثت سے اعتراض ہو یا کوئی دیگر وارث ہو تو بعد از اشاعت سات 7 یوم میں عدالت ہذا سے رابطہ کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Bhuta

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب / ریونیو آفیسر سرکل منڈی عثمانوالہ قصور

محمد نواز وغیرہ بنام شیر محمد وغیرہ

درخواست تقسیم مشترکہ کھاتہ نمبر 4 موضع ماہمونکے شرف۔ اشتہار بنام:۔ شیر محمد ولد امراؤ علی، راج بی بی دختر سردار المعروف سردار، رضیہ بی بی دختر امراؤ علی، محمد حسین ولد وزیر علی، شاہ محمد ولد امراؤ علی، خان محمد ولد امراؤ علی، احمد علی ولد محمد علی، بختاور بی بی بیوہ امراؤ علی، فیض محمد ولد امراؤ علی اقوام ڈوگر سکنائے ماہمونکے شرف تحصیل وضلع قصور مقدمہ ہذا میں مسئول علیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہٰذا مسئول علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 08-09-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب حبیبہ سرفراز شیخ صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ

فیضہ نیامت وغیرہ بنام عدیل آصف ولد محمد آصف ذات مانگٹ ساکن پھلوکی کلاں نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 05-ستمبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

اشتہار برائے عوام الناس

اشتہار لیٹ اندراج پیدائش یونین کونسل نمبر 124 متا تحصیل کوٹرادھاکشن ضلع قصور عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شفقت علی ولد محمد رمضان ساکن متا تحصیل کوٹرادھاکشن ضلع قصور اپنے بچوں ثناء میر تاریخ پیدائش مورخہ 25-11-2011 اور بیٹے عدنان علی کی تاریخ پیدائش مورخہ 03-06-2013 لیٹ اندراج کروا رہا ہے اگر کسی ادارے یا شخص کو کوئی اعتراض ہو تو دس یوم کے اندر اندر اپنا تحریری جواب جمع کروائے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ منجانب۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ قصور

Cr..Bhutta

بعدالت جناب آصف علی صاحب سول جج درجہ اول / جج ماڈل کورٹ ضلع شیخوپورہ

مرمعہ دعویٰ استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی۔ عنوان مقدمہ۔ سید سلیم رضا وغیرہ بنام سید آفتاب علی شاہ متوفی وغیرہ۔ اخبار اشتہار بنام۔ (1) سید آفتاب علی شاہ متوفی بذریعہ شرعی وارثان (1A) سید شافع حسین پسر (1B) محدثہ دختر سید آفتاب علی شاہ اقوام سید ساکنان رکھ ماچھیکے، تحصیل وضلع شیخوپورہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 05-09-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

cr...sana ullah

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب / ریونیو آفیسر سرکل منڈی عثمانوالہ قصور

محمد نواز وغیرہ بنام محمد انتخاب وغیرہ

درخواست تقسیم مشترکہ کھاتہ نمبر 2 موضع ماہمونکے شرف۔ اشتہار بنام:۔ محمد انتخاب ولد میجر محمد افتخار خاں قوم گوجر، سیماں بی بی دختر محمد عاشق، محمد امیر ولد میجر محمد افتخار خاں، مبارک علی ولد محمد عاشق، محمد اشرف ولد خیر دین، لیاقت علی ولد خیر دین، محمد جاوید ولد اصغر علی، سرفراز اصغر ولد اصغر علی، سردار مہدی حسن ولد خیر دین، محمد آصف ولد مبارک علی، محمد احمد ولد مبارک علی اقوام ڈوگر سکنائے ماہمونکے شرف تحصیل وضلع قصور مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 08-09-2026 کو حاضر عدالت آویں۔ بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب چوہدری قیصر شہزاد صاحب سنیئر سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ تنسیخ نکاح ودلاپانے خرچہ نان ونفقہ وغیرہ

سارا منان دختر عبدالمنان وغیرہ بنام محمد عاطف ولد محمد مشتاق ذات راجپوت ساکن کیمپ نمبر 4 پرانا بجلی گھر تحصیل وضلع گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 16-ستمبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بعدالت جناب وقاص مرتضیٰ صاحب سول جج تحصیل سوہاوہ ضلع جہلم

درخواست جانشینی عنوان مقدمہ ریاست محمود بنام عوام الناس وغیرہ اخبار اشتہار منجانب ریاست محمود ولد جہانداد ساکن ججیال ڈاکخانہ خاص تحصیل سوہاوہ ضلع جہلم بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس / مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 15-09-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب سیدہ حجاب اختر صاحبہ سول جج جہلم

دعویٰ دلاپانے خرچہ نان ونفقہ وغیرہ عنوان مقدمہ ثمینہ کوثر بنام مرزا عابد حسین اخبار اشتہار بنام مرزا عابد حسین ولد عبدالخالق ساکن گتر ڈاکخانہ بڑا گواہ تحصیل سوہاوہ ضلع جہلم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 16-09-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) قصور

محمد اکرم بنام جاوید اقبال وغیرہ

مقدمہ نمبر 26LHR00519590Y اپیل۔ اشتہار بنام:۔ جاوید اقبال ولد محمد اقبال قوم گجر بجاڑ، محمد شفیع ولد فتح محمد، عادل، اعظم پسران محمد عالم، مقصود، گلفام، رحمان پسران محمد عارف، محمد جمیل ولد محمد حیات قوم راجپوت بھٹی سکنائے چک نمبر 33 منگا نو چھانگا مانگا تحصیل پتوکی ضلع قصور، تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول سرکل پتوکی ضلع قصور مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 15-09-2026 کو حاضر عدالت آویں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج مورخہ 02-09-2026 کو بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب محمد نعیم صاحب سول جج پھالیہ

عنوان: سید فضل عباس عرف علمدار شاہ بنام موسم عباس وغیرہ

دعویٰ: تکمیل معاہدہ مختص

اشتہار بنام: معظم عباس ولد ضیاء الحسنین۔ ضیاء الحسنین۔ زین العباس پسران امیر حسین شاہ۔ نصرت بی بی۔ صغیر فاطمہ۔ نائب زہرہ دختران امیر حسین شاہ اقوام سید ساکنائے بُھٹھہ نور شاہ تحصیل پنڈی بھٹیاں ضلع حافظ آباد

ہرگاہ مدعا علیہ کو نوٹس۔ رجسٹری d/a کے ذریعہ سے تعمیل ہونا مشکل ہے اس لیے مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مورخہ 03-09-2026 کو عدالت جناب میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو۔ ورنہ مدعا علیہ کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ یہ اشتہار بحکم عدالت جاری ہوا۔

Cr../RM

بعدالت جناب محمد ضیاء خاں صاحب سینئر سول جج فیملی ڈویژن قصور

شبنم بی بی بنام محمد شاہد

مقدمہ نمبر 356/FC بابت سال 26-07-28 دعویٰ۔ دلاپانے خرچہ نان نفقہ۔ اشتہار بنام:۔ محمد شاہد ولد خادم حسین، زرینہ بی بی بیوہ خادم حسین سکنائے ریلوے اسٹیشن محلّہ حویلی محل چند قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن / نوٹس طلب کیا گیا۔ مگر مدعا علیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہٰذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 09-09-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب اسد رضا موہل صاحب صاحب تحصیلدار قصور

رضوان علی بنام مسماۃ مجیداں وغیرہ درخواست تقسیم کھاتہ مشترکہ نمبر 236/234 موضع سرہالی خورد۔ اشتہار بنام:۔ مسماۃ مجیداں دختر بودی قوم گوجر، اللہ رکھا ولد بودی قوم گوجر، رانو بی بی زوجہ محمد اکبر، محمد حیات ولد محمد اکبر، محمد عباس ولد محمد اکبر، عذرا بانو دختر محمد اکبر، ریحانہ بی بی دختر محمد اکبر، نصیر احمد ولد بشیر احمد، نبیلہ بی بی دختر محمد اکبر، جمیلہ اختر زوجہ محمد ملوک، عرفان علی ولد سید علی راجپوت کھوکھر سکنائے سرہالی خورد قصور مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 05-09-2026 کو حاضر عدالت آویں۔ بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Bhutta

انتقال وراثت

۔اطلاع عام مطلع کیا جاتا ہے کہ علی اکبر ولد متعلی قوم گوندل ساکن کھائی تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاؤالدین جو کہ مورخہ 25-01-2026 کو قضائے الٰہی سے وفات پا گئے ہیں ان کی زرعی اراضی موضع کھائی تحصیل ملکوال میں ہے ان کے شرعی وارثان میں عنایت حسین ساجد، قلب عباس پسران، امتل حفیظ، عزیز بیگم، بلقیس بی بی دختران زندہ درج ہیں ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر تین یوم متعلقہ دفتر سے رابطہ کرلے بصورت دیگر انتقال وراثت پاس کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..AM

اطلاع عام

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ابرار احمد چیمہ ولد متین احمد چیمہ، محمد امتیاز علی ولد رحمت علی، میسرز ایڈوانس گارڈ انٹرنیشنل واقع نزد فیملی ہسپتال سمبڑیال روڈ آدم کے چیمہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ دونوں پارٹنرز کی رضامندگی سے کاروبار کا ایڈریس تبدیل کیا اور کاروباری شراکت میں بینک اکاؤنٹ کے دونوں اختیارات دیے گئے ہیں اگر کسی کو اعتراض ہو تو رجسٹرار آف فرم رجسٹریشن سیالکوٹ سے رابطہ کرسکتا ہے۔ المشتہر: ابرار احمد چیمہ، محمد امتیاز علی

Cr..Zia

عاق نامہ

میں اپنے پسر فاروق اسلم ولد محمد اسلم قوم شیخ ساکن جبار کالونی تحصیل وضلع ننکانہ صاحب کو بوجہ نافرمانی، گستاخی، غلط چال چلن اور بری حرکات کی وجہ سے اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آئندہ میرا اور میرے خاندان کے دیگر افراد کا اس کے ساتھ کسی بھی قسم کا کوئی تعلق نہ ہوگا اور نہ ہی ہم اس کے قول وفعل اور لین دین کے ذمہ دار ہوں گے۔

المشتہر: محمد اسلم ولد نور محمد ساکن وارڈ نمبر 06 محلّہ رحمانیہ ننکانہ صاحب۔

cr....ch imtiaz ahmed

بعدالت جناب محمد ساجد بلال صاحب سول جج فیملی کورٹ گجرات،

مقدمہ: دعویٰ تنسیخ نکاح، عنوان: غلام سعدیہ، بنام: محمد یٰسین، اشتہار بنام: محمد یٰسین ولد محمد مشتاق ساکن دھاڑیوال ڈاکخانہ بھاگووال تحصیل وضلع گجرات، ہرگاہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 15/09/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری ہوا ہے

Cr..Ghafar

اطلاع عام

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمیان چوہدری محمد اشرف ولد مبارک علی، محمد اصغر بھٹی ولد محمد اشرف بھٹی سکنائے مکان نمبر 10-B گلی نمبر 41 محلّہ منوہر سٹریٹ نکلسن روڈ نولکھا لاہور جو کہ پنجاب سمال انڈسٹریز اسٹیٹ 8 کلومیٹر فیروز پور روڈ قصور میں پلاٹ نمبر 93-B رقبہ تعدادی 1 کنال میں حصہ دار تھے جو کہ قضائے الٰہی سے وفات پا چکے ہیں جس کے شرعی وقانونی وارثان میں ماجدہ اصغر بیوہ، متقی عبدالرحمٰن پسر، سلمٰی اصغر، سعدیہ اصغر بھٹی، عروج زبیر، خیر اصغر بھٹی، سحر دختران محمد اصغر بھٹی، مسماۃ فریدہ فرخ دختر محمد اشرف زوجہ محمد فرخ جاوید بھٹی سکنہ ہاؤس نمبر M/1071 سٹریٹ نمبر 54 محلّہ امروہہ راولپنڈی، راشدہ اکرم دختر محمد اشرف زوجہ محمد اکرم سکنہ ہاؤس نمبر 10/B محرر سٹریٹ 48-Avenue Du Berry Mitry Mory.77290 France ہیں۔ اگر کسی شخص یا ادارے کو اعتراض ہو یا کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم تک محکمہ ہذا یا متعلقہ شخص سے رابطہ کریں بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ المشتہر:۔ اسٹیٹ انچارج پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن اسٹیٹ قصور

Cr..Bhutta

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ملکوال

۔انتقال وراثت۔ اطلاع عام مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد اشرف ولد حاکم علی قوم مہوٹہ سکنہ چک نمبر 7 تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاؤالدین جو کہ مورخہ 26-11-2025 کو رضائے الٰہی سے وفات پا گئے ہیں ان کے شرعی وارثان میں شہناز اختر بیوہ، عاطف محمود اشرف، واثق محمد اشرف پسران، انیسہ عاطف، سحرش اشرف دختران زندہ درج ہیں ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر تین یوم متعلقہ دفتر سے رابطہ کرلے بصورت دیگر انتقال وراثت پاس کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..AM


افتخار احمد چوہان
پہلوانوں کے شہر سے

I ❤ GUJRANWALA

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

این او سی کے بغیر سڑک کھودنے پر پی ٹی سی ایل کا عملہ گرفتار، ایم ڈی واسا سے جواب طلب

ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی الصبح شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور جاری صفائی آپریشن، سیوریج و نکاسی آب کے انتظامات اور ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا، ڈپٹی کمشنر نے شیخوپورہ روڈ کھیالی کے مختلف بازاروں، گلیوں اور ملحقہ علاقوں میں صفائی آپریشن کا معائنہ کیا

سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے اور بغیر اجازت سڑکوں کی کھدائی کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی، ڈپٹی کمشنر نے ریلوے اسٹیشن کے باہر ڈرین نالے کی غائب حفاظتی سلیبز فوری نصب کرنے کے احکامات جاری کیے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی الصبح شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور جاری صفائی آپریشن، سیوریج و نکاسی آب کے انتظامات اور ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے شیخوپورہ روڈ کھیالی کے مختلف بازاروں، گلیوں اور ملحقہ علاقوں میں صفائی آپریشن کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران کو صفائی کے معیار میں مزید بہتری لانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، صفائی کے عمل میں غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے ریلوے ریلوے لائن، گرین ایریاز، اسٹیشن کیداخلی وخارجی راستوں اور اطراف میں صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ریلوے اسٹیشن کے باہر ڈرین نالے کی غائب حفاظتی سلیبز فوری نصب کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے مین شیخوپورہ روڈ دورہ کے دوران سڑک کی بغیر اجازت کھدائی کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ایم ڈی واسا سے جواب طلب کرلیا اور نقصان پہنچنے والے سڑک کھمبے کی فوری مرمت کے احکامات جاری کئے۔ اسی دوران بغیر این او سی سڑک کی کھدائی کر کے کیبل بچھانے پر پی ٹی سی ایل کا عملہ موقع پر گرفتار کرلیا گیا جبکہ ذمہ داران کے خلاف مقدمہ درج کرنے کے احکامات بھی جاری کئے گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے اور بغیر اجازت سڑکوں کی کھدائی کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ فیلڈ میں موجود رہ کر صفائی آپریشن اور ترقیاتی منصوبوں کی کڑی نگرانی کریں، شہریوں کو درپیش مسائل کے فوری ازالے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائیں اور سرکاری وسائل واملاک کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

گوجرانوالہ، صوفی محمد یحییٰ، مفکر فہد علی کاظمی، جہانگیر میر، حکیم ذوالفقار چشتی، صدیق بھٹی چشتی، ڈاکٹر علی نواز، ڈاکٹر حسن گلفام، عمر صدیق، عثمان صدیق بارھویں مولود کبریا ﷺ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

مہکاں ادبی ایوارڈ کی دوسری تقریب کا انعقاد، مصنفین کو ایوارڈز دیئے گئے

مہکاں پنجابی ادبی بورڈ کے زیر اہتمام مہکاں ادبی ایوارڈ 2026 کی دوسری تقریب منعقد ہوئی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) مہکاں پنجابی ادبی بورڈ کے زیر اہتمام مہکاں ادبی ایوارڈ 2026 کی دوسری تقریب منعقد ہوئی۔ جس کی صدارت معروف شاعر پروفیسر ڈاکٹر اظہر اقبال اظہر نے کی جبکہ میڈم نائلہ ریاض مہمان خصوصی تھیں۔ ڈاکٹر حفیظ احمد باجوہ اور ڈاکٹر عامر اقبال صدیقی مہمان اعزاز کے طور پر شریک ہوئے۔ تقریب میں سال 2025 میں شائع ہونے والی بہترین کتب پر ممتاز مصنفین کو ادبی ایوارڈز سے نوازا گیا۔ ایوارڈ حاصل کرنے والوں میں پروفیسر ثروت سہیل (سکھی جوڑا)، (نصرت ظہیر) اردو افسانہ سیالکوٹ میں، (محمد ایوب صابر) سوز مشرق، (عبدالمجید صابری) محبت مسکرانا چاہتی ہے، (شاہین نقوی) میر تقی میر شخصیت اور شاعری، (حبیب اللہ) کارل مارکس معاشی اور فلسفیانہ مسودات، (خالد فتح محمد) خودکشی گھر، (اور احسان فیصل کنجاہی) اوطے بہہ کے (شامل ہیں۔ تقریب میں صدر مہکاں پنجابی ادبی بورڈ ڈاکٹر مشتاق عادل نے معزز مہمانانِ گرامی کو یادگاری شیلڈز پیش کیں۔ خالد فتح محمد کو تمغہ امتیاز ملنے پر خصوصی شیلڈ پیش کی گئی جبکہ معروف ادیب پروفیسر محمد ریاض شاہد کو ان کی گرانقدر ادبی خدمات کے اعتراف میں لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ دیا گیا۔

پولیس مقابلے، سنگین وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان مارے گئے

پانچ زخمی حالت میں گرفتار

ملزمان کے قبضہ سے مال مسروقہ، منشیات، اسلحہ، موٹر سائیکلیں برآمد، سی پی او کا نوٹس، رپورٹ طلب

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 2 ریکارڈ یافتہ ملزمان ہلاک، 5 زخمی حالت میں گرفتار، پولیس ذرائع کے مطابق تھانہ باغبانپورہ پولیس مقابلہ میں دو نامعلوم ساتھیوں کے ہمراہ پولیس ناکہ پر اندھا دھند فائرنگ کے بعد فرار ہوتے ہوئے اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ کی زد میں آکر ہلاک ملزم کی شناخت ناظم عرف ناجی کے نام سے ہوئی، جو منشیات فروشی، ڈکیتی وراہزنی اور چوری کی درجن بھر وارداتوں میں ریکارڈ یافتہ اور معمولی تنازعہ پر شہریوں کو فائر مارنے کے مقدمہ میں مطلوب تھا، جسکیقبضہ سے 1100 گرام چرس اور 520 گرام آئس برآمد کرلی گئی اس کے ساتھی فرار ہوگئے تھانہ لدھے والا وڑائچ پولیس مقابلہ میں ڈکیتی وراہزنی اور چوری کے درجنوں مقدمات میں ریکارڈ یافتہ بین الاضلاعی ڈاکو شاہزیب عرف دانو نامعلوم ساتھیوں کے ہمراہ پولیس ناکہ پر اندھا دھند فائرنگ کے بعد فرار ہوتے ہوئے اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ کی زد میں آکر ہلاک ہوگیا جو گوجرانوالہ، شیخوپورہ پولیس کو بھی سنگین مقدمات میں مطلوب تھا، جس کے قبضہ سے ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا گیا اس کیساتھی فرار ہو گئے۔ تھانہ صدر گوجرانوالہ پولیس مقابلہ میں راہزنی کے متعدد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ملزم عابد علی پولیس ناکہ سے فرار ہوتے ہوئے زخمی حالت میں گرفتار ہوا جس کیقبضہ سے ناجائز اسلحہ اور چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد ہوئی۔ تھانہ فیروزوالہ کی کارروائی میں ریکارڈ یافتہ اور راہزنی کے مقدمہ میں نامزد ومطلوب ملزم شجاع پولیس ناکہ سے فرار ہونے کی کوشش میں زخمی حالت میں گرفتار ہوا جس کے قبضہ سے ناجائز اسلحہ اور نقدی 29 ہزار روپے برآمد ہوئی ہمراہی ملزم فرار ہوگیا۔ تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن مقابلہ میں منشیات فروشی میں ملوث ومطلوب منشیات فروش سلمان عرف نکو جٹ دوران پولیس ریڈ فرار ہونے کی کوشش میں زخمی حالت میں گرفتار ہوا جس کے قبضہ سے 3 کلو سے زائد چرس اور کار برآمد ہوئی۔ تھانہ سبزی منڈی پولیس کارروائی میں راہزنی اور چوری کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ومطلوب ملزمان ارتضی اور متین پولیس ناکہ سے فرار ہوتے ہوئے زخمی حالت میں گرفتار ہوئے جن کے قبضہ سے ناجائز اسلحہ اور دوران واردات چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کرلی گئی۔ سی پی او ڈاکٹر سردار غیاث گل خان کی ہدایت پر فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے ایس ڈی پی اوز کی زیر نگرانی خصوصی پولیس ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں۔

نویں جماعت کے امتحانات میں طالبہ عروش فاطمہ کی شاندار کامیابی، علاقہ میں واضح برتری

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) دار ارقم سکول ایمن آباد کی ہونہار طالبہ عروش فاطمہ نے نویں جماعت کے سالانہ امتحانات میں 517 نمبر حاصل کر کے نمایاں کامیابی اور سکول میں واضح برتری حاصل کرلی۔ عروش فاطمہ کی شاندار تعلیمی کارکردگی پر اساتذہ، والدین، عزیز واقارب اور اہلِ علاقہ نے انہیں دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناں کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اس کامیابی کو طالبہ کی محنت، لگن، اساتذہ کی بہترین رہنمائی اور والدین کی بھرپور حوصلہ افزائی کا نتیجہ قرار دیا۔ اس موقع پر عروش فاطمہ نے کہا کہ وہ اپنی کامیابی پر اللہ تعالیٰ کی شکرگزار ہیں اور مستقبل میں بھی مزید محنت کر کے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے اور ملک وقوم کی خدمت کرنے کی خواہش رکھتی ہیں۔

عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد ڈائریکٹر تعلقات عامہ منور حسین کی وطن واپسی، پرتپاک استقبال

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر تعلقات عامہ ڈویژن منور حسین عمرہ کی ادائیگی کے بعد وطن واپس پہنچ گئے، جہاں عزیز واقارب، دوست احباب، صحافتی و سماجی شخصیات اور محکمہ تعلقات عامہ کے افسران واہلکاروں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈائریکٹر تعلقات عامہ گوجرانوالہ ڈویژن منور حسین نے کہا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بے حد شکرگزار ہیں جس نے انہیں اپنی فیملی کے ہمراہ ماہِ ربیع الاول میں عمرہ کی باادب سعادت حاصل کرنے کا شرف عطا فرمایا۔

☆☆☆☆☆☆☆

یلو لائن منصوبہ
عوامی مشکلات کم سے کم رکھنے کی ہدایت

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ماس ٹرانزٹ میٹروبس یلو لائن منصوبے کے تحت گوجرانوالہ میں 2.4 کلومیٹر طویل ٹنل کی تعمیر کے حوالے سے خصوصی اجلاس ہوا، جس کی صدارت سابق چیف سیکرٹری پنجاب و پراجیکٹ ڈائریکٹر پی آر ٹی گوجرانوالہ کیپٹن (ر) زاہد سعید اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کی

اجلاس میں ٹنل کی تعمیر کے دوران شہریوں کو آمدورفت میں ممکنہ مشکلات سے بچانے، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے، کاروباری سرگرمیوں کے تسلسل، محکمانہ سروسز کی بروقت منتقلی اور تعمیراتی کام کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ماس ٹرانزٹ میٹروبس یلو لائن منصوبے کے تحت گوجرانوالہ میں 2.4 کلومیٹر طویل ٹنل کی تعمیر کے حوالے سے خصوصی اجلاس ہوا، جس کی صدارت سابق چیف سیکرٹری پنجاب و پراجیکٹ ڈائریکٹر پی آر ٹی گوجرانوالہ کیپٹن (ر) زاہد سعید اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کی۔ اجلاس میں ٹنل کی تعمیر کے دوران شہریوں کو آمدورفت میں ممکنہ مشکلات سے بچانے، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے، کاروباری سرگرمیوں کے تسلسل، محکمانہ سروسز کی بروقت منتقلی اور تعمیراتی کام کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ٹنل کی تعمیر کا باقاعدہ آغاز 10 ستمبر سے کیا جائیگا اور تعمیراتی سرگرمیاں مرحلہ وار، جامع منصوبہ بندی اور متعلقہ محکموں کے باہمی رابطے کے ساتھ آگے بڑھائی جائیں گی تاکہ شہری متاثر نہ ہوں۔ تعمیراتی کام شروع ہونے سے قبل سائٹ پر حفاظتی انتظامات، ٹریفک سائن بورڈز، متبادل راستوں کی نشاندہی اور ٹریفک مینجمنٹ کیلئے ضروری اقدامات مکمل کیے جائیں گے۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ شہریوں کو متبادل راستوں اور ٹریفک کے نئے انتظامات سے بروقت آگاہ کرنے کیلئے فرضی مشقیں بھی کی جائیں گی، تاکہ ون وے اور ٹو وے ٹریفک والے راستوں کے حوالے سے شہریوں اور متعلقہ عملے کو مکمل آگاہی حاصل ہو اور تعمیراتی مرحلے کے دوران ٹریفک کا نظام متاثر نہ ہو۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ٹریفک کو متبادل راستوں پر منتقل کرنے سے قبل ان سڑکوں کی ضروری مرمت اور بہتری کا کام مکمل کیا جائیگا، تاکہ شہریوں کو محفوظ اور ہموار آمدورفت کی سہولت میسر رہے۔ متعلقہ افسران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ تعمیراتی کام کے باعث شہریوں اور کاروباری طبقے کو عارضی طور پر پیش آنے والی مشکلات کو کم سے کم رکھنے کیلئے مربوط اور محکمانہ کوارڈینیشن کے ساتھ اقدامات کیے جائیں گے۔ شرکا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ منصوبے کی بروقت تکمیل کیلئے ٹنل پر 24 گھنٹے کام کیا جائے گا جبکہ روزانہ اوسطاً 20 سے 25 میٹر ٹنل کی تعمیر کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس مقصد کیلئے درکار بھاری مشینری اور تعمیراتی میٹریل کی سائٹ پر منتقلی کا عمل بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ افسران نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ نیسپاک اور ہائی ویز حکام کی جانب سے بی آر ٹی لائن کے دونوں اطراف ڈرینز کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ منصوبے کے تحت تمام انڈر پاسز کیلئے الگ الگ ڈسپوزل اسٹیشنز تعمیر کیے جائیں گے، جبکہ بارش اور نکاسی آب کے بہتر انتظام کیلئے 3 زیر زمین واٹر اسٹوریج ٹینکس بھی تعمیر کیے جائیں گے۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ میٹروبس منصوبہ کے شہریوں کیلئے ایک اہم ترقیاتی منصوبہ اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا گوجرانوالہ کے شہریوں کیلئے جدید سفری سہولت کا تحفہ ہے جس کی تعمیر کے دوران شہریوں کی سہولت، ٹریفک کی روانی، کاروباری سرگرمیوں اور بنیادی شہری خدمات کے تسلسل کو ہر ممکن طور پر برقرار رکھا جائے گا۔ تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت کام کرتے ہوئے تعمیراتی مراحل کو موثر انداز میں مکمل کریں گے۔

☆☆☆☆☆

ورلڈ لٹریسی ڈے، مخصوص سکولوں میں مختلف سرگرمیوں کا اہتمام

لٹریسی مراکز کے احاطوں میں مختلف پھلدار اور سایہ دار پودے لگائے گئے، اساتذہ، بچوں اور کمیونٹی ممبرز نے حصہ لیا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) انٹرنیشنل لٹریسی ڈے یعنی عالمی یوم خواندگی کے سلسلہ میں ضلع گوجرانوالہ میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لٹریسی میڈم فوزیہ زریں کی خصوصی ہدایت اور زیرنگرانی لٹریسی اسکولوں میں مختلف نوعیت کی فکری، تخلیقی اور ماحول دوست سرگرمیاں بھرپور انداز میں منعقد کی جارہی ہیں۔ ان تقاریب میں نہ صرف طلبہ اور اساتذہ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا بلکہ مقامی کمیونٹی کے معزز اراکین نے بھی شرکت کر کے تعلیم کے فروغ کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ اسکولوں میں طلبہ کے مابین تقریری مقابلوں کا انعقاد کیا گیا جس میں ننھے مقررین نے تعلیم کی اہمیت پر دلائل سے بھرپور خطابات کیے۔ عالمی یوم خواندگی کو قدرتی ماحول کی حفاظت سے جوڑتے ہوئے سرسبز پاکستان اور کلین اینڈ گرین پاکستان کے عنوان سے ضلع بھر کے لٹریسی اسکولوں میں خصوصی شجرکاری مہم چلائی گئی اسکولوں کے احاطوں میں مختلف پھلدار اور سایہ دار پودے لگائے گئے۔ اس مہم میں اساتذہ، بچوں اور کمیونٹی ممبرز نے حصہ لیا اور ان کی دیکھ بھال کا عہد کیا۔

از دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

عنوان۔ اخبار اشتہار برائے لیٹ اندراج پیدائش ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد فیاض ولد عبدالغنی ذات عباسی سکنہ محلّہ نئی آبادی ڈونگہ بونگہ تحصیل و ضلع بہاولنگر نے اپنے بچوں کی تاریخ پیدائش کے لیٹ اندراج پیدائش کروانے کے لئے درخواست دفتر میونسپل کمیٹی ڈونگہ بونگہ تحصیل و ضلع بہاولنگر میں گزاری ہے علیزہ فاطمہ کی تاریخ پیدائش مورخہ 28-09-2020 / ریحان علی کی تاریخ پیدائش 26-11-2024 / محمد فیضان علی کی تاریخ پیدائش 15-11-20216 عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص یا کسی سرکاری یا نیم سرکاری ادرے کو اس تاریخ پیدائش پر کسی قسم کا کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ اس اشتہار کی اشاعت کے دس یوم کے اندر اپنا تحریری عذر و اعتراض دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر یا دفتر میونسپل کمیٹی ڈونگہ بونگہ حاضر آ کر جمع کروائے۔ بعد از میعاد اخبار اشتہار لیٹ اندراج پیدائش سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

المشتہر۔ رجسٹرار / اہلکار پیدائش، موت، نکاح، طلاق، رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی ڈونگہ بونگہ تحصیل و ضلع بہاولنگر

(مہر عدالت) (دستخط آفیسر مجاز)

Cr..Donga

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

بروئے انتقال نمبر 417 وراثت موضع وزیر پور، تحصیل ڈسکہ کے تحت متوفی مسمی محمد صادق ولد سردار خاں ساکن ڈوڈانوالی خورد، تحصیل وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ کا مورخہ 20-01-2012 کو فوت ہونا درج ہوا ہے جس کے شرعی وارثان کے نام وراثت کا انتقال ابھی تک درج نہ ہوا ہے اور اس کے قانونی و شرعی وارثان میں نذیراں بی بی بیوہ، محمد ناصر، محمد اسلم، قیصر محمود پسران، شمیم اختر دختر زندہ بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو یا کسی کو علم ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کر دیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر و دستخط سے جاری ہوا۔

Cr..Zia

عاق نامہ

میں منیر احمد ولد غلام حیدر اپنے حقیقی پسر عمر فاروق ولد منیر احمد کو بوجہ نافرمانی، گستاخی، بے ادبی کی وجہ سے اپنی تمام منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آئندہ میرا اور میری فیملی کا اس سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہے اور نہ میں اس کے کسی قسم کے قول و فعل کا ذمہ دار ہوں لہذ اعوام الناس، تمام سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

المشتہر: منیر احمد ولد غلام حیدر ڈاک خانہ خاص چک نمبر 57 ج ب کھیالہ کلاں تحصیل فیصل آباد صدر ضلع فیصل آباد

Cr..FSD

میں فائر فائٹنگ سسٹم کو ہر صورت فعال اور مکمل طور پر قابل استعمال رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں فائر فائٹنگ سسٹم موجود نہیں وہاں فوری طور پر نیا نظام نصب کیا جائے، جبکہ موجودہ نظام کی باقاعدگی سے جانچ اور ضروری مرمت کو یقینی بنایا جائے تاکہ کسی بھی حادثاتی صورتحال میں بروقت اور مؤثر کارروائی کی جاسکے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ہسپتالوں میں فائر سیفٹی کے حوالے سے تمام ضروری انتظامات مکمل رکھے جائیں اور عملے کو ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ضروری تربیت بھی فراہم کی جائے۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنرز نے اپنے اپنے اضلاع کے ہسپتالوں میں فائر فائٹنگ سسٹم کی موجودہ صورتحال، دستیاب سہولیات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ریسکیو افسران نے ہسپتالوں میں فائر فائٹنگ سسٹم، فائر سیفٹی انتظامات اور ہنگامی صورتحال میں ریسپانس کے طریقہ کار کے بارے میں بریفنگ دی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ فائر سیفٹی کے انتظامات میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام ہسپتالوں میں فائر فائٹنگ سسٹم کی مؤثر فعالیت کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات فوری مکمل کیے جائیں۔

بعدالت جناب ایڈمنسٹریٹر ثالثی و مصالحتی کونسل یونین کونسل نمبر 3 کوٹ کمبوہ شاہدرہ لاہور

مقدمہ طلاق زیریں دفعہ 8 مسلم عالی قوانین مجریہ 1961

فریق اوّل: مسماۃ صدف شہزاد دختر شہزاد احمد سکنہ محلّہ بوٹا پارک لاچپت روڈ شاہدرہ لاہور

فریق دوئم: مسمی عثمان حسین ولد محمد حسین ساکن مہاجر کالونی مکان نمبر 1390/B گلی نمبر 5 شہر بہاولپور

فریق دوئم کو مقدمہ بالا میں مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ اس سے پیشتر بھی متعدد بار نوٹس حاضری دستی بذریعہ ڈاک جاری ہوئے آپ باوجود تعمیل کے عدم حاضر ہوئے لہٰذا اشتہار اخبار آپ کو آخری بار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 10-09-2026 کو عدالت میں بمعہ ثالث ہوکر اپنا موقف واضح کریں ورنہ حسب ضابطہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: طاہرہ بنام انس مشتاق

اشتہار بنام: انس مشتاق ولد مشتاق احمد ساکن نوری قاسم ڈاکخانہ موڑ کھنڈ تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 16-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب محمد اشفاق جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالہ

درخواست سرٹیفکیٹ گارڈین، بعنوان: نیامت علی بنام عوام الناس وغیرہ

نیامت علی ولد محمد نذیر ساکن گلی نمبر 4 محلّہ کمہار پورہ مرید کے ضلع شیخوپورہ بنام عوام الناس۔ ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقرر 03-09-2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Fw

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر
لینڈ ریکارڈ / ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل
دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت: عزیز بیگم (متوفیہ) بیوہ عبداللطیف ساکن لدھیوال تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ عزیز بیگم (متوفیہ) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکی ہے۔ جس کے وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ عبداللطیف (فوت شد)، حفیظ احمد (بعد میں فوت شد)، رفیق احمد پسر، نصرت پروین، کوثر پروین دختران عزیز بیگم ساکنان لدھیوال تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت عزیز بیگم (متوفیہ) کے وارثان کی بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ اندریں 7 یوم بمعہ ثبوت زیر دستخطی کے روبرو حاضر آوے بصورت دیگر انتقال عزیز بیگم (متوفیہ) منظور کرلیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ آج مہر عدالت و دستخط ہمارے جاری ہوا۔

Cr..Imam Din

بعدالت جناب سید قمر عباس صاحب
سول جج جہلم

درخواست زیر دفعہ 25 گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ عنوان مقدمہ محمد طیب بنام ام مریم وغیرہ اخبار اشتہار بنام ام مریم دختر امجد حسین، محمد عبداللہ ولد محمد طیب (نابالغ برفاقت حقیقی والدہ) ساکنائے رتیال ڈاکخانہ دینہ تحصیل دینہ ضلع جہلم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 05-09-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بقیہ سحر 15

حاضری لگانے کے بعد اپنی ڈیوٹی پر مکمل وقت نہیں دیتے، بلکہ حاضری کے مقررہ وقت پر دوبارہ پوائنٹ پر پہنچ جاتے ہیں۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ حاضری پوائنٹ کی تبدیلی کا فوری نوٹس لے کر معاملے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور یونین کونسل 109 کھرل کلاں کے ورکرز کا حاضری پوائنٹ واپس یونین کونسل کی حدود میں قائم کیا جائے، تاکہ ورکرز بروقت اپنی ڈیوٹی پر پہنچ سکیں اور علاقے میں صفائی کا نظام مؤثر انداز میں بحال رہے۔

بقیہ سحر 16

پر بار بار حملہ کرکے ان پر تشدد کررہے ہیں لیکن تھانہ صدر چیچہ وطنی پولیس مکمل طور پر مخالفین کے ساتھ ساز باز ہے۔ جبکہ تلہ گنگ سے محسن قیوم شیخ اڈیالہ جیل میں 7 دن رہنے کے بعد عدالت سے انصاف کے منتظر ہیں انصاف کی سست روی کی وجہ سے صحافی بے گناہ جیل کاٹنے پر اور عدالتوں اور متعلقہ اداروں کے چکر لگانے پر مجبور ہیں۔ علاقائی صحافیوں کے ساتھ پیش آنے والی موجودہ صورت حال پر ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ بار بار متعلقہ اداروں کو تحریری طور پر جھوٹے مقدمات کے اندراج کی اطلاع اور صحافیوں کے مقدمات میں اعلیٰ سطح پر انکوائری کا مطالبہ کیا ہے لیکن انصاف نہ مل سکا ہے۔ حکومت پنجاب کی طرف سے علاقائی صحافیوں کو نظرانداز کرنا سمجھ سے بالا تر ہے جس پر ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان نے ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان اور چیف جسٹس پاکستان سے گرفتار اور جھوٹے مقدمات میں انصاف کے منتظر صحافیوں کو فوری انصاف دلانے کا مطالبہ کیا ہے

بعدالت جناب خرم سہیل محمود صاحب سول جج تحصیل شاہکوٹ ضلع ننکانہ صاحب

دعویٰ تنسیخ نکاح

عنوان: ثریا بی بی بنام شہباز علی

اشتہار بنام: شہباز علی ولد رمضان قوم راجپوت سکنہ چکنمبر 72 این پی سٹریٹ نمبر 3 محلّہ کچی آبادی رحیم یار خان ضلع رحیم یار خان

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ تعمیل سے دیدہ دانستہ گریزاں ہے اور اس کی تعمیل آسان طریقہ سے مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار ہذا مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقررہ 10.09.2026 کو بوقت صبح 8 بجے عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

آج بدستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

بعدالت جناب محمد اشفاق جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالہ

درخواست سرٹیفکیٹ گارڈین، بعنوان: محمد ایوب بنام عوام الناس وغیرہ

محمد ایوب ولد ولی محمد ساکن A بلاک سپریم سٹی مرید کے ضلع شیخوپورہ بنام عوام الناس۔ ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقرر 07-09-2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Fw

بعدالت جناب مہر بشیر احمد صاحب سول جج فیملی جج شرقپور شریف

دعویٰ: دلاپانے خرچہ نان و نفقہ وغیرہ، بعنوان: زونیرہ سردار وغیرہ بنام اطہر رحمان خان

اشتہار بنام: اطہر رحمان خان ولد محمد اقبال خان ساکن گلی نمبر 5 مکان نمبر 5 محلّہ منظور آباد تحصیل ٹیکسلا ضلع راولپنڈی بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 03-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

بعنوان: مسماۃ فائزہ بنام شاہد ندیم

اشتہار بنام: شاہد ندیم ولد منیر احمد سکنہ ملت روڈ گلی نمبر 7 محلّہ بلال نگر تحصیل و ضلع فیصل آباد بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 05-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب عمر فاروق صاحب
فیملی جج دیپالپور

دعویٰ دلاپانے سامان جہیز

عنوان: خالدہ بی بی بنام لال خاں

بنام لال خاں ولد محمد رفیق قوم شیخ ساکن کندر کے تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 04-09-2026 بوقت 8:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..G. Rasoo

بعدالت جناب امتیاز احمد نور صاحب
سینئر سول جج جہلم

دعویٰ تنسیخ نکاح وغیرہ عنوان مقدمہ کشور شاہین بنام مظفر علی شاہ اخبار اشتہار بنام مظفر علی شاہ ولد صابر علی ساکن مکان نمبر 19/105 , 19 گلی نمبر 28 بلاک 3 محلّہ ہزارہ ٹاؤن بروری روڈ کوئٹہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 09-09-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بقیہ سحر 17

میں کرشنگ سیزن کے دوران شوگر ملز کی جانب گنے کی خریداری اور نقل و حمل میں اضافے کے پیشِ نظر ٹریکٹر ٹرالیوں پر گنجائش سے زائد گنا لوڈ کرنے کے رجحان، ٹریفک کی روانی میں ممکنہ رکاوٹوں اور حادثات کے خدشات کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ سحر 18

نے درخواستیں جمع کروائیں، جن میں سے 87,092 امیدوار امتحان میں شریک ہوئے۔ مجموعی طور پر 37,803 امیدوار کامیاب قرار پائے، جبکہ کامیابی کا مجموعی تناسب 43.41 فیصد رہا سائنس گروپ میں کامیابی کی شرح 49.40 فیصد رہی طالبات نے 50.73 فیصد جبکہ طلبہ 35.42 فیصد کامیابی حاصل کی۔ ضلع وار نتائج کے مطابق ساہیوال میں کامیابی کا تناسب 44.01 فیصد، اوکاڑہ میں 43.63 فیصد جبکہ پاکپتن میں 42.10 فیصد رہا نتائج کے اعلان کی تقریب میں سیکرٹری بورڈ غلام حسین بھٹی، کنٹرولر امتحانات نوید عظمت، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد طارق اسماعیل اور دیگر بورڈ افسران بھی موجود تھے ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے کامیاب امیدواروں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ طلبہ کی کامیابی میں اساتذہ اور والدین کی محنت اور رہنمائی قابل تحسین ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ اپنی تعلیم اور محنت کا سلسلہ مزید آگے بڑھائیں تاکہ مستقبل میں ملک و قوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔ بورڈ حکام کے مطابق تفصیلی نتیجہ اور مارک شیٹس بورڈ کی سرکاری ویب سائٹ www.bisesahiwal.edu.pk پر دستیاب ہیں۔

بقیہ سحر 19

ڈائریکٹر انویسٹی گیشن محمد آصف نور کی سربراہی میں اینٹی کرپشن ٹیم نے کارروائی کی ٹیم میں رضوان یوسف اور دیگر اہلکار بھی شامل تھے۔ اینٹی کرپشن حکام کا کہنا ہے کہ بروقت کارروائی کے نتیجے میں ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے اور اس کے خلاف مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے حکام کے مطابق کرپشن اور رشوت ستانی کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔

بعدالت جناب ایڈمنسٹریٹر و چیئرمین ثالثی کونسل یونین کونسل نمبر 67 ساہوکے

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا کو مطلع کیا جاتا ہے کہ فریق دوئم مریم بی بی دختر اللہ رکھا ساکن ساہوکی تحصیل کامونکے ضلع گوجرانوالہ یونین کونسل میں طلاق موثر سرٹیفکیٹ کی درخواست دائر کی ہے جس کی کاروائی کے لیے فریق اول وسیم اصغر ساکن سیالکوٹ روڈ محلّہ بھکو پور گوجرانوالہ کو نوٹس جاری کیے گئے جس پر فریق دوئم حاضر ہوتا رہا لیکن فریق اول حاضر نہ ہوا ہے لہٰذا فریق اول کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ فریق دوئم دفتر یونین کونسل میں مورخہ 2026/09/09 کو حاضر ہو ورنہ یکطرفہ کاروائی عمل لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Nadeem

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح دلاپانے خرچہ نان و نفقہ، بعنوان: لائبہ انور وغیرہ بنام خضر حیات

اشتہار بنام: خضر حیات دختر شوکت علی سکنہ گلی نمبر 13 محلّہ کالونی چاند پور کینٹ لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 16-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب محمد اشفاق جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالہ

درخواست زیر دفعہ 25 گارڈین، بعنوان: واحد علی بنام عوام الناس وغیرہ

واحد علی ولد محمد رشید ساکن میاں کالونی تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام عوام الناس۔ ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقرر 07-09-2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Fw

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: دلاپانے خرچہ نان و نفقہ، بعنوان: شگفتہ نذیر بنام امتیاز منیر

اشتہار بنام: امتیاز منیر ولد منیر احمد سکنہ شامکی تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 07-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب نوید انجم صاحب سول جج فیروزوالہ

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی، بعنوان: رافع کوثر بنام عوام الناس وغیرہ

رافع کوثر دختر ذوالفقار علی ساکن کوٹ عبدالمالک تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست برائے جانشینی نسبت ترکہ بابت متوفی عدالت ہذا میں گذاری ہے کہ عوام الناس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست ہذا جانشینی بحق سائل / سائلہ بالا جاری کرنے میں کوئی اعتراض ہو تو تاریخ 16-09-2026 کو اصالتاً وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب محمد آصف گل
صاحب جج فیملی کورٹ تحصیل پنڈ
دادنخان ضلع جہلم

دعویٰ تنسیخ نکاح و دلاپانے خرچہ عدت عنوان مقدمہ اسماء بتول بنام رضوان طارق اخبار اشتہار بنام رضوان طارق ولد طارق محمود، ساکن محلّہ حافظ قاری پنڈ دادنخان، تحصیل پنڈ دادنخان، ضلع جہلم (مدعاعلیہ)۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا مدعیہ نے عدالت حضور میں دائر کر رکھا ہے جس میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 15-09-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کرے ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بقیہ سحر 20

غلہ منڈی عارف والہ چوہدری محمد طارق، سید طاہر حسین ہمدانی عابدی زیدی سیکرٹری انفارمیشن سٹی پریس کلب رجسٹرڈ عارف والہ، سید توقیر شاہ صاحب سیکرٹری حمزہ شہباز شریف صاحب نے شرکت کی اور پرانی سکول کالج دور کی یادیں تازہ کیں،

بقیہ سحر 21

نے شرکت کی ہر آنکھ اشکبار تھی سیاسی اور سماجی کمیونٹی اور شہریوں نے ملک ولی محمد پھلروان کی وفات پہ انکے لواحقین سے گہرے دکھ کا اظہار کیا اور انکے مغفرت اور درجات کی بلندی کیلیے دعائیں کی گی

بقیہ سحر 22

اور ذمہ دار عناصر سمیت غفلت یا مبینہ ملی بھگت کے مرتکب افسران و اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ سحر 23

پنجاب کے دیگر شہروں میں 20 کلو آٹے کا تھیلا نایاب ہونے کی اطلاعات ہیں۔ دوسری جانب 15 کلو آٹے کا تھیلا 2 ہزار 125 روپے میں فروخت کیا جا رہا ہے۔ 14 روپے کی سادہ روٹی 20 سے 25 روپے میں فروخت کی جارہی ہے، جبکہ نان 30 سے 35 روپے میں فروخت ہونے لگا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گندم، آٹے، روٹی اور نان کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث ان کے لیے روزمرہ اخراجات پورے کرنا مشکل ہو رہے ہیں۔

بقیہ سحر 24

وطالبات نے شرکت کی جن میں سے 100,708 امیدواران کامیاب ہوئے اور کامیابی کا مجموعی تناسب 51.21 فیصد رہا۔ امتحان کے شفاف اور منظم انعقاد کے لئے مجموعی طور پر 548 امتحانی مراکز قائم کئے گئے تھے۔ نتائج آن لائن کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین بورڈ پروفیسر ڈاکٹر رانا بنیامین نے کہا کہ نتائج کی تیاری انتہائی احتیاط، محنت اور بھرپور توجہ کے ساتھ کی گئی ہے۔ طلباء کے مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے نتائج کی تیاری کے تمام مراحل میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا گیا۔

بقیہ سحر 25

ہیں جو بچوں کو صحت مند اور مثبت تفریح کے مواقع فراہم کریں گی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ بچوں کے لئے صحت مند تفریحی سرگرمیوں کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: زاہدہ بی بی بنام محمد اسلم

اشتہار بنام: محمد اسلم ولد حاکم علی ساکن محلّہ مائی پورہ کوٹ پنڈی داس تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 17-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: نمرہ ظفر بنام سہیل انور

اشتہار بنام: سہیل انور ولد محمد انور ساکن سجاد سٹریٹ فلیٹ نمبر 173 محلّہ محمود کالونی امامیہ کالونی فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 16-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: نازیہ کوثر بنام محمد سرور

اشتہار بنام: محمد سرور ولد امانت علی سکنہ محلّہ رحمانیہ تحصیل مرید کے ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 16-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..Fw

عاق نامہ

میں اپنے حقیقی بیٹے عمر فاروق ولد مراد علی کو بوجہ نافرمانی گستاخی اپنی منقولہ غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آج کے بعد ان کے کسی بھی قول و فعل اور لین دین کا ذمہ دار نہ ہوں گا سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔ المشتہر: مراد علی شناختی کارڈ 35202.238613.5 موبائل نمبر 0309.9750671

Cr..Fw

بعدالت جناب نوشابہ مشتاق صاحبہ
جج فیملی کورٹ لاہور،

دعویٰ: تنسیخ نکاح وغیرہ

عنوان: مسماۃ عبیرہ بنام محمد حنظلہ شہزاد

اخبار اشتہار بنام محمد حنظلہ شہزاد ولد محمد شہزاد طیب سکنہ مکان نمبر 7 گلی نمبر 3 ابراہیم روڈ بلال گنج لاہور

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 08-9-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

Cr..Anwar

بعدالت جناب وقاص مرتضیٰ
صاحب سول جج تحصیل سوہاوہ ضلع
جہلم

درخواست جانشینی عنوان مقدمہ محمد ذیشان بنام عوام الناس وغیرہ اخبار اشتہار منجانب محمد ذیشان ولد محمد شکیل ساکن و ڈاکخانہ ہتھیہ دھمیال تحصیل سوہاوہ ضلع جہلم بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس / مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 11-09-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بقیہ سحر 26

کروائی کہ کوئی بھی دوکان دار اگر قانون کو فالو نہی کرے گا تو اس کو جرمانہ ادا کرنا پڑے گا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر عارفوالا کے لیے چھوٹے چھوٹے دوکان داروں نے دعائیں بھی دی۔

بقیہ سحر 27

نے خوبصورت انداز میں نعتِ رسول مقبول ﷺ پیش کی ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق اور اسسٹنٹ کمشنر نے نعتیہ مقابلے میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ و طالبات میں اعزازی شیلڈز تقسیم کیں محفل کے اختتام پر شرکاء اور حاضرین کے لیے لنگر کا بھی اہتمام کیا گیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال نے کہا کہ حضور نبی کریم ﷺ کی سیرتِ طیبہ ہمارے لیے بہترین نمونہ اور رہنمائی کا سرچشمہ ہے ہمیں آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے امن محبت بھائی چارے اور اخوت کو فروغ دینا چاہیے۔

بقیہ سحر 28

کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال آنے والے شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہیں ہونا چاہیے اور سٹاف کی حاضری و کارکردگی کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے۔

بقیہ سحر 29

ڈپٹی کمشنر نے واٹر کولرز اور طلبہ کے لیے پینے کے پانی کی سہولت کا بھی جائزہ لیا۔

بقیہ سحر 30

مسیحی، ہیرا لال، پادری العصر، پادری دانش، ذبیر سیال و دیگر ممبران نے شرکت کی۔

بقیہ سحر 31

کا وعدہ کیا جسے آج پورا کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا یہ وہ انویسٹمنٹ ہے جو نسلوں تک محیط ہے، اب ہسپتال انتظامیہ پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ مشینوں کو بروئے کار لاکر مریضوں کے تیز رفتار علاج معالجہ میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں۔

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح، بعنوان: نصرت بی بی بنام ساغر علی

اشتہار بنام: ساغر علی ولد محمد ارشد علی ساکن مکان نمبر P-433 گلی نمبر 2 محلّہ سمن آباد فیصل آباد بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 17-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح و دلاپانے خرچہ نان و نفقہ، بعنوان: ارمان بلاول وغیرہ بنام محمد بلاول

اشتہار بنام: محمد بلاول ولد محمد جاوید ساکن مکان نمبر 99 گلی نمبر 1 محلّہ پیر مکی راوی روڈ لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 16-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح، بعنوان: سعدیہ بی بی بنام محمد احمد

اشتہار بنام: محمد احمد ولد محمد افضل ساکن شیخوپورہ روڈ مکان نمبر 65T-5 بخاری کالونی گوجرانوالہ تحصیل و ضلع گوجرانوالہ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 16-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: اقراء ارشد بنام مجاہد علی

اشتہار بنام: مجاہد علی ولد محمد شریف ساکن نواں پنڈ سنگرائے ڈاکخانہ مورانوالہ تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 15-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب آمنہ آصف بٹ
صاحبہ جج گارڈین کورٹ لاہور،

گارڈین پٹیشن

عنوان: شہروز گل بنام اقراء امان

اخبار اشتہار بنام اقراء امان دختر امان اللہ سکنہ مکان نمبر 15 گلی نمبر 1 بسم اللہ پارک داروغہ والا لاہور

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 03-9-2026 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

Cr..Anwar

بعدالت جناب وقاص مرتضیٰ
صاحب سول جج تحصیل سوہاوہ ضلع
جہلم

درخواست جانشینی عنوان مقدمہ عنبرین اختر بنام عوام الناس وغیرہ اخبار اشتہار منجانب عنبرین اختر بیوہ محمد افضال ساکن محلّہ جامع مسجد ڈاکخانہ تحصیل سوہاوہ ضلع جہلم بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس / مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 11-09-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بقیہ سحر 32

مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" برائے خواتین میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ محفل میں خواتین کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور بارگاہِ رسالت مآب میں عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کیے۔

بقیہ سحر 33

بلاامتیاز جاری رہے گا، قانون اور محکمانہ نظم و ضبط کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ پولیس افسران و اہلکار اپنے فرائض ایمانداری، دیانت داری اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کے ساتھ سرانجام دیں، بصورت دیگر سخت محکمانہ کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ سحر 34

موثر کارروائیاں 319 اشتہاری ملزمان کو گرفتار کیا گیا، ترجمان اوکاڑہ پولیس سنگین جرائم میں ملوث اے کیٹیگری کے 43 جبکہ بی کیٹیگری کے 276 اشتہاری مجرمان گرفتار، ترجمان اوکاڑہ پولیس 25 عدالتی مفروران جبکہ 40 ٹارگیٹڈ آفینڈرز گرفتار شہر میں ایس او ایس ناکے، سرچ و کومبنگ آپریشنز اور کرائم پاکٹس پر موثر گشت کو یقینی بنایا گیا، ڈی پی او جرائم کے خاتمے کیلیے انٹیلیجنس آپریشنز اور کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جائے گی شہریوں کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا، ڈی پی او

بقیہ سحر 35

کرتے ہوئے گرفتار، نشان زدہ نوٹ بھی برآمد تفصیلات کے مطابق اینٹی کرپشن حکام نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے جبکہ مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ سحر 36

تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مؤثر کردار ادا کریں گے۔

بقیہ سحر 37

نے خوبصورت انداز میں نعتِ رسول مقبول ﷺ پیش کی ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق اور اسسٹنٹ کمشنر نے نعتیہ مقابلے میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ و طالبات میں اعزازی شیلڈز تقسیم کیں۔

بقیہ سحر 38

حلقوں کا کہنا ہے کہ کسی بھی محکمانہ کارروائی کی خبر عوام تک پہنچانا صحافت کا حصہ ہے، تاہم خبر کی اشاعت میں تمام فریقین کا مؤقف شامل کرنا اور قانونی تقاضوں کو ملحوظِ خاطر رکھنا ضروری ہے۔ معاملے پر مزید پیش رفت فریقین کے جواب اور متعلقہ حکام کے مؤقف کے بعد سامنے آسکے گی۔

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: دلاپانے خرچہ نان و نفقہ، بعنوان: سنبل بابر وغیرہ بنام محمد بابر علی وغیرہ

اشتہار بنام: محمد بابر علی، محمد شاکر پسران یعقوب خاں ساکنان گلی نمبر 3 محلّہ بوٹا پارک وٹڈالہ روڈ شاہدرہ لاہور بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 17-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب محمد اشفاق جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالہ

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین، بعنوان: فریدہ شریف بنام عوام الناس وغیرہ

فریدہ شریف بیوہ محمد خلیل قوم کمبوہ ساکن کوٹ پنڈی داس تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقرر 05-09-2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Fw

بعدالت جناب محمد اشفاق جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالہ

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین، بعنوان: ثانیہ اقبال بنام عوام الناس وغیرہ

اشتہار بنام: محمد انور ولد عبدالعزیز، صفیہ بی بی زوجہ محمد انور ساکنان ڈھا کہ تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 03-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..Fw

بعدالت جناب جج بینکنگ کورٹ نمبر
5 لاہور

مقدمہ نمبر جدید بابت 2026 عنوان فیصل بنک لمیٹڈ بنام علی رضا نوٹس بنام علی رضا ولد شیخ علی زیب ساکن مکان نمبر 83 زاہرہ ٹاؤن جی ٹی روڈ باٹا پور لاہور کاروباری ایڈریس؛ زیب گلاس ڈیزائننگ 16 کلومیٹر جی ٹی روڈ نزد یادگار شہیداں لاہور

ہرگاہ مدعی مذکورہ عنوان بالا نے آپکے خلاف دعویٰ دلاپانے مبلغ /227,751 روپے اس کو بحیثیت مدعی یافتنی دائر کیا ہے لہٰذا آپ کے نام سمن زیر دفعہ 9(5) فنانشل ریکوری آف آرڈیننس 2001 بھیجا جاتا ہے آپ پر لازم ہے کہ اس سمن کی تعمیل کی تاریخ سے تیس (30) دن کے اندر آپ درخواست بصورت جواب دعویٰ برائے اجازت دفاع مقدمہ زیر دفعہ 10 آرڈیننس مذکورہ عدالت ہذا میں پیش کریں مطلع رہیں کہ اگر آپ نے اندر معیاد متذکرہ بالا درخواست داخل نہ کی تو ڈگری متدعیہ مدعی کے حق میں صادر کردی جائیگی آئندہ پیشی برائے مزید کاروائی 17-09-2026 مقرر ہے یہ ثبت ہمارے دستخط اور مہر عدالت 25-08-2026 جاری کیا گیا

Cr..Anwar

بعدالت جناب شہوار امین واہگہ
صاحب سول جج تحصیل پنڈ دادنخان
ضلع جہلم

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی عنوان مقدمہ سنیا سعید بنام عوام الناس اخبار اشتہار منجانب سنیا سعید ولد محمد سعید، ساکن مرزاپور، تحصیل پنڈ دادنخان، ضلع جہلم۔ ہرگاہ درخواست عنوان بالا سائلہ نے عدالت حضور میں دائر کر رکھی ہے جس میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 10-09-2026 بوقت 08 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بقیہ سحر 1

میں چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت سندھ میں عدالتی شعبے کے ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس ہوا جس میں سندھ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس ظفر احمد راجپوت، سندھ کے وزیر قانون، چیف سیکرٹری سندھ اور سیکرٹری خزانہ سندھ نے شرکت کی۔ اجلاس میں خواتین کے لئے سہولت مراکز کی تعمیر، صوبائی و وفاقی عدالتوں کو موزوں عمارتوں میں منتقل کرنے، جاری عدالتی انفراسٹرکچر منصوبوں کی بلاتعطل تکمیل اور بروقت فنڈز کی فراہمی سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کورنگی ڈسٹرکٹ کورٹس کمپلیکس سے متعلق معاملات بھی زیر بحث آئے، زیرالتوا امور حل کرنے اور منصوبے پر پیش رفت تیز کرنے پر زور دیا گیا۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ عدالتی اصلاحات کے اہداف کو عدالتوں کے انفراسٹرکچر، عوامی سہولت اور سروس ڈیلیوری میں عملی بہتری میں تبدیل کرنے کے لئے عدلیہ اور صوبائی حکومت کے درمیان مسلسل رابطہ ناگزیر ہے۔

بقیہ سحر 2

وزیر نے کہا کہ توانائی کے شعبے میں مضبوط تعاون دونوں ممالک کی وسیع تر اقتصادی شراکت داری اور علاقائی روابط کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ سردار اویس احمد خان لغاری نے ازبک صدر شوکت مرزیایوف، حکومت اور عوام کو یومِ آزادی کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ازبکستان کے لیے مسلسل امن، استحکام، خوشحالی اور ترقی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ازبک عوام کی کامیابیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تاریخی روابط کو اہمیت دیتا ہے جو مشترکہ اسلامی ثقافت اور تہذیب پر مبنی ہیں، پاکستان ان اولین ممالک میں شامل تھا جنہوں نے ازبکستان کی آزادی کو تسلیم کیا جبکہ دونوں ممالک نے 1992 میں باضابطہ سفارتی تعلقات قائم کیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اور ازبکستان مئی 2027 میں اپنے سفارتی تعلقات کے قیام کی 35ویں سالگرہ بھی منائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ باہمی احترام، مشترکہ تاریخی و ثقافتی اقدار اور مشترکہ مفادات کی بنیاد پر دونوں ممالک کے تعلقات مضبوط شراکت داری میں تبدیل ہو چکے ہیں جبکہ تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، علاقائی روابط، تعلیم، سائنس و ٹیکنالوجی اور ثقافت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔

بقیہ سحر 3

بھی پہنچایا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ صدر زرداری نے مختلف قومی معاملات بالخصوص نئے صوبوں کی بحث میں اپنے مؤقف پر قائم رہنے کا پیغام دیا۔ صدر مملکت آصف زرداری نے کہا کہ قومی مفاد میں تمام فریقوں کو مل کر آگے بڑھنا ہوگا۔

بقیہ سحر 4

علاقائی و عالمی معاملات پر مشترکہ کوششوں کے ذریعے امن و استحکام کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ہفتہ وار بریفنگ کے دوران ترجمان نے بتایا کہ تینوں ممالک نے علاقائی امن، استحکام اور کشیدگی میں کمی کے لیے مل کر کام کرنے، تحمل کا مظاہرہ کرنے اور بحرانوں کا حل بات چیت اور سفارتکاری کے ذریعے تلاش کرنے پر اتفاق کیا ہے، مکہ معاہدے کے تحت تعاون کو مزید ادارہ جاتی شکل دینے پر بھی اتفاق ہوا ہے، جس میں باہمی یکجہتی اور دفاعی تعاون شامل ہیں۔ طاہر اندرابی کے مطابق سعودی عرب میں 3 ملکی تعاون کے لیے سیکرٹری جنرل کا انتظام قائم کیا جائے گا،

بقیہ سحر 5

بورڈ سے ڈی نوٹیفائی کر دیا گیا۔ پروفیسر ڈاکٹر متی الرحمٰن، لیفٹیننٹ کرنل ریٹائرڈ ڈاکٹر عارف مقصود علی، مس اسماعیل خلیل اور مسٹر کاشف ظہور چوہدری بھی آئی ایچ آر اے بورڈ کی رکنیت سے ڈی نوٹیفائی کر دیئے گئے۔ چاروں ارکان کو 31 اگست 2026 سے اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی بورڈ سے ڈی نوٹیفائی کیا گیا۔ وزارت قومی صحت نے آئی ایچ آر اے بورڈ کے ارکان کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

بقیہ سحر 6

تجارت معاہدہ خوش آئند پیشرفت ہے، معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط دوطرفہ تعاون کے فروغ کے نئے دور کا آغاز ہے، موجودہ دوطرفہ تجارت کے حجم کو آئندہ دو سال میں 16 ملین ڈالر سے 200 ملین ڈالر تک بڑھانے کا عزم رکھتے ہیں، کاسا 1000 منصوبے کی بروقت تکمیل ضروری ہے، دہشت گردی، انتہا پسندی اور دیگر عصری خطرات سے نمٹنے کیلئے تعاون بڑھائیں گے۔ بدھ کو دستاویزات کے تبادلوں کی تقریب یہاں کرغزستان کے صدارتی محل میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر وزیراعظم محمد شہباز شریف اور جمہوریہ کرغزستان کے صدر صادر ژاپاروف بھی موجود تھے۔ جمہوریہ کرغزستان کے صدر صادر ژاپاروف اور وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے مشترکہ اعلامیہ پر دستخط اور دستاویز کا تبادلہ کیا جن معاہدوں اور ایم او یوز کا تبادلہ کیا گیا

بقیہ سحر 7

رکان کو بورڈ سے ڈی نوٹیفائی کر دیا گیا۔ پروفیسر ڈاکٹر متی الرحمٰن، لیفٹیننٹ کرنل ریٹائرڈ ڈاکٹر عارف مقصود علی، مس اسماعیل خلیل اور مسٹر کاشف ظہور چوہدری بھی آئی ایچ آر اے بورڈ کی رکنیت سے ڈی نوٹیفائی کر دیے گئے۔ چاروں ارکان کو 31 اگست 2026 سے اسلام آباد ہیلتھ کیئر ریگولیٹری اتھارٹی بورڈ سے ڈی نوٹیفائی کیا گیا۔ وزارت قومی صحت نے آئی ایچ آر اے بورڈ کے ارکان کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

بقیہ سحر 8

رسک میری ٹائم علاقوں کی فہرست میں توسیع کی ہے۔ جوائنٹ وار کمیٹی نے 3 مارچ 2026 کو بحرین، جبوتی، کویت، عمان اور قطر کو ہائی رسک میری ٹائم فہرست میں شامل کیا۔ مارچ کی توسیع میں پاکستان کے ساحلی علاقوں کو بھی ہائی رسک میری ٹائم زون کے طور پر فہرست میں شامل کیا گیا۔ ہائی رسک علاقوں میں جہازوں کو جنگ، دہشت گردی اور بحری خطرات کے باعث اضافی انشورنس تقاضوں کا سامنا ہوتا ہے۔ پاکستان نے بحری تجارت کے بڑھتے اخراجات کے پیش نظر فہرست سے اخراج کیلئے کوششیں شروع کیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر وزیر بحری امور کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دی گئی جس نے لائیڈز حکام سے مذاکرات کئے۔ ان مذاکرات میں پاکستان نے تکنیکی شواہد اور سیکیورٹی ڈیٹا کے ذریعے اپنا موقف پیش کیا جس کے بعد اہم پیش رفت ہوئی۔ جوائنٹ وار کمیٹی نے پاکستان اور اس کے علاقائی پانیوں کو بین الاقوامی ہائی رسک میری ٹائم ایریاز کی فہرست سے خارج کر دیا۔ پاکستان کے اخراج کے بعد پاکستانی بندرگاہوں پر آنے والے جہازوں کو اضافی وار رسک انشورنس کا سامنا نہیں ہوگا۔ پاکستان کا ہائی رسک میری ٹائم فہرست سے اخراج بحری تجارت، علاقائی رابطوں اور ٹرانزشپمنٹ صلاحیتوں کے فروغ میں اہم سنگِ میل ہے۔

بقیہ سحر 9

۔ مثالی گاؤں کے قیام کے لیے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کمیونٹی بیسڈ آرگنائزیشن متعارف کرانے کی منظوری دی، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر، کمیونٹی ہیلتھ موبلائزر، سیکرٹری یونین کونسل، ہیڈ ماسٹر اور دیگر متعلقین کو دیہی پراجیکٹ میں شامل کرنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا ہے۔ ارکان اسمبلی کو بھی رورل ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کی مانیٹرنگ کی ذمہ داری سونپنے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے پنجاب کے دیہات میں ڈرینج اور سیوریج کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے اور گاؤں کی گلیاں پکی اور خوبصورت بنانے کی ہدایت کی۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ عوام کو ٹوٹی پھوٹی گلیوں اور گندے پانی کی مشکلات سے دوچار نہیں دیکھ سکتی۔ ہر گاؤں اور دیہات میں ڈرینج، سیوریج اور پکی گلیوں کی سہولت حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ دیہات کے لوگوں کا بھی وسائل پر پورا حق ہے۔ مثالی گاؤں پراجیکٹ ان کے دل کے بہت قریب ہے اور وہ ہر گاؤں کی حالت بدلنا چاہتی ہیں۔

بقیہ سحر 10

والے اجلاس کی صدارت کریں گی، اجلاس میں لاہور ہائیکورٹ کے تمام ججز شرکت کریں گے۔ اجلاس میں علاقائی بنچوں پر کام کرنے والے ججز بھی شریک ہوں گے جس میں عدالتی کارروائیوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں عدالت عالیہ میں زیر التواء کیسوں کا جائزہ لیا جائے گا، اجلاس میں ججز کی کارکردگی بھی زیر غور آئے گی، عدالت عالیہ میں زیر التواء کیسز بارے لائحہ عمل پر بھی غور کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں صوبے کی ماتحت عدلیہ کے ایشوز بھی زیر غور آئیں گے، سائلین کے مسائل کے حل اور کیس مینجمنٹ پر بھی غور ہوگا۔

بقیہ سحر 11

اسلام آباد میں منعقدہ تقریب میں شرکت کی، جہاں عوامی جمہوریہ چین کی وزارتِ زراعت و دیہی امور کی جانب سے پاکستان کو لمپی اسکن ڈیزیز (ایل ایس ڈی) اور بروسیلا میلیٹینسس کے خلاف ویٹرنری ویکسینز عطیہ کی گئیں۔ تقریب میں چینی سفارتخانے کے ناظم الامور مسٹر شی یوان چیانگ، سیکرٹری وزارتِ قومی غذائی تحفظ و تحقیق، چیئرمین پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل، اعلیٰ سرکاری حکام، چینی سفارتخانے کے نمائندگان، سائنسدانوں اور لائیو اسٹاک شعبے سے وابستہ ماہرین نے شرکت کی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے حکومتِ چین، وزارتِ زراعت و دیہی امور اور چینی سفارتخانے کا اس قیمتی تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ عطیہ پاکستان اور چین کی آزمودہ اور دیرینہ دوستی اور زراعت، لائیو اسٹاک، تحقیق، سائنس اور ٹیکنالوجی میں بڑھتے ہوئے تعاون کا عملی مظہر ہے۔ وفاقی وزیر نے پاکستان کی زرعی معیشت اور دیہی آبادی کے معاشی استحکام میں لائیو اسٹاک کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ خصوصاً چھوٹے کاشتکاروں کے لیے مویشی آمدن اور معاشی تحفظ کا اہم ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لمپی اسکن ڈیزیز اور بروسیلا جیسی بیماریاں جانوروں کی صحت، دودھ اور گوشت کی پیداوار، افزائشِ نسل اور مجموعی پیداواری صلاحیت کو متاثر کر کے کسانوں کو نمایاں معاشی نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ ا

بقیہ سحر 12

کونسل آف ہیڈز آف سٹیٹ 27-2026 کی صدارت سنبھالنے پر قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اسے ایک اہم سفارتی کامیابی اور پوری قوم کے لئے باعث فخر قرار دیا ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان کا خطے کی اہم تنظیم شنگھائی تعاون تنظیم کی صدارت سنبھالنا اور لاہور کو 27-2026 کے لئے ایس سی او کا سیاحتی و ثقافتی دارالحکومت قرار دیا جانا عالمی برادری کے پاکستان پر بڑھتے ہوئے اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سفارتی کامیابیاں پاکستان کے سفارتی میدان میں ابھرتے ہوئے تشخص اور عالمی برادری کے بڑھتے ہوئے اعتماد کی دلیل ہیں۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی مدبرانہ قیادت اور فعال سفارتکاری کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کی قیادت اور متحرک سفارتی کاوشوں نے عالمی سطح پر پاکستان کے مقام اور وقار کو مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے وزیراعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی مشترکہ سفارتی و تزویراتی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ مکہ معاہدہ برائے مشترکہ دفاع کے تحت قائم سٹریٹجک پولیٹیکل اینڈ ڈیفنس کمیٹی کی جانب سے مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ سیکرٹریٹ کے پہلے سیکرٹری جنرل کے طور پر پاکستان سے تین سالہ مدت کے لئے تقرری کا فیصلہ عالمی سطح پر پاکستان کی قیادت پر اعتماد کا مظہر ہے۔ ا

بقیہ سحر 13

اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر احمد کریم کنڈی بھی گورنر کے ہمراہ تھے۔ گورنر نے قائمقام صدر کو خیبرپختونخوا میں امن و امان سمیت دیگر امور سے آگاہ کیا۔ ملاقات کے دوران صوبے میں سکیورٹی کی صورتحال، مختلف علاقوں میں سیلاب سے پیدا ہونے والی صورتحال، متاثرین کی امداد اور بحالی کے لیے جاری کوششوں سمیت ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ #

بقیہ سحر 14

24 اور ملائیشیا کا ایک شہری شامل ہے۔ تمام غیر ملکی کال سینٹرز کے نام پر غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث تھے۔ ذرائع کے مطابق ڈی رپورٹ کیے گئے تمام افراد کا نام بلیک لسٹ میں بھی ڈال دیا گیا۔ بلیک لسٹ میں شامل افراد دوبارہ کبھی پاکستان نہیں آسکیں گے۔ وزارت داخلہ نے ملزمان کے ویزے منسوخ کر کے ایگزٹ پرمٹ جاری کیے تھے۔

بقیہ سحر 15

ورک موجود ہے، پاکستان پر امید ہے امریکا و ایران بالآخر مذاکرات کی طرف واپس آئیں گے، امریکا ایران کشیدگی کو پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کی ناکامی قرار نہیں دیا جا سکتا، بھارت کی جانب سے ثالثی عدالت کا فیصلہ مسترد کرنا سندھ طاس معاہدے کے تحت اس کی ذمے داریوں کو ختم نہیں کرسکتا۔ ہفتہ وار بریفنگ میں ترجمان نے کہا کہ امریکا ایران حالیہ کشیدگی کے باوجود پاکستان مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے مسئلے کے حل کیلئے پرامید ہے۔ ترجمان نے کہا کہ موجودہ کشیدگی تشویش ناک اور ناپسندیدہ ہے تاہم پاکستان امن عمل سے مایوس نہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکا ایران کشیدگی کو پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کی ناکامی قرار نہیں دیا جاسکتا، امریکا ایران تنازع کے حل کے لیے پاکستان مکمل خلوص کے ساتھ امن عمل میں مصروف ہے۔ طاہر حسین اندرابی نے کہا کہ بھارت کی جانب سے ثالثی عدالت کا فیصلہ مسترد کرنا سندھ طاس معاہدے کے تحت اس کی ذمے داریوں کو ختم نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے بھارت سے سندھ طاس معاہدے پر مکمل عمل درآمد کی جانب واپس آنے کا مطالبہ کیا ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ بھارت کا طرزِ عمل ان خطوں کے لیے بھی منفی مثال قائم کرسکتا ہے جہاں مشترکہ وسائل قانونی معاہدوں کے تحت منظم کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا یہ رویہ عالمی تنازعات کے طے شدہ نظام پر اعتماد کو مجروح کرتا ہے اور دیگر خطوں کے لیے بھی ایک منفی مثال قائم کر سکتا ہے، جنوبی ایشیا جیسے حساس خطے میں مشترکہ آبی وسائل کے انتظام کے لیے قانونی معاہدوں کی مکمل پیروی ہی واحد راستہ ہے۔ یاسین ملک کے معاملے پر انہوں نے کہا کہ پاکستان حریت رہنما کے خلاف مقدمے اور سزا کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہے کیونکہ یہ انصاف کے بنیادی تقاضوں کے منافی ہے۔ پاکستان اس مسئلے کو کثیر الجہتی فورمز پر اٹھاتا رہے گا، پاکستان عالمی برادری پر زور دیتا ہے کہ وہ یاسین ملک کی زندگی اور صحت کے حوالے سے فوری نوٹس لے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان یاسین ملک کی صحت اور طویل زندگی کے لیے دعا گو ہے، سید علی گیلانی ہماری دعاں میں موجود ہیں۔

بقیہ سحر 16

تیز ترین اور بیک وقت پیش رفت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ نلتر اور ہنزل پاور منصوبوں کی تکمیل کے ساتھ سولر منصوبے کے فیڈر، ٹرانسمیشن لائن اور سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے پر بھی بیک وقت کام کیا جائے گا تاکہ عوام کو بلاتاخیر بجلی کی فراہمی میں ریلیف مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے خوبصورت اور حساس ماحول کے تحفظ کے لیے جامع سیاحتی فریم ورک تیار کرنے اور کیرنگ کیپیسٹی سٹڈی کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے اس اقدام کا مقصد بےہنگم تعمیرات کی روک تھام اور ماحول دوست و پائیدار سیاحت کو فروغ دینا ہے۔ وفاقی وزیر پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ گلگت بلتستان کو مالیاتی طور پر خودمختار بنانے اور این ایف سی کے طرز پر دیرپا مالیاتی حل فراہم کرنے کے لیے وفاقی حکومت بھرپور کوششیں کررہی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ باہمی تعاون اور مسلسل محنت کے ذریعے گلگت بلتستان کے روشن، سرسبز اور پائیدار مستقبل کی بنیاد رکھی جائے گی۔

بقیہ سحر 17

کی ہمشیرہ ڈاکٹر عظمیٰ خان کی جانب سے سپریم کورٹ میں توہینِ عدالت کی دوسری درخواست دائر کردی گئی۔ اس حوالے سے عمران خان کے لیگل کونسل خالد یوسف چوہدری نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے ایک بیان میں بتایا کہ سپریم کورٹ نے 18 اگست کو اپنے فیصلے میں بانی پی ٹی آئی کو ان کے اہلِ خانہ سے ملاقات اور بیرونِ ملک مقیم بچوں سے فون پر گفتگو کی سہولت فراہم کرنے کی واضح ہدایات جاری کی تھیں۔ سپریم کورٹ میں عمران خان کے قانونی حقوق کی بحالی اور 18 اگست کے عدالتی حکم پر عملدرآمد کے لئے ڈاکٹر عظمیٰ خان کی جانب سے توہینِ عدالت کی دوسری درخواست دائر کردی گئی ہے

بقیہ سحر 18

کرغزستان کے اول نائب وزیراعظم دانیار امان گیلدی یئیف اور وزیر ثقافت، اطلاعات و نوجوانوں میر بیک ماميتالییف نے کیا۔ وزیراعظم نے آتا بیت میں معروف ادیب چنگیز ایتماتوف کی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ پڑھی۔ چنگیز ایتماتوف معروف کرغز اور سوویت ادیب ہیں، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آتا بیت میموریل کمپلیکس میں یادگار پر پھولوں کی چادر بھی چڑھائی اور وہاں مدفون افراد کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ آتا بیت میموریل کمپلیکس ایک اہم قومی و تاریخی یادگاری مقام اور قبرستان ہے۔ آتا بیت کے معنی ہمارے آباواجداد کی قبریں ہیں، اس مقام پر کرغزستان کی متعدد معروف شخصیات کی قبریں ہیں۔

بقیہ سحر 19

حکومت کے گٹھ جوڑ کا بوجھ عوام برداشت کرتے ہیں، غریب لوگوں کو ٹیکس فری نہیں کرتے لیکن چینی مافیا کیلئے ٹیکس صفر کر دیا ہے، جماعت اسلامی کی تحریک میں تمام اپوزیشن پارٹیاں ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ تحریک گلی محلوں کی سطح پر آگے بڑھ رہی ہے، بجلی پر کیپسٹی پیمنٹ اور فکسڈ چارجز عوام پر بوجھ ہیں، 1700 ارب روپے چند آئی پی پیز کو ادا کیے گئے، عوام پر ٹیکس ہے۔ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم کا کہنا تھا کہ دنیا بھر میں انتظامی ضرورت کے تحت نئے صوبے بنائے جاتے ہیں، صوبوں کی تشکیل عوامی رائے اور آئین کے مطابق ہونی چاہیے، تاہم ایم کیو ایم والے 40 سال سے نوراکشتی کر رہے ہیں

بقیہ سحر 20

بھٹو زرداری کے ہمراہ ان کے اسٹاف کے ارکان بھی لندن پہنچے ہیں۔ صدر آصف علی زرداری تقریباً 48 گھنٹے قبل آسٹریا سے لندن پہنچے تھے، آصف زرداری اور بلاول بھٹو زرداری تقریباً دو ہفتہ لندن میں قیام کریں گے۔ صدر زرداری اور بلاول بھٹو زرداری کی لندن میں قریبی دوستوں سے بھی ملاقاتیں متوقع ہیں۔ ذرائع کے مطابق صدر زرداری اور بلاول کی بعض برطانوی وزرا سے بھی ملاقاتیں متوقع ہیں۔ واضح رہے کہ صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے لندن میں اہم ملاقات کی تھی جس میں اہم ملکی معاملات زیر بحث آئے تھے۔ ذرائع کے مطابق ون آن ون بات چیت تقریباً ایک گھنٹے تک جاری رہی تھی جس میں محسن نقوی نے صدر آصف علی زرداری کو اہم پیغام بھی پہنچایا تھا۔

بقیہ سحر 21

بدھ کو وزارت خزانہ سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین نیب نے وزیر خزانہ کو حکومت پاکستان کے احتسابی ادارے کی جانب سے اٹھائے جانے والے اہم اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے مختلف معاملات کی جامع تحقیقات کے نتیجے میں رقوم کی وصولی کے ذریعے قومی خزانے میں ہونے والے مالیاتی اضافے اور نیب کی مجموعی کاوشوں پر بھی بریفنگ دی۔ وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے نیب کی جانب سے کی جانے والی موثر اور قابل تحسین کاوشوں کو سراہا اور قومی اہداف کے حصول کے لیے وزارت خزانہ کی جانب سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ سحر 22

صلاحیت بروئے کار لانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ، ٹیکنالوجی ٹرانسفر، ریورس انجینئرنگ اور مقامی وسائل کے ذریعے اسپیئر پارٹس کی تیاری کو مزید فروغ دینے پر زور دیا۔ وفاقی وزیر نے اے جی ای-30 لوکوموٹیوز کی تیاری اور بحالی کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ریلوے کی ضروریات پوری کرنے کے لیے رسالپور فیکٹری کی استعداد سے بھرپور استفادہ کیا جائے۔ انہوں نے جنوری 2027 سے 400 ہاپر ویگنز کی تیاری شروع کرنے کا فیصلہ کیا اور ہدایت کی کہ نجی شعبے کی ضروریات کو بھی مدنظر رکھتے ہوئے رسالپور فیکٹری میں مختلف مصنوعات تیار کی جائیں۔ وفاقی وزیر نے 31 دسمبر 2026 تک تمام ٹرینوں کے ساتھ فعال بریکنگ سسٹم یقینی بنانے کا حکم دیا، تاکہ ٹرین آپریشنز میں سیفٹی اور کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ درآمدات کے متبادل کے طور پر رسالپور فیکٹری میں 300 اسپیئر پارٹس مقامی سطح پر تیار کیے گئے ہیں

بقیہ سحر 23

اور وقار کا معاملہ ہے۔ صوبائی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ان کی ایک فیک ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر وائرل کی گئی، جس کے باعث انہیں شدید ذہنی اذیت اور کرب سے گزرنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ میں کس کرب سے گزری ہوں، آپ سوچ بھی نہیں سکتے۔ عظمیٰ بخاری نے بتایا کہ 24 اور 25 جولائی 2024 کی درمیانی رات وہ اپنے گھر میں سوشل میڈیا دیکھ رہی تھیں کہ فیس بک اور ٹک ٹاک پر کچھ ویڈیوز ان کی نظر سے گزریں جن کی کیپشن میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ ان کی کوئی ویڈیو لیک ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعد ازاں ٹوئٹر اکاؤنٹ چیک کیا تو موجودہ ملزمہ فلک جاوید کی جانب سے کیا گیا ٹویٹ بھی نظر سے گزرا، جس کے بعد فیک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی۔ عظمیٰ بخاری کے مطابق اگلے روز وہ لاہور ہائیکورٹ میں چیف جسٹس کی عدالت میں پہنچیں اور انہیں عدالت کے باہر تقریباً چار گھنٹے انتظار کرنا پڑا۔ ان کی درخواست منظور ہونے کے بعد کارروائی کا حکم دیا گیا۔ صوبائی وزیر اطلاعات نے کہا کہ انہیں سکیورٹی خدشات بھی لاحق تھے اور اسی وجہ سے انہوں نے عدالت سے ویڈیو لنک کے ذریعے بیان ریکارڈ کرنے کی درخواست کی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ عدالت میں ملزمہ اور اس کے لوگوں کی جانب سے اختیار کیے جانے والے رویے کے باعث بھی انہیں خدشات تھے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ "اگر ایک وزیر کے ساتھ ایسا ہو رہا ہے تو پھر عام لوگوں کے ساتھ کیا ہوتا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وہ ملزمہ سے خوفزدہ نہیں ہیں۔ میں نے ملزمہ سے خوفزدہ ہونا، قیامت کتنے بجے ہے؟ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ کسی بھی عدالتی حکم کو چیلنج کرنا ہر فریق کا حق ہے

بقیہ سحر 24

کے تحت بھرتیوں، غیر رسمی آبادیوں اور وفاقی دارالحکومت میں تاریخی عبادت گاہوں کی بحالی سے متعلق اہم امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں آئی جی اسلام آباد پولیس کی عدم شرکت پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے چیئرمین نے پولیس ڈیپارٹمنٹ کو حتمی وارننگ دی۔ بدھ کو سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری اعلامیہ کے مطابق کمیٹی نے اسلام آباد پولیس میں اس وقت جاری 1,588 آسامیوں کی بھرتی کے عمل کا بھی جائزہ لیا تاکہ اقلیتوں کے لئے مختص 5 فیصد کوٹے پر مکمل عملدرآمد اور سپریم کورٹ کی ہدایات کے مطابق گزشتہ برسوں کی کیری فارورڈ بیک لاگ آسامیوں کو بھی شامل کرنے کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ سحر 25

نمائندے فوائد پاشائیف اور وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی کے درمیان ملاقات کے دوران کی گئی۔ ملاقات میں بتایا گیا کہ یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثہ مرکز کی عارضی فہرست میں پاکستان کے 37 مقامات شامل ہیں، جن میں آثارِ قدیمہ کا مقام رانی گھاٹ اور بنبھور بھی شامل ہیں۔ ملاقات کے دوران بتایا گیا کہ عالمی ثقافتی ورثہ کمیٹی سے متعلق ایک وفد کا 6 سے 11 ستمبر 2026 کے دوران بنبھور کا دورہ متوقع ہے جبکہ وفاقی سیکریٹری قومی ورثہ و ثقافت اسد رحمان گیلانی کو بھی وفد میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ وفاقی وزیر نے پاکستان کے تاریخی و ثقافتی ورثے کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے، ورثہ مقامات کی نامزدگی کے عمل کو آگے بڑھانے اور تحفظ کے لیے یونیسکو سے خصوصی تعاون طلب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں متعدد اہم آثارِ قدیمہ اور ثقافتی مقامات کو زیادہ توجہ، تکنیکی معاونت اور بین الاقوامی تعاون کی ضرورت ہے۔ یونیسکو کے نمائندے فوائد پاشائیف نے وفاقی وزیر کو یقین دلایا کہ یونیسکو پاکستان کو ہر ممکن معاونت فراہم کرے گا اور پاکستان میں یونیسکو کا دفتر ورثے کے تحفظ اور اس سے متعلق امور کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ یونیسکو پاکستان کے تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ کے لیے تعاون جاری رکھے گا۔ وفاقی وزیر نے یونیسکو سے پاکستان کے چار منتخب کھانوں اور روایتی غذائی ثقافت کو یونیسکو کے غیر مادی ثقافتی ورثے کے فریم ورک میں شامل کرانے کے لیے بھی معاونت کی درخواست کی

بقیہ سحر 26

، سرمایہ کاری، توانائی اور علاقائی روابط کے فروغ سمیت علاقائی و عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات وزیراعظم شہباز شریف کی کرغز صدر سے ملاقات سے قبل بشکیک میں ہوئی۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے کرغزستان کو شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی کامیاب صدارت اور مؤثر میزبانی پر مبارکباد پیش کی اور ایس سی او کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے میں کرغز قیادت کے کردار کو سراہا۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان کرغزستان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور علاقائی روابط بڑھانے پر توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ ملاقات کے دوران علاقائی سلامتی اور عوامی روابط کے فروغ پر بھی بات چیت ہوئی۔ دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی اور عالمی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ کرغزستان کے وزیر خارجہ نے پاکستان کو شنگھائی تعاون تنظیم کی 27-2026 کی سربراہی سنبھالنے پر مبارکباد دی اور اس امید کا اظہار کیا کہ پاکستان ایس سی او کے ایجنڈے کو مؤثر انداز میں آگے بڑھائے گا۔ کرغز وزیر خارجہ نے پاکستان کے ساتھ قریبی اور دوستانہ تعلقات کو مزید وسعت دینے کی خواہش کا اظہار بھی کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے ایس سی او اور دیگر کثیرالجہتی فورمز پر قریبی رابطہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا

بقیہ سحر 27

پاسنگ آؤٹ تقریب میں مقامی عمائدین، سول وعسکری حکام اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کمانڈنٹ خضدار نے تربیت مکمل کرنے والے ریکروٹس کو مبارکباد پیش کی، جبکہ پاس آؤٹ ہونے والے ریکروٹس نے اپنی تربیت اور مہارتوں کا عملی مظاہرہ بھی پیش کیا۔ تقریب کے اختتام پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ریکروٹ محمد طاہر کو آئی جی ایف سی میڈل سے نوازا گیا۔

بقیہ سحر 28

شہریوں کے لئے ایف آئی اے کو آن لائن شکایت درج کرانے، فیملی ریکارڈ درست کرنے، دستخط اپ لوڈ کرنے اور شناختی دستاویزات کی ڈیجیٹل سہولت سمیت متعدد اہم فیچرز متعارف کرائے گئے ہیں۔ نئے ورژن سے قبل جاری کردہ سہولتوں میں جانشینی سرٹیفکیٹ کی تصدیق بھی شامل ہے، پاک آئیڈینٹیٹی ایپ کے ذریعے شہری قانونی وارثت سے متعلق سکسیشن سرٹیفکیٹ یا لیٹر آف ایڈمنسٹریشن کی تصدیق کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کیلئے ایپ کے ہوم پیج پر جانشینی سرٹیفکیٹ کی تصدیق کا آئیکون موجود ہے، جہاں سے درخواست کا عمل مکمل کیا جاسکتا ہے۔ نادرا کے مطابق شہری چند منٹ میں مطلوبہ جانشینی سرٹیفکیٹ یا لیٹر آف ایڈمنسٹریشن کی تصدیق کر سکتے ہیں، جبکہ اس طریقہ کار کی تفصیلی ویڈیو بھی نادرا کے یوٹیوب چینل پر دستیاب ہے۔ پاک آئیڈینٹیٹی ایپ کے نئے ورژن میں ایک اہم پیش رفت وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) سے متعلق ہے۔ نادرا نے ایف آئی اے سے متعلق ایک علیحدہ سیکشن ایپ میں شامل کر دیا ہے۔ ایف آئی اے کی جانب سے ضروری انتظامات مکمل ہونے کے بعد شہری پاک آئیڈینٹیٹی کے ذریعے اپنے مسائل سے متعلق شکایت درج کرا سکیں گے اور شکایت کی پیش رفت بھی آن لائن ٹریک کر سکیں گے۔ اس سہولت کے نتیجے میں شہریوں کو شکایت درج کرانے کے لیے متعلقہ ایف آئی اے دفتر یا اسٹیشن جانے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ نادرا کو شہریوں کی جانب سے فیملی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (ایف آر سی) کے حصول میں مشکلات اور خاندانی ریکارڈ نامکمل ہونے کی شکایات موصول ہوتی رہی ہیں۔ نئے ورژن میں ایسے فرد کو فیملی ڈیٹا میں شامل کرنے کا عمل مزید آسان کر دیا گیا ہے

بقیہ سحر 29

سے نئے صوبے بھی بن جائیں گے۔ لندن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آزاد کشمیر میں سب سے بڑا مسئلہ انتخابات کرانا تھا، آزاد کشمیر میں انتخابات پرامن اور شفاف ہوئے۔ صوبوں سے متعلق بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں جب صوبائی اسمبلیاں اور پارلیمنٹ چاہیں گی دو تہائی اکثریت سے نئے صوبے بھی بن جائیں گے۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کئی مرتبہ اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دے چکے ہیں، آزاد کشمیر کے وزیراعظم کا انتخاب کرنے کا حق نواز شریف کو تھا۔

بقیہ سحر 30

کی کرغزستان کے صدر صادر ژاپاروف سے ملاقات سے قبل کرغز وزیر خارجہ ژین بیک کلو بایف سے ملاقات کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم نے کرغزستان کی جانب سے شنگھائی تعاون تنظیم کی کامیاب قیادت، ایس سی او سربراہی اجلاس کی موثر میزبانی اور چھٹی عالمی نومیڈ گیمز خانہ کی افتتاحی تقریب کے کامیاب انعقاد پر وزیر خارجہ کلو بایف کو مبارکباد دی۔ انہوں نے ایس سی او کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے میں کرغزستان کی قیادت کو سراہا۔

بقیہ سحر 31

بجائے گئے۔ بعدازاں وزیراعظم شہباز شریف کو صدارتی محل آمد پر گارڈ آف آنر پیش کیا گیا، دونوں رہنماؤں نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا، کرغزستان کی مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے وزیراعظم کو سلامی دی۔ اس موقع پر کرغز صدر نے وزیراعظم شہباز شریف کا اپنے وفد کے ارکان سے تعارف بھی کرایا، جبکہ وزیراعظم نے بھی کرغز صدر سے پاکستانی وفد کے ارکان کا تعارف کرایا۔

بقیہ سحر 32

عامہ کے مطابق مشق روایتی اور ابھرتے ہوئے بحری خطرات کیخلاف جنگی تیاریوں کا جائزہ لیتی ہے، مشق میں بحری جہاز، آبدوزیں، ہوائی جہاز اور جدید ڈرون سسٹمز شامل ہیں، مشق میں اسپیشل فورسز، پاک فوج اور پاک فضائیہ کے مشترکہ دستے بھی شریک ہیں۔ اس سے قبل چیف آف دی نیول اسٹاف نے پاک بحریہ کے فلیٹ یونٹس کا دورہ کیا اور جاری آپریشنز کا جائزہ لیا، نیول چیف نے افسران اور جوانوں سے خطاب کیا۔ نیول چیف نے کہا کہ بدلتا ہوا سکیورٹی ماحول غیر متزلزل تیاری، مسلح افواج کے درمیان تعاون، حالات کے مطابق خود کو ڈھالنے کا تقاضا کرتا ہے، مشق سی اسپارک 2026- کا بنیادی مقصد ملٹی ڈومین آپریشنز کی مشق کرنا ہے۔ ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ مشق میں سمندری، فضائی، زمینی، سائبر اور خلائی معاون صلاحیتوں کو مربوط کیا جا رہا ہے، مشق میں انفارمیشن انوائرمنٹ میں آپریشنز پر بھی توجہ مرکوز کی گئی ہے تا کہ تا کہ سمندر میں روایتی جنگی کارروائیوں کے ساتھ معلوماتی محاذ پر بھی برتری حاصل کی جا سکے۔

بقیہ سحر 33

کو ارسال کر دیا ہے اور ایک ماہ کے اندر کے الیکٹرک سے جامع عمل درآمد رپورٹ طلب کرلی۔ نیپرا نیاپنے حکم میں کہا کسی فیڈر پر چوری یا نادہندگی کی وجہ سے بل ادا کرنے والے صارفین کی بجلی بند نہیں کی جا سکتی

بقیہ سحر 34

ایڈوائزر کی تقرری اور بورڈ میں ہیومن ریسورس کیلئے ایچ آر کمپنی ہائیر کرنے کی منظوری دی۔ ایسیسمنٹ اور سرٹیفکیشن سے متعلق بنائی گئی 11 پالیسیاں جائزے کیلئے مختلف بورڈ ممبران کے سپرد کر دی گئیں۔ بورڈ ممبران کی سفارشات کی روشنی میں ان پالیسیوں کو حتمی شکل دے کر نافذ کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امتحانی نظام میں شفافیت کیلئے پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کے امور کی ڈیجیٹائزیشن کر دی گئی ہے۔

بقیہ سحر 35

ایک بیان میں سارہ احمد کا کہنا ہے کہ قرارداد کے ذریعے وفاقی حکومت، پی ٹی اے سے موثر ریگولیٹری اور نگرانی کا نظام وضع کرنے کی سفارش کی گئی، آسٹریلیا، فرانس، چین اور امریکہ کی مختلف ریاستیں بھی شامل ہیں۔ سارہ احمد نے کہا کہ کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا استعمال سے متعلق قوانین اور عمر کی پابندیاں متعارف کرا چکے ہیں، بین الاقوامی رجحانات کے پیش نظر پاکستان میں بھی کم عمر بچوں کے محفوظ ڈیجیٹل مستقبل کیلئے مؤثر قانون سازی ناگزیر ہے۔

بقیہ سحر 36

پروقار تقریبات کا انعقاد ہوا، جس میں یوم دفاع و شہدا کی مناسبت سے ملی نغموں، ٹیبلوز اور تقریری مقابلوں کا بھی انعقاد کیا گیا۔ طلبہ و طالبات نے دفاع وطن کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر پاک فوج کے افسران اور جوانوں نے بھی تقریبات میں شرکت کی اور طلبہ و طالبات کی حوصلہ افزائی کی، بچوں نے پاک فوج کے جوانوں کے ہمراہ پرچم کشائی میں حصہ لیا اور وطن سے اپنی والہانہ محبت کا اظہار کیا۔ تقریبات کے اختتام پر مختلف مقابلوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے۔

بقیہ سحر 37

کوئی حربہ استعمال کیا گیا تو ملاقاتیں روکی جاسکتی ہیں۔ بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ سپریم کورٹ میں اگلی سماعت سے پہلے درمیان میں ملاقات ہوسکتی ہے لیکن بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرنے والوں کو ایک وارننگ دی گئی ہے کہ انہوں نے سیاسی پروپیگنڈا کر کے عدالت میں دی گئی انڈرٹیکنگ کی خلاف ورزی کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی ان کے بیٹوں سے بات کرانے کی دو کوششیں کی گئیں مگر یا تو کنکشن کا مسئلہ ہے یا وہ اپنے والد سے بات ہی کرنا نہیں چاہتے۔ ان کے پاس موثر پاکستانی شناختی کارڈز موجود ہیں پھر بھی ویزا کا بہانہ بناتے ہیں۔

بقیہ سحر 38

میں اڑان کی اجازت دینے کا وعدہ کیا گیا ہے۔ سبحان اللہ نے بتایا کہ بچپن سے شوق تھا اور ابتدائی عمر میں موٹر سائیکل مکینک کا کام سیکھا، بعد میں مشینری اور مختلف آلات کے بارے میں دلچسپی مزید بڑھتی گئی۔ ہیلی کاپٹر کی تیاری میں مطلوبہ پرزہ جات اور دیگر سامان کے حصول کے لیے انہیں لاہور، تیمرگرہ اور پشاور سمیت مختلف شہروں کے سفر کرنا پڑے۔ نوجوان نے کہا کہ اگر حکومتی تعاون حاصل ہو تو مستقبل میں مزید جدید اور بڑے منصوبوں پر بھی کام کر سکتے ہیں، ایک ہیلی کاپٹر تیار کرنے کے تجربے کے بعد اب وہ ایک ہفتے کے اندر دوبارہ ایسا ہیلی کاپٹر تیار کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس پورے سفر میں ان کے اہل خانہ نے ان کی حوصلہ افزائی اور مدد کی۔ ہیلی کاپٹر تیار کرنے والے نوجوان کا تعلق باجوڑ کے ایک محنت کش طبقے سے ہے۔ سبحان اللہ کا خاندان سیزن کے دوران پنجاب میں چپل فروخت کر کے روزگار حاصل کرتا ہے۔

بقیہ سحر 39

منصوبہ بندی کرنا ہوگی، یہ سیاسی پوائنٹ سکورنگ کا وقت نہیں، بلکہ قدرتی آفات کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ اس سلسلے میں مخیر حضرات اور سماجی تنظیمیں بھی امدادی کاموں میں حکومت کا ہاتھ بٹائیں۔

بقیہ سحر 40

میں ایم کیو ایم کے چیئرمین خالد مقبول صدیقی نے اسٹینڈ ود پاکستان کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں لسانی نہیں انتظامی بنیادوں پر نئے صوبے بننے چاہئیں، ڈسٹرکٹ اور ڈویژن بڑھ سکتے ہیں تو صوبے کیوں نہیں بڑھ سکتے؟ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ سندھو دیش کے نعرے کو غداری نہیں، سندھ میں نیا صوبہ بنانے کو غداری کہا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی قومی اور صوبائی معیشت میں سب سے بڑا حصہ دیتا ہے، کراچی کے وسائل پر کراچی کا اختیار نہ ہونے کے برابر ہے، مردم شماری میں کراچی کے ساتھ ناانصافی ہوئی۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ سندھ میں ایک طبقہ بجٹ بناتا ہے، دوسرا اسے خرچ کرتا ہے، پاکستان کا اصل مسئلہ ٹریڈ ڈیفیسٹ سے زیادہ ٹرسٹ ڈیفیسٹ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف حکومت بچا سکتا ہے، ملک نہیں، اٹھارہویں ترمیم نے اختیارات وفاق سے صوبوں تک پہنچائے عوام تک نہیں، پاکستان طاقت سے نہیں، انصاف سے قائم رہ سکتا ہے۔

بقیہ سحر 41

کی مناسبت سے ملی نغموں، ٹیبلوز اور تقریری مقابلوں کا بھی انعقاد کیا گیا۔ طلبہ و طالبات نے دفاع وطن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر پاک فوج کے افسران اور جوانوں نے بھی تقریبات میں شرکت کی اور طلبہ و طالبات کی حوصلہ افزائی کی، بچوں نے پاک فوج کے جوانوں کے ہمراہ پرچم کشائی میں حصہ لیا اور وطن سے اپنی والہانہ محبت کا اظہار کیا۔ تقریبات کے اختتام پر مختلف مقابلوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے۔

بقیہ سحر 42

شامل ہے۔ توہینِ عدالت کی درخواست کے ساتھ اضافی دستاویزات بھی جمع کروائی گئی ہیں اور اضافی دستاویزات کے لیے 2 متفرق درخواستیں بھی دائر کی گئی ہیں۔ واضح رہے کہ 22 اگست کو بانی پی ٹی آئی کی ہسپتال منتقلی کے معاملے پر پاکستان تحریک انصاف نے توہینِ عدالت کی درخواست دائر کی تھی۔ سپریم کورٹ میں درخواست عزیر بھنڈاری اور سلمان اکرم راجہ کی جانب سے دائر کی گئی تھی۔

بقیہ سحر 43

کی اہم ضرورت ہے، اینٹی رائٹ کورس کا مقصد جوانوں کو ہنگامی حالات اور امن و امان کی صورتحال سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے تیار کرنا ہے۔

بقیہ سحر 44

کے جھٹکے محسوس کیے گئے تھے۔ زلزلے کی شدت ریکٹر اسکیل پر 4.3 ریکارڈ کی گئی، جبکہ اس کی زیرِ زمین گہرائی 104 کلومیٹر تھی۔

بقیہ سحر 45

سمندری، فضائی، زمینی، سائبر اور خلائی صلاحیتوں کو مربوط کیا جا رہا ہے۔ مشق میں انفارمیشن ماحول میں آپریشنز اور معلوماتی جنگ پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، جس کا مقصد معلوماتی جنگ کے میدان میں فیصلہ کن برتری حاصل کرنے کی تیاری کو مزید موثر بنانا ہے۔ اس موقع پر نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ بدلتے ہوئے سکیورٹی ماحول میں غیر متزلزل جنگی تیاری ناگزیر ہے، انہوں نے تینوں سروسز کے درمیان تعاون کو مزید موثر بنانے پر بھی زور دیا۔ نیول چیف نے پی این فلیٹ یونٹس کا دورہ کر کے جاری آپریشنز کا جائزہ بھی لیا، سی اسپارک 2026 میں سمندر میں کائنیٹک آپریشنز کے ساتھ ساتھ معلوماتی جنگ سے نمٹنے کی تیاریوں کی بھی مشق کی جا رہی ہے۔

بقیہ سحر 46

کو) طلب کرلیا۔ جوڈیشل کمیشن نے بزنس پارٹنر محمد احمد اور عبداللہ کو سمن جاری کر دیئے، میر رضا کے دوست رزاق اور حشیم کو بھی جوڈیشل کمیشن نے طلب کرلیا۔ جوڈیشل کمیشن نے ایس ڈی پی او شاہراہِ فیصل اور ایس ایچ او فیروز آباد کو بھی سمن جاری کردیئے ہیں جبکہ آن لائن ڈرائیور احسان کو بھی طلب کیا گیا ہے۔ پولیس افسران، بزنس پارٹنر اور دوستوں کو آج 3 ستمبر کو جوڈیشل کمیشن کے سامنے پیش ہونے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ سحر 47

مسلم باغ، چمن اور قلعہ عبداللہ میں بھی گیس پلانٹس کی منظوری کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ سینیٹر بلال مندوخیل نے کہا کہ منصوبے کی تکمیل سے عوام کو سستے گیس سلنڈر دستیاب ہوں گے اور ژوب و شیرانی کے قیمتی زیتون کے جنگلات کے تحفظ میں مدد ملے گی۔

بقیہ سحر 48

جو پاکستان اور کرغزستان کے درمیان دوستی اور خیرسگالی کے قریبی تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ سحر 49

کرغزستان کے وزیر خارجہ ژین بیک کولو بایف نے بدھ کو بشکیک میں ظہرانے کا اہتمام کیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق ظہرانے کے موقع پر ایک ثقافتی پروگرام بھی پیش کیا گیا جو پاکستان اور کرغزستان کے درمیان دوستی اور خیرسگالی کے قریبی تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ سحر 50

کیو، فوڈ اسٹریٹس میں ماحولیاتی تحفظ کے ایس او پیز پر عملدرآمد یقینی بنانے اور ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والے ریسٹورنٹ سیل کرنے کا فیصلہ بھی کرلیا گیا

بقیہ سحر 51

نوجوان نے محدود وسائل اور مشکلات کے باوجود 6 سال کی مسلسل محنت کے بعد اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کیا۔ حکومت نے 6 ستمبر کو باجوڑ اسپورٹس کمپلیکس میں آزمائشی مظاہرے کے بعد اڑان کی اجازت دینے کا وعدہ کیا ہے۔ باصلاحیت نوجوان مقامی سطح پر لوگوں کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ نوجوان سبحان اللہ کے مطابق 6 ستمبر کو باجوڑ اسپورٹس کمپلیکس میں ہیلی کاپٹر کا آزمائشی مظاہرہ کرنے کا موقع دیا جائے گا، کامیاب تجربے کی صورت میں اڑان کی اجازت دینے کا وعدہ کیا گیا ہے۔ سبحان اللہ نے بتایا کہ بچپن سے شوق تھا اور ابتدائی عمر میں موٹر سائیکل مکینک کا کام سیکھا، بعد میں مشینری اور مختلف آلات کے بارے میں دلچسپی مزید بڑھتی گئی۔ ہیلی کاپٹر کی تیاری میں مطلوبہ پرزہ جات اور دیگر سامان کے حصول کے لیے انہیں لاہور، تیمرگرہ اور پشاور سمیت مختلف شہروں کے سفر کرنا پڑے۔ نوجوان نے کہا کہ اگر حکومتی تعاون حاصل ہو تو مستقبل میں مزید جدید اور بڑے منصوبوں پر بھی کام کر سکتے ہیں، ایک ہیلی کاپٹر تیار کرنے کے تجربے کے بعد اب وہ ایک ہفتے کے اندر دوبارہ ایسا ہیلی کاپٹر تیار کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس پورے سفر میں ان کے اہل خانہ نے ان کی حوصلہ افزائی اور مدد کی۔

بقیہ سحر 52

ماڈل کالج فار بوائز میں آگاہی ریلی اور خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق تقریب کا مقصد نوجوان نسل کو منشیات کے خطرناک اثرات سے آگاہ کرنا اور انہیں نشے سے دور رہنے کی ترغیب دینا تھا۔ اس موقع پر پولیس افسران اور دیگر مقررین نے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ منشیات ایک خطرناک سماجی برائی ہے جو نوجوانوں کے مستقبل کو تباہ کرنے کے ساتھ ساتھ معاشرے کے امن واستحکام کو بھی متاثر کرتی ہے، طلبہ کو منشیات کے جسمانی، ذہنی اور معاشرتی نقصانات بارے آگاہی فراہم کی گئی۔ بعدازاں آگاہی ریلی بھی نکالی گئی جس میں طلبہ اور اساتذہ نے بھرپور شرکت کی۔ شرکا نے منشیات کے خلاف مختلف بینرز اور پلے کارڈز اٹھار کھے تھے اور نشہ اب نہیں کے پیغام کو اجاگر کیا

بقیہ سحر 53

گیا کہ پہلے مرحلے میں پشاور کی طالبات اور ملازمت پیشہ خواتین کو اسکوٹیز دی جائیں گی اور اگلے مرحلے میں اسکوٹیز منصوبے کو دیگر اضلاع تک توسیع دی جائیگی۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ الیکٹرک اسکوٹیز سے خواتین کو تعلیم اور روزگار تک محفوظ رسائی ملے گی جبکہ الیکٹرک اسکوٹیز سے فضائی آلودگی میں بھی کمی آئیگی۔

بقیہ سحر 54

باقاعدہ گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ زید بن مقصود نے ڈی جی لوکل گورنمنٹ کو فوری عمل درآمد کی ہدایت کردی۔

بقیہ سحر 55

منافع، مزدور کے لیے روزگار اور مجموعی طور پر پاکستان کی پائیدار اور جامع معاشی ترقی کا ضامن بن چکا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائیٹ ایکس پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جون 2026 کے بعد سے اس سکیم کے تحت ہاؤسنگ فنانسنگ کی فراہمی اور تعمیراتی شعبے میں تاریخی پیش رفت دیکھنے میں آئی جس نے ملک کے اقتصادی منظر نامے کو نیا رخ دیا، صرف دو ماہ کے مختصر عرصے میں پروگرام کے تحت قرضوں کی منظوری اور رقم کی ادائیگیوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ سکیم کے تحت منظور کیے جانے والے قرضوں کی تعداد 109 فیصد اضافے کے ساتھ 52600 سے تجاوز کر چکی، منظور شدہ فنانسنگ کی مجموعی رقم 116 فیصد کے زبردست اضافے کے بعد 312 ارب روپے تک پہنچ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب تک 8,600 سے زائد خاندانوں کو قرضے جاری کیے جا چکے ہیں، عملی طور پر ہاؤسنگ سیکٹر میں منتقل ہونے والی رقم 118 فیصد اضافے کے ساتھ 45 ارب روپے تک پہنچ چکی ہے جو براہ راست تعمیراتی کاموں میں استعمال ہو رہی ہے۔

بقیہ سحر 56

کے تمام ججز شرکت کریں گے۔ اجلاس میں علاقائی بنچوں پر کام کرنے والے ججز بھی شریک ہوں گے جس میں عدالتی کارروائیوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں عدالت عالیہ میں زیرالتوا کیسوں کا جائزہ لیا جائے گا، اجلاس میں ججز کی کارکردگی بھی زیر غور آئے گی، عدالت عالیہ میں زیرالتوا کیسز بارے لائحہ عمل پر بھی غور کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں صوبے کی ماتحت عدلیہ کے ایشوز بھی زیر غور آئیں گے، سائلین کے مسائل کے حل اور کیس مینجمنٹ پر بھی غور ہوگا۔

بقیہ سحر 57

نمائندگان نامزد کر دیئے۔ کراچی سے مولانا فیاض حسین نقوی اور مولانا مہدی علی دانش، جنوبی پنجاب سے مولانا موسیٰ رضا جسکانی اور مولانا سید حسین رضا نقوی، وسطی پنجاب سے مولانا سید حسین نجفی اور مولانا جابر علی خان، شمالی پنجاب سے مولانا اصغر یزدانی اور مولانا محمد حسین بھڈوال، سکردو سے مولانا محمد جواد حافظی اور گلگت سے مولانا شیخ مرزا علی رئیس الوفاق المدارس کے نمائندے ہوں گے۔ نمائندگان کی نامزدگی کا مقصد ملک بھر میں وفاق المدارس کے امور کی بہتر انداز میں بجا آوری ہے۔ نئے مدارس کی رجسٹریشن، امتحانی نظام اور دیگر امور کے لیے علمائے کرام آیت اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی کی نمائندگی کریں گے۔

بقیہ سحر 58

اسٹیک ہولڈرز شامل ہیں۔ جس میں انسداد دہشت گردی ترمیمی بل 2026ء پر دستخط روک کر اسمبلی کو واپس بھیجنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ مراسلے کے متن کے مطابق یکم ستمبر کو منظور کئے گئے اس بل کے دوران اپوزیشن نے اسمبلی اجلاس کی کاروائی سے واک آؤٹ کیا تھا۔ بل پر بامقصد بحث نہ ہوسکی جبکہ اپوزیشن نے اس حوالے سے اپنے آئینی تحفظات صوبائی حکام کو آگاہ کر دیا گیا تھا۔ بل یکم ستمبر کو مکمل اپوزیشن واک آؤٹ کے دوران منظور ہوا۔ آزادی، وقار، منصفانہ ٹرائل کے حقوق پر اثر انداز قانون میں شفاف بحث ضروری ہے، ججوں کی شناخت چھپانے کا انتظام آئین کے آرٹیکل 4، 9، 10A، 14، 25 سے متصادم ہے۔ مراسلے میں سوال اٹھائے گئے کہ انسداد دہشتگردی ایکٹ وفاقی قانون ہے، پنجاب اسمبلی کو قانون سازی کا اختیار ہے یا نہیں؟ مطالبہ کیا گیا ہے کہ آرٹیکل 143 کے تحت وفاقی اور صوبائی قانون میں تضاد پر قانونی رائے شائع کی جائے۔ مراسلے کے متن میں کہا گیا کہ سکیورٹی کی وجہ سے آئین سے انحراف جائز نہیں، ٹرائل آزاد اور غیر جانبدار عدالتوں میں ہوں، ججز اور گواہوں کے تحفظ کے حق میں ہیں لیکن عدالت کی نگرانی میں محدود اقدامات ہونے چاہئیں

بقیہ سحر 59

ہو تو وہ شخص بھی سکیم میں شامل ہوسکے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی او ایس اور کریڈٹ کارڈ کے ذریعے دستاویزی کاروبار کرنے والے تاجروں کی شمولیت، سیکشن 236G، 236H اور 153(7) کے اطلاق کے بارے میں بھی واضح پوزیشن دی جائے، خصوصاً 100 ملین روپے سے زائد ٹرن اوور رکھنے والے ٹیکس دہندگان کے حوالے سے وضاحت کی جائے جس سے ٹیکس پیئرز کا اعتماد بحال، تاجروں کی سکیم میں شمولیت میں اضافہ اور حکومتی ریونیو میں بہتری ممکن ہوگی۔

بقیہ سحر 60

سی ای او آئی ڈیپ کیپٹن ریٹائرڈ شاہ میر اقبال، سی او او مائرہ علی، ڈین پروفیسر ڈاکٹر حسنات خان، ایم ایس جے آئی سی کرنل ریٹائرڈ ڈاکٹر سبرینا جمیل و دیگر افسران موجود تھے۔ صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق نے ہسپتال کے انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر صحت نے انتظامی امور میں بہتری کیلئے ہدایت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں مریضوں کا بہترین علاج معالجہ دیکھ کر خوشی ہو رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق اس ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو انشاء اللہ بین الاقوامی سطح کی طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی 16 ارب روپے کی لاگت سے 250 بیڈز پر مشتمل بین الاقوامی طرز پر بننے والا پہلا ہسپتال ہے۔ کیتھ لیب، ایم آر آئی، ماڈیولر آپریشن تھیٹرز اور کارڈیک وارڈز، پیتھالوجی لیب، ریڈیالوجی، آئی سی یو اور ایمرجنسی وارڈ فنکشنل ہارٹ ٹرانسپلانٹ سنٹر، انجیو سوئٹ، ڈائیگناسٹک روم، او پی ڈی اور دیگر شعبوں کا دور، ماڈیولر آپریشن تھیٹر میں جدید ترین ہارٹ لنگ مشین، ٹیسلا ایم آر آئی و دیگر جدید طبی مشینری باعث مسرت ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ڈاکٹرز اور نرسز محبّ الوطن پاکستانی بن کر مریضوں کی خدمت کریں گے۔ ہسپتال میں ڈاکٹرز و سٹاف ہر ڈیوٹی کو اللہ تعالیٰ کی امانت سمجھ کر سرانجام دیں۔

بقیہ سحر 61

1509 اسامیوں پر امیدواروں کی بھرتی: 1,509 اسکول گارڈز کی تازہ بھرتی کی منظوری دی گئی ہے، جن میں 370 پہلے سے خالی اسامیاں جبکہ 1,139 درجہ چہارم (Class-IV) کے بدلے لمپ سم تنخواہ پیکیج پر قائم کی جانے والی نئی اسامیاں شامل ہیں۔ سلیکشن بورڈ کے ذریعے منظوری: ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹیز کے پی ایف سی (PFC) شیئر کے تحت ان بھرتیوں کے مالی اخراجات پورے کیے جائیں گے، جس کے لیے کیس سلیکشن بورڈ کو بھیج دیا گیا ہے۔ محکمہ تعلیم نے تمام اضلاع کے سی ای اوز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے اضلاع میں +A اور A کیٹیگری اسکولوں کی کل تعداد، اسکول گارڈز کی موجودہ اسامیوں اور کام کرنے والے ملازمین کے تمام اعداد و شمار کی ایکسل شیٹ پر فوراً تصدیق کر کے رپورٹ محکمہ کو ارسال کریں۔

بقیہ سحر 62

سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے جدید ترین ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم فعال کر دیا گیا ہے جبکہ اوقاف ہیڈکوارٹرز لاہور میں قائم کمانڈ اینڈ کنٹرول روم کے ذریعے جدید ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) کی مدد سے مزارات کی 24 گھنٹے نگرانی کی جارہی ہے۔ وہ اوقاف ہیڈکوارٹرز لاہور میں ڈیجیٹل مانیٹرنگ سسٹم کے اجرا اور کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ کے دوران اظہار خیال کر رہے تھے۔

بقیہ سحر 63

سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے APCs اور ڈرونز کی برابر فراہمی کا جائزہ لیا گیا۔ پولیس پالیسی بورڈ نے بھاری ہتھیاروں کی الاٹمنٹ اور ان کی ازسرنو منتقلی (Relocation) کے حوالے سے بھی غور کیا۔ دوران اجلاس اس امر پر زور دیا گیا کہ جدید سکیورٹی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے بھاری ہتھیاروں کی فراہمی کو زمینی حقائق، حساسیت اور آپریشنل تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے۔

بقیہ سحر 64

کی فوری نشاندہی ممکن ہوسکے گی اور ملاوٹ مافیا کے خلاف گھیرا مزید تنگ کیا جاسکے گا۔ ڈاکٹر کرن خورشید نے ہدایت جاری کی کہ فوڈ سیمپلز کی ٹیسٹنگ رپورٹس کم سے کم وقت میں مکمل کی جائیں، تاکہ بروقت نتائج سامنے آسکیں۔ انہوں نے پافڈا لیبارٹریوں کے لیے جدید آلات کی خریداری کا عمل فوری مکمل کرنے کی ہدایت بھی کی۔ سیکرٹری فوڈ سیفٹی نے بتایا کہ پافڈا اس وقت 286 مختلف اشیائے خورونوش کی کوالٹی ٹیسٹنگ کر رہا ہے اور اس کا دائرہ کار مزید بڑھایا جا رہا ہے جبکہ ملتان اور فیصل آباد میں قائم پافڈا لیبارٹریوں کی فوڈ ٹیسٹنگ صلاحیتوں میں بھی اضافہ کیا جا رہا ہے جس سے ملاوٹ شدہ خوراک کے نتائج بروقت حاصل کر کے ذمہ داروں کے خلاف فوری قانونی کاروائی عمل میں لائی جا سکے۔ ڈاکٹر کرن خورشید نے واضح کیا ہے کہ پنجاب کے شہریوں کو ملاوٹ سے پاک اور صاف خوراک کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ سحر 65

اور چیئرمین لیکوڈیشن کمیٹی ملک عبدالوحید کی ہدایت پر کارروائی کی۔ ذرائع کے مطابق مال روڈ پر قیمتی سرکاری اراضی پر مبینہ قبضے کی اطلاع ملنے کے بعد متعلقہ ریکارڈ اور ضروری چھان بین مکمل کی گئی۔ تحقیقات اور سرکاری ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے بعد قبضہ ختم کرانے کے احکامات جاری کیے گئے۔ لیکوڈیشن کمیٹی کی کارروائی کے دوران بھاری مشینری استعمال کرتے ہوئے سرکاری زمین پر قائم چاردیواری مسمار کردی گئی۔ آپریشن کے نتیجے میں 90 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی قیمتی کمرشل اراضی کا قبضہ حکومت نے واپس حاصل کرلیا۔ واگزار کرائی گئی سرکاری زمین کے تحفظ کے لیے موقع پر سکیورٹی بھی تعینات کر دی گئی ہے۔ مال روڈ آپریشن میں لیکوڈیشن کمیٹی کے پراپرٹی، ریونیو، ایڈمن، لیگل اور آپریشن ونگز نے حصہ لیا۔ بورڈ آف ریونیو حکام کا کہنا ہے کہ سرکاری زمین پر قبضہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور سرکاری اراضی واگزار کرانے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ سحر 66

اضح کیا کہ پانی چوری کا براہِ راست اثر ٹیل کے کاشتکاروں پر پڑتا ہے۔ کسی بھی صورت میں پانی کی غیر قانونی نکاسی یا نہری نظام میں مداخلت برداشت نہیں کی جائے گی"۔ انہوں نے ٹیل اینڈ تک مقررہ شیڈول کے مطابق پانی کی فراہمی یقینی بنانے کا بھی حکم دیا۔ شکایات کے فوری ازالے اور فیلڈ مانیٹرنگ پر زور سیکرٹری آبپاشی ڈاکٹر واصف خورشید نے کہا کہ آبپاشی صارفین کی شکایات کو صرف رجسٹر کرنے کے بجائے ان کا عملی حل نکالا جائے۔

بقیہ سحر 67

والوں کے خلاف سخت کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ علاوہ ازیں چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا کی زیرصدارت ماہانہ ریونیو اہداف بارے اجلاس ہوا۔ چیئرمین پی آر اے نے کہا کہ پنجاب میں ٹیکس کمپلائنس، انفورسمنٹ اور ڈیجیٹل ٹیکس ایڈمنسٹریشن میں نمایاں بہتری آئے گی، ڈیجیٹل مانیٹرنگ اور براہ راست ادائیگیوں سے ٹیکس وصولی میں شفافیت اور محصولات میں اضافہ ہوا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ انفورسمنٹ ٹیمیں فیلڈ آپریشن میں تیزی سے عوامی شکایات کا بروقت تدارک یقینی بنائیں۔

بقیہ سحر 68

نے واضح کیا کہ اسکولوں میں صفائی یا کسی بھی قسم کی مشقت پر پابندی ہے اور طلبہ کو صرف تعلیمی ماحول فراہم کرنا ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کے لیے تعلیمی سرگرمیوں پر مبنی ماحول یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ سحر 69

شام ہوتے ہی بدترین لوڈشیڈنگ کا سلسلہ شروع ہوجاتا ہے، ایک جانب بجلی کی بندش تو دوسری جانب تکنیکی خرابیوں کی بھرمار نے صارفین کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایل این جی کی عدم دستیابی کے باعث بجلی کی پیداوار میں کمی ہوئی ہے، جبکہ بجلی کی پیداوار میں کمی اور لیسکو کا خستہ حال ڈسٹری بیوشن سسٹم لوڈشیڈنگ کی بڑی وجوہات میں شامل ہیں۔ رات بھر بجلی کی آنکھ مچولی کے باعث شہریوں کی نیندیں متاثر ہوئیں، شہر کے مختلف علاقوں میں 30 منٹ سے ایک گھنٹے تک وقفے وقفے سے جبری لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے، جبکہ دیہی اور سرحدی علاقوں میں ہر گھنٹے کے بعد ایک گھنٹہ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی اطلاعات ہیں۔ ذرائع کے مطابق ہائی لاسز فیڈرز پر 2 سے 6 گھنٹے تک لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے، بجلی کی فراہمی بحال ہونے کے بعد بھی شہریوں کو ٹرانسفارمرز کے جمپر اترنے اور دیگر تکنیکی خرابیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ گنجان آباد علاقوں میں تکنیکی خرابیوں اور ٹرانسفارمرز خراب ہونے کی شکایات میں بھی ہوشربا اضافہ ہوا ہے

بقیہ سحر 70

نادہندگان کے خلاف ریکوری مہم میں 14 کروڑ 79 لاکھ 40 ہزار روپے کی ریکوری کی گئی۔ ترجمان لیسکو کے مطابق گزشتہ ماہ میں لیسکو کے 8 سرکلز میں 1,498 نادہندگان سے 147.94 ملین روپے وصول کیے گئے، قصور سرکل ریکوری میں سب سے آگے، 307 نادہندگان سے 49.52 ملین روپے وصول، سنٹرل سرکل میں 298 نادہندگان سے 18.70 ملین روپے کی ریکوری، شیخوپورہ سرکل میں 137 نادہندگان سے 17.67 ملین روپے وصول کیے گئے، ناردرن سرکل میں 250 نادہندگان سے 15.79 ملین روپے کی ریکوری، ایسٹرن سرکل میں 197 نادہندگان سے 13.46 ملین روپے وصول، سدرن سرکل میں 153 نادہندگان سے 12.82 ملین روپے کی ریکوری، اوکاڑہ سرکل میں 93 نادہندگان سے 10.49 ملین روپے وصول کیے گئے اور ننکانہ سرکل میں 63 نادہندگان سے 9.49 ملین روپے کی ریکوری کی گئی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر لیسکو محمد رمضان بٹ نے کہا کہ ریکوری اہداف کے حصول کے لئے بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ سحر 71

نے کہا کہ ماہ رواں ستمبر میں مزید ایک ڈرین اور 6 واٹر ٹینک پایہ تکمیل تک پہنچ جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی پی کا اگلا مرحلہ ڈسپوزل سٹیشنز کی تعمیر پر توجہ دینے کا ہے چنانچہ 23 شہروں میں ڈسپوزل سٹیشنز کی تعمیر و بحالی کا کام شروع ہوگیا ہے۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ "مریم نواز کا سوہنا پنجاب ویژن" کی تکمیل پر تیز رفتاری سے کام جاری ہے۔ نئے ڈسپوزل سٹیشنز کی تعمیر سے برساتی پانی کے نکاس کی صلاحیت بڑھے گی۔ پی ڈی پی کا فوکس اربن فلڈنگ کی ہر ممکن طریقے سے روک تھام ہی ہے۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ پی ڈی پی کے تحت شہروں میں گلیوں، سڑکوں اور سیوریج سسٹم کی تعمیر پر بھی کام جاری ہے۔ انشاءاللہ مرحلہ وار پارکس کی تعمیر اور سٹریٹ لائٹس کی تنصیب و بحالی کو بھی یقینی بنائیں گے۔

بقیہ سحر 72

ایک مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ فیسٹیول میں خاندانوں کے لیے تفریحی سرگرمیوں کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ ٹریڈ ایکسپو میں پاکستان اور چین کی معروف کمپنیاں شرکت کریں گی جہاں مختلف کاروباری ادارے اپنی مصنوعات اور خدمات نمائش کے لیے پیش کریں گے۔ اس موقع پر کاروباری افراد کو دونوں ممالک کی کمپنیوں کے ساتھ ممکنہ تجارتی شراکت داری اور کاروباری روابط کے نئے مواقع تلاش کرنے کا موقع ملے گا۔ ایونٹ کا ایک اہم حصہ بزنس ٹو بزنس نیٹ ورکنگ سیشنز ہوں گے، جن میں نمائش کنندگان، کاروباری شخصیات، سرمایہ کاروں، متعلقہ اداروں کے نمائندگان اور دونوں ممالک کے اہم فیصلہ ساز شریک ہوں گے۔

بقیہ سحر 73

سائیکل سوار شدید زخمی ہوا پانچ روز تک زیر علاج رہنے کے بعد دم توڑ گیا۔ توجہ دلاؤ نوٹس میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ واقعے میں ذمہ داروں کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے، اب تک کی پولیس تفتیش سے ایوان کو آگاہ کیا جائے۔

بقیہ سحر 74

قبضے اور اہلیت کی مکمل تصدیق لازمی ہوگی۔ منصوبے کے تحت بینک آف پنجاب کو مالیاتی شراکت دار بنانے کی صورت میں باقاعدہ معاہدہ کیا جائے گا جبکہ غیر استعمال شدہ یا تقسیم نہ ہونے والی رقم صوبائی کنسالیڈیٹڈ فنڈ میں واپس جمع کرائی جائے گی۔ لیز منسوخ یا واپس ہونے کی صورت میں گرانٹ کی وصولی کا طریقہ کار بھی واضح کیا جائے گا۔ محکمہ زراعت کو گرانٹ کی تقسیم کا مکمل آڈٹ ٹریل برقرار رکھنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ دوسری جانب پیپرا نے قاعدہ (59 ای) کے تحت سرکاری یا حکومت کے زیر انتظام اداروں کے ساتھ براہِ راست معاہدے کی گنجائش دے دی ہے۔

مذہبی املاک
اقلیتوں کی امانت ہیں
آل پاکستان سکھ و ہندو سنگت
E.T.P.B EMPLOYEE UNION

لاہور: آل پاکستان سکھ وہندوسنگت کے زیراہتمام سندھ میں اقلیتوں کے اثاثہ جات پر قبضے کے خلاف احتجاج کیا جارہا ہے

صوبائی وزیر صنعت وتجارت

امتحانی مراکز کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ، امتحانی پیپرز کی ای مارکنگ اور ڈیجیٹل ٹریکنگ سسٹم کا نظام لاگو کیا گیا ہے

چوہدری شافع حسین کا پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کا دورہ ،ون ونڈو سروسز اور شکایات سیل کی ورکنگ کا مشاہدہ کیا

امتحانی نظام میں شفافیت کیلئے پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کے امورکی ڈیجیٹائزیشن کردی گئی ہے، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کے بورڈ ممبران کے اجلاس کی صدارت کی، اجلاس میں 15 نکاتی ایجنڈے پرغور کیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کا دورہ کیا۔ ون ونڈو سروسز اور شکایات سیل کی ورکنگ کا مشاہدہ کیا۔ صوبائی وزیر نے پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کے بورڈ ممبران کے اجلاس کی صدارت کی۔ بورڈ اجلاس میں 15 نکاتی ایجنڈے پرغور کیا گیا۔ چیئرمین پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن ڈاکٹر فیصل محمود نے بورڈ کے امور کی ڈیجیٹائزیشن، بورڈ میں کی گئی اصلاحات اور ادارے کی تشکیل نو بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کے بعض انتظامی اور مالیاتی امور کی منظوری دی گئی۔ بورڈ نے میڈیکل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

لاہور: چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا، ابتدائی 2 ماہ میں ریکارڈ اہداف سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کراچی میں پاک بحریہ کی بڑی بحری مشق سی اسپارک 2026 کا آغاز

بدلتے ہوئے سکیورٹی ماحول میں غیر متزلزل جنگی تیاری ناگزیر ہے، نیول چیف

مشق میں انفارمیشن ماحول میں آپریشنز اور معلوماتی جنگ پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے

راولپنڈی (اے ایف بی) پاک بحریہ کی بڑی بحری مشق سی اسپارک 2026 کا کراچی میں آغاز ہوگیا، نیول چیف نے مشق کی افتتاحی بریفنگ کی صدارت کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق مشق کا مقصد پاک بحریہ کی جنگی تیاری، سمندری خطرات سے نمٹنے کی صلاحیت اور بدلتے ہوئے سکیورٹی ماحول میں آپریشنل استعداد کا جائزہ لینا ہے۔ مشق میں پاک بحریہ کے جنگی بحری جہاز، آبدوزیں، طیارے اور بغیر پائلٹ نظام حصہ لے رہے ہیں، جبکہ میرینز، اسپیشل فورسز کے علاوہ پاک فوج اور پاک فضائیہ کے دستے بھی مشق کا حصہ ہیں۔ سی اسپارک 2026 کے دوران روایتی اور ابھرتے ہوئے سمندری خطرات سے نمٹنے کی مشق کی جارہی ہے۔ مشق میں ملٹی ڈومین آپریشنز کے تحت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

سوات اور گردونواح میں زلزلے کے شدید جھٹکے، شدت 5 ریکارڈ، جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی

پشاور (اے ایف بی) سوات اور گردونواح میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 5 ریکارڈ کی گئی، زلزلے کی زیر زمین گہرائی 224 کلو میٹر، مرکز کوہ ہندوکش کا پہاڑی سلسلہ تھا۔ زلزلے سے شہریوں میں خوف وہراس پھیل گیا۔ زلزلے سے کسی جانی و مالی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز بھی سوات اور گردونواح میں زلزلے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

میر رضا کیس، جوڈیشل کمیشن نے پولیس افسران، بزنس پارٹنرز اور دوستوں کو سمن جاری کردیا

کراچی (اے ایف بی) جوڈیشل کمیشن نے میر رضا کے 2 بزنس پارٹنرز، 2 دوستوں اور آن لائن کار ڈرائیور کو آج (جمعرات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

گیس پلانٹ منصوبے کی منظوری سے زیتون کے جنگلات کو تحفظ ملے گا، سینیٹر بلال مندوخیل

جلد ای سی سی سے فنڈز جاری کرا کر منصوبے کا پراسیس اور ٹینڈر کیا جائے گا، جبکہ سوئی گیس حکام تنصیب کا کام کرینگے

ژوب، لورالائی میں گیس پلانٹ منصوبہ وفاقی کابینہ نے منظور کرلیا ہے، عوام کو سستے گیس سلنڈر دستیاب ہونگے، بیان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی کابینہ سے ژوب اور لورالائی میں گیس پلانٹ کی منظوری کے بعد علاقے کے عوام کی قسمت جاگ اٹھی، وفاقی کابینہ نے گیس پلانٹ منصوبے کی منظوری سینیٹر بلال مندوخیل کی تجویز و مطالبے پر دی ہے۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ان کی تجویز اور مطالبے پر وفاقی کابینہ نے ژوب اور لورالائی میں گیس پلانٹس کی تنصیب کے منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ جلد ای سی سی سے فنڈز جاری کرا کر منصوبے کا پراسیس اور ٹینڈر کیا جائے گا، جبکہ سوئی گیس حکام تنصیب کا کام کریں گے۔ ان کے مطابق دوسرے مرحلے میں قلعہ سیف اللہ، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

نائب وزیراعظم اور پاکستانی وفد کے اعزاز میں کرغزستان کے وزیرخارجہ کا ظہرانہ، ثقافتی پروگرام بھی پیش کیا گیا

بشکیک (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اوران کے ہمراہ پاکستانی وفد کے اعزاز میں جمہوریہ کرغزستان کے وزیرخارجہ ژین بیک کولو بایف نے بدھ کو بشکیک میں ظہرانے کا اہتمام کیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق ظہرانے کے موقع پر ایک ثقافتی پروگرام بھی پیش کیا گیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

نائب وزیراعظم اور پاکستانی وفد کے اعزاز میں کرغزستان کے وزیرخارجہ کا ظہرانہ، ثقافتی پروگرام بھی پیش کیا گیا

بشکیک (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اوران کے ہمراہ پاکستانی وفد کے اعزاز میں جمہوریہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

لاہور: صوبائی وزیرمعدنیات سردار شیر علی گورچانی اجلاس میں شرکت کے بعد واپس جارہے ہیں

پنجاب میں دھواں چھوڑنے والی تمام سرکاری گاڑیاں بند کرنے کا فیصلہ

مریم اورنگزیب کی زیر صدارت اجلاس، اسموگ کے خاتمے کے لیے ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کی منظوری

فصلوں کی باقیات جلانے، آلودگی پھیلانے والے کارخانوں اور دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا گیا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے بھر میں دھواں چھوڑنے والی تمام سرکاری گاڑیاں فوری بند کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی زیرِ صدارت اجلاس میں منظوری دے دی گئی۔ اجلاس میں اسموگ کے خاتمے کے لیے ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ فصلوں کی باقیات جلانے، آلودگی پھیلانے والے کارخانوں اور دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اجلاس میں کوڑا کرکٹ اور پلاسٹک جلانے والوں کو بھاری جرمانے اور ویسٹ برننگ میں ملوث ستھرا پنجاب کی کمپنی کا ٹھیکہ منسوخ کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ اجلاس میں باربی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

پشاور، گورنمنٹ پرائمری اسکول حیات آباد میں طلبہ سے صفائی کروانے کا انکشاف

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پشاور کا اسکول کا اچانک دورہ، پانچ اساتذہ معطل

پشاور (بیوروروپورٹ) گورنمنٹ پرائمری سکول حیات آباد میں طلبہ سے صفائی کروانے کا انکشاف ہوا ہے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پشاور نے واقعے کا اچانک دورہ کیا جس کے بعد پانچ اساتذہ کو فوری طور پر معطل کردیا گیا ہے۔ واقعے کی تحقیقات کیلئے انکوائری کمیٹی قائم کردی گئی ہے اور ہدایت دی گئی ہے کہ انکوائری رپورٹ سات دن کے اندر پیش کی جائے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پشاور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

لاہور: خواجہ سراء اپنے مطالبات کے حق میں پریس کلب کے باہر احتجاج کررہے ہیں

پی آر اے نے مالی سال کے ابتدائی 2 ماہ میں 54.8 ارب روپے اکٹھے کرلیے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے رواں مالی سال کے ابتدائی 2 ماہ میں 54.8 ارب روپے اکٹھے کرلیے جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 11.5 ارب روپے زائد ہیں۔ ترجمان کے مطابق عوام کے ادا کردہ ٹیکسز میں خوردبرد قانوناً جرم ہے اور جعلسازی کرنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

لاہور سمیت پنجاب بھر میں بجلی کی غیراعلانیہ اور جبری لوڈشیڈنگ جاری، شہری شدید پریشانی کا شکار

لاہور (اے ایف بی) لاہور سمیت پنجاب بھر میں بجلی کی غیراعلانیہ اور جبری لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے، لیسکو ریجن کے مختلف علاقوں میں رات بھر بجلی کی آنکھ مچولی سے شہری شدید پریشان ہیں۔ ذرائع کے مطابق لیسکو ریجن میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

لیسکو کی نادہندگان کے خلاف کارروائیاں، اگست میں 14 کروڑ 79 لاکھ روپے سے زائد ریکوری

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیف ایگزیکٹو آفیسر لیسکو انجینئر محمد رمضان بٹ کی ہدایات پر نادہندگان کے خلاف کارروائیاں تیزی سے جاری ہیں، اگست 2026ء کے دوران لیسکو کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

ٹریفک وارڈن کی مبینہ غفلت سے موٹر سائیکل سوار کے جاں بحق ہونے کا معاملہ، پنجاب اسمبلی میں توجہ دلاؤ نوٹس جمع

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور میں ٹریفک وارڈن کی مبینہ غفلت سے موٹر سائیکل سوار کے جاں بحق ہونے کے معاملے پر پنجاب اسمبلی میں توجہ دلاؤ نوٹس جمع کروا دیا گیا۔ اپوزیشن رکن محمد اعجاز شفیع کی جانب سے جمع کروائے گئے توجہ دلاؤ نوٹس کے متن میں کہا گیا ہے کہ ٹریفک وارڈن نے موٹرسائیکل سوار کو سڑک کے درمیان آ کر روکا جس سے موٹرسائیکل سوار فٹ پاتھ سے جاٹکرایا، حادثے میں موٹر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73)

51 شہروں میں 96 ڈرینز اور 94 واٹر ٹینکس کی تعمیر مکمل، وزیر بلدیات کا اظہار اطمینان

پی ڈی پی کے تحت شہروں میں گلیوں، سڑکوں اور سیوریج سسٹم کی تعمیر پر بھی کام جاری ہے‘ ذیشان رفیق

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے 51 شہروں میں ڈرینز اور انڈر گراؤنڈ واٹر ٹینک کی تعمیر تقریباً مکمل ہونے پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اب تک 96 ڈرینز اور 94 واٹر ٹینک مکمل کئے جاچکے ہیں۔ وہ سول سیکرٹریٹ میں پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) کے ایک جائزہ اجلاس کے دوران اظہارِ خیال کررہے تھے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ زید بن مقصود اور اسپیشل سیکرٹری شاہد زمان لک، متعلقہ شہروں کے میونسپل آفیسرز انفراسٹرکچر (ایم او آئی) اور اسسٹنٹ پراجیکٹ ڈائریکٹرز (اے پی ڈی) بھی بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شریک ہوئے۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

پاک چین دوستی فیسٹیول ٹریڈ ایکسپو 12 اور 13 دسمبر کو لاہور میں منعقد ہوگی

ٹریڈ ایکسپو میں پاکستان اور چین کی معروف کمپنیاں شرکت کریں گی، دیگر سرگرمیاں بھی ہوں گی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان چائنا جوائنٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیراہتمام عوامی جمہوریہ چین کے قونصل جنرل لاہور اور حکومت پنجاب کے محکمہ اطلاعات و ثقافت کے تعاون سے پاک چین دوستی فیسٹیول 2026 ٹریڈ ایکسپو 12 اور 13 دسمبر کو لاہور میں منعقد ہوگی۔ فیسٹیول کا مقصد پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک کے کاروباری افراد کو باہمی رابطوں، تجارتی مواقع، کاروباری شراکت داری اور ثقافتی تبادلے کے لیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

اپنا کھیت اپنا روزگار پروگرام کے لیے 3 ارب 90 کروڑ روپے کی گرانٹ منظور

19 ہزار 326 کامیاب الاٹیوں کو مالی معاونت، 78 ہزار ایکڑ اراضی کیلئے فی ایکڑ 50 ہزار روپے گرانٹ دی جائیگی

محکمہ خزانہ نے زرعی سبسڈیز کے موجودہ بجٹ سے فنڈز فراہم کرنے کی حمایت کرتے ہوئے گرانٹ کی تقسیم کے طریقہ کار پر سخت شرائط عائد کردی ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) حکومت پنجاب نے ”اپنا کھیت، اپنا روزگار“ پروگرام کے لیے 3 ارب 90 کروڑ روپے کی ترقیاتی گرانٹ کی منظوری دے دی۔ اس منصوبے کے تحت 19 ہزار 326 کامیاب الاٹیوں کو مالی معاونت فراہم کی جائے گی جبکہ 78 ہزار ایکڑ اراضی کے لیے فی ایکڑ 50 ہزار روپے کی گرانٹ دی جائے گی۔ محکمہ خزانہ نے زرعی سبسڈیز کے موجودہ بجٹ سے فنڈز فراہم کرنے کی حمایت کرتے ہوئے گرانٹ کی تقسیم کے طریقہ کار پر سخت شرائط عائد کردی ہیں۔ ہدایات کے مطابق ہر قسط کا اجرا قابلِ پیمائش اہداف اور مؤثر تصدیقی نظام سے مشروط ہوگا جبکہ فنڈز جاری کرنے سے قبل مستحقین، لیز ڈیڈ، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 74)

لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کے بورڈ ممبران کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بانی پی ٹی آئی کی بیٹوں سے بات کرانے کی 2 کوششیں کی گئیں، بیرسٹر عقیل

سیاسی مقاصد کے لیے کوئی حربہ استعمال کیا گیا تو ملاقاتیں روکی جاسکتی ہیں

اسلام آباد (اے ایف بی) وزیرمملکت برائے قانون بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ان کے بیٹوں سے بات کرانے کی 2 کوششیں کی گئیں مگر یا تو کنکشن کا مسئلہ ہے یا وہ والد سے بات ہی کرنا نہیں چاہتے۔ ایک انٹرویو میں بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ حکومت کی جانب سے عدالتی فیصلے پر عملدرآمد جاری ہے، عمران خان کی بہنوں سے ملاقاتیں بھی کرائی جاچکی ہیں مگر سوشل میڈیا پر اداروں اور ان کے سربراہان کو ٹارگٹ کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی مقاصد کے لیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

باجوڑ، پاکستانی نوجوان نے 6 سال میں اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کرلیا

صوبائی حکومت کا 6 ستمبر کو باجوڑ اسپورٹس کمپلیکس میں آزمائشی مظاہرے کے بعد اڑان کی اجازت دینے کا وعدہ

باجوڑ (اے ایف بی) خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ کے ذہین اور باصلاحیت نوجوان نے 6 سال میں اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کرلیا۔ رپورٹ کے مطابق سبحان اللہ نامی نوجوان نے محدود وسائل اور مشکلات کے باوجود 6 سال کی مسلسل محنت کے بعد اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کیا۔ حکومت نے 6 ستمبر کو باجوڑ اسپورٹس کمپلیکس میں آزمائشی مظاہرے کے بعد اڑان کی اجازت دینے کا وعدہ کیا ہے۔ باصلاحیت نوجوان مقامی سطح پر لوگوں کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ نوجوان سبحان اللہ کے مطابق 6 ستمبر کو باجوڑ اسپورٹس کمپلیکس میں ہیلی کاپٹر کا آزمائشی مظاہرہ کرنے کا موقع دیا جائے گا، کامیاب تجربے کی صورت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

بانی پی ٹی آئی کی ہسپتال منتقلی، عظمیٰ خان کی توہینِ عدالت کی دوسری درخواست دائر

سپریم کورٹ میں درخواست عزیر بھنڈاری اور سلمان اکرم راجہ کی جانب سے دائر کی گئی تھی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بانی پی ٹی آئی کے علاج معالجے وہسپتال منتقلی کے معاملے پر ان کی ہمشیرہ ڈاکٹر عظمیٰ خان کی دوسری توہین عدالت کی درخواست سپریم کورٹ میں دائر کر دی گئی۔ ڈاکٹر عظمیٰ خان کی جانب سے بانیء پی ٹی آئی سے ملاقات اور بچوں سے بات نہ کروانے پر توہین عدالت کی درخواست دائر کی گئی ہے۔ درخواست میں 18 اگست کے عدالتی حکم پر عملدرآمد نہ ہونے، عدالتی حکم کے باوجود بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہ کروانے اور بانی کو بیٹوں سے فون کالز کی سہولت نہ دینے کا الزام لگایا گیا ہے۔ درخواست میں ڈاکٹر عظمیٰ خان، علیمہ خان اور قاسم زمان کو ملاقات سے روکنے کا الزام بھی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

ڈی آئی جی سکیورٹی اسلام آباد کا اینٹی رائٹ کورس کا دورہ، تربیتی مراحل کا جائزہ

پولیس افسران وجوانوں کی جدید خطوط پر تربیت وقت کی اہم ضرورت ہے، رانا عمر فاروق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈی آئی جی سکیورٹی اسلام آباد رانا عمر فاروق نے سکیورٹی ڈویژن میں جاری اینٹی رائٹ کورس کا دورہ کر کے افسران و جوانوں کی تربیت، عملی مشقوں اور تربیتی مراحل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ بدھ کو ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق ڈی آئی جی سکیورٹی نے تربیتی مشقوں کا مشاہدہ کرتے ہوئے افسران و جوانوں کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور عملی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے تربیتی عمل کو مزید موثر بنانے اور جوانوں کی پیشہ وارانہ استعداد کار میں اضافے کے لیے ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔ اس موقع پر رانا عمر فاروق نے کہا کہ پولیس افسران و جوانوں کی جدید خطوط پر تربیت وقت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ کررہے ہیں

انسداد دہشت گردی ترمیمی ایکٹ کی منظوری روکنے کیلئے گورنر پنجاب کو مراسلہ ارسال

اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی اور جوڈیشل ایکٹوزم پینل کا بل دوبارہ غور کیلئے اسمبلی کو واپس بھجوانے کا مطالبہ

سکیورٹی کی وجہ سے آئین سے انحراف جائز نہیں، ٹرائل آزاد اور غیر جانبدار عدالتوں میں ہوں، متن

لاہور (سٹاف رپورٹر) انسداد دہشت گردی ترمیمی ایکٹ 2026ء کو قانون بننے سے روکنے کے لئے اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی اور جوڈیشل ایکٹوزم پینل نے گورنر پنجاب کو مراسلہ بھجوا دیا۔ مراسلے میں گورنر پنجاب سے درخواست کی گئی ہے کہ آئین کے آرٹیکل (116) (2) (b) کے تحت بل کو ازسرنو غور کرنے کیلئے اسمبلی کو بھجوایا جائے۔ جوڈیشل ایکٹوزم پینل کی جانب سے گورنر کو بھجوائی جانے والی درخواست میں قائد حزب اختلاف محمد معین الدین ریاض اور ایم پی اے چوہدری اعجاز شفیع سمیت دیگر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

تاجر آسان ٹیکس سکیم پر وضاحتی سرکلر جاری کیا جائے‘ پاکستان ٹیکس بار

ایف بی آر 10 نکات پر طلب کی گئی وضاحت کا جواب دے‘ صدر احسان الحق، جنرل سیکرٹری طاہر محمود بٹ

ایمپیوٹ ایبل انکم اگر حقیقی آمدن سے کم ہوتو کیا پھر بھی وہ افراد سکیم میں شامل ہوسکیں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو سے مطالبہ کیا ہے کہ تاجر آسان ٹیکس سکیم پر فوری وضاحتی سرکلر جاری کیا جائے تاکہ موجودہ ابہامات دور ہوں اور زیادہ سے زیادہ تاجروں کو سکیم میں شامل ہونے پر آمادہ کیا جاسکے، 9 اگست کو ایف بی آر کو خط لکھ کر سکیم کے حوالے سے 10 اہم نکات پر وضاحت طلب کی تھی جس کا تاحال کوئی جواب نہیں دیا گیا۔ پاکستان ٹیکس بار کے صدر احسان الحق شیخ، جنرل سیکرٹری طاہر محمود بٹ، سینئر نائب صدر شیخ محمد یاسین، نائب صدور شہباز قادر، رانا منظور حسین، عامر حنیف نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ سکیم میں دکاندار اور چھوٹا دکاندار کی تعریف، ریٹیلرز و دیگر تاجروں کی شمولیت، سکیم کی مدت اور یکم جولائی 2026 کے بعد ٹیکس نظام، ایک فیصد ٹرن اوور ٹیکس اور ٹیکس ایئر 2025 کی ٹیکس ادائیگی کی بنیاد واضح ہونا ضروری ہے، ایمپیوٹ ایبل انکم اگر حقیقی آمدن سے کم ہوتو کیا پھر بھی وہ افراد سکیم میں شامل ہوسکیں گے، اگر کاروباری آمدن کے علاوہ اور ذریعہ آمدن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

اسکول گارڈز کی نئی بھرتیوں کی منظوری، تمام سی ای اوز سے تصدیقی ڈیٹا طلب

انتہائی حساس سکولوں میں کنٹریکٹ ختم ہونے پر خالی ہونے والی اسامیوں پر مرحلہ وار نئی بھرتیوں کی اجازت دے دی گئی

لالہ موسیٰ (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومتِ پنجاب کے اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے صوبہ بھر کے سرکاری اسکولوں میں سکیورٹی گارڈز کی اسامیوں کی تصدیق اور نئی بھرتیوں سے متعلق اہم مراسلہ جاری کردیا ہے۔ تمام ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹیز (DEAs) کے چیف ایگزیکٹو آفیسرز (CEOs) کو ہنگامی بنیادوں پر متعلقہ ڈیٹا کی تصدیق کی ہدایت کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق، سال 2015 کے سانحہ آرمی پبلک اسکول (APS) پشاور کے بعد 2015 سے 2018 کے دوران بھرتی کیے گئے اسکول گارڈز کی 10 سالہ کنٹریکٹ مدت مختلف مراحل میں مکمل ہورہی ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر صوبائی کابینہ کی قائم کردہ کمیٹی نے تعلیمی اداروں کی سیکورٹی یقینی بنانے کے لیے اہم فیصلے کیے ہیں: نئی بھرتیوں کی اجازت: +A اور A کیٹیگری کے انتہائی حساس (High-Risk) اسکولوں میں کنٹریکٹ ختم ہونے پر خالی ہونے والی اسامیوں پر مرحلہ وار نئی بھرتیوں کی اجازت دے دی گئی ہے۔ 1509 اسامیوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

پافڈا اس وقت 286 مختلف اشیائے خوردونوش کی کوالٹی ٹیسٹنگ کررہا ہے‘ سیکرٹری فوڈ سیفٹی

جدید ٹیسٹنگ لیبارٹریوں کے ذریعے ملاوٹ شدہ اشیائے خورد ونوش کی فوری نشاندہی ممکن ہوگئی‘ ڈاکٹر کرن خورشید

شہریوں کو ملاوٹ سے پاک اور صاف خوراک کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن ڈاکٹر کرن خورشید کی زیرصدارت پنجاب ایگریکلچر، فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی (پافڈا) کا اہم اجلاس منعقد ہوا- اس موقع پر ڈی جی فوڈ اتھارٹی راجہ منصور، ایڈیشنل ڈی جی لائسنسنگ راؤ پرویز اختر، ممبر ریسرچ اینڈ ٹریننگ ڈاکٹر عرفان عاشق اور ممبر پافڈا محمد ناصر سمیت دیگر اعلیٰ افسران موجود تھے۔ اجلاس میں سیکرٹری فوڈ سیفٹی ڈاکٹر کرن خورشید نے کہا کہ پافڈا کی جدید ٹیسٹنگ لیبارٹریوں کے ذریعے ملاوٹ شدہ اشیائے خور و نوش (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

لاہور میں پانی چوری کے خلاف سخت اقدامات کا فیصلہ، ٹیل تک منصفانہ فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

وزیر آبپاشی میاں کاظم پیرزادہ کی زیر صدارت چیف انجینئرز کا اہم اجلاس

محکمہ کی قیمتی اراضی پر کسی قسم کا غیر قانونی قبضہ برداشت نہیں کیا جائے گا

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبے میں نہری نظام میں پانی چوری کے تدارک اور ٹیل تک پانی کی منصفانہ فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے وزیر آبپاشی میاں کاظم پیرزادہ کی زیرِ صدارت چیف انجینئرز کا اہم اجلاس لاہور میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری آبپاشی ڈاکٹر واصف خورشید، سپیشل سیکرٹری آبپاشی خضر افضال اور محکمہ آبپاشی کے تمام زونز کے چیف انجینئرز سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ پانی چوری کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی وزیرِ آبپاشی نے پانی چوری کو کاشتکاروں کے لیے سب سے بڑا مسئلہ قرار دیتے ہوئے چیف انجینئرز کو ہدایت کی کہ اس کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ روایتی طریقہ کار سے ہٹ کر فیلڈ میں عملی نگرانی کی جائے اور ہر نہر، ڈسٹری بیوٹری اور مائنر پر پانی کی غیر قانونی نکاسی روکنے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔ میاں کاظم پیرزادہ نے و (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

جڑواں شہروں میں اربن فلڈنگ پر تشویش، فوری امداد یقینی بنائی جائے‘ راجہ پرویز اشرف

قدرتی آفات سیاسی وابستگیوں میں امتیاز نہیں کرتیں، بارشی پانی کی فوری نکاسی اور متاثرین کے انخلا کا انتظام کیا جائے

وفاقی دارالحکومت کے مضافات اور راولپنڈی کی دیہاتی آبادیوں کو فوری امداد پہنچائی جائے

ہمارے اداروں کو موسمیاتی تبدیلیوں کے مطابق اپنی منصوبہ بندی کرنا ہوگی، یہ سیاسی پوائنٹ سکورنگ کا وقت نہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وزیراعظم اور پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف نے جڑواں شہروں میں اربن فلڈنگ پر اظہار تشویش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قدرتی آفات آبادیوں یا سیاسی وابستگیوں میں امتیاز نہیں کرتیں لہٰذا ترقیاتی ادارے فوری طور پر آبادیوں سے بارشی پانی کے نکاس کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ نشیبی علاقوں میں فوری امداد، متاثرین کے انخلاء اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اور متاثرین کو بروقت امداد فراہم کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہونی چاہیے۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ وفاقی دارلحکومت کے مضافات اور راولپنڈی کی دیہاتی آبادیوں کو فوری امداد پہنچائی جائے۔ سابق وزیر اعظم نے زور دیکر کہا کہ ہمارے اداروں کو موسمیاتی تبدیلیوں کے مطابق اپنی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

محفوظ ڈیجیٹل ماحول ہر بچے کا بنیادی حق، موثر قانون سازی ضروری ہے، سارہ احمد

اسلام آباد (اے ایف بی) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد نے کہا ہے کہ محفوظ ڈیجیٹل ماحول ہر بچے کا بنیادی حق ہے، موثر قانون سازی وقت کی ضرورت ہے۔ اپنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

یوم دفاع وشہدا، پشاور کے تعلیمی اداروں میں پاک فوج کے زیراہتمام تقریبات، شہدا کو خراج عقیدت پیش

پشاور (اے ایف بی) یوم دفاع وشہدا کی مناسبت سے آئی سی ایم ماڈل سکول، پلے بی کیڈٹ کالج اور علی گڑھ ایجوکیشن سکول میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

پاکستان میں لسانی نہیں انتظامی بنیاد پر نئے دو صوبے بننے چاہئیں، خالد مقبول صدیقی

ڈسٹرکٹ اور ڈویژن بڑھ سکتے ہیں تو صوبے کیوں نہیں بڑھ سکتے؟ آئی ایم ایف حکومت بچا سکتا ہے، ملک نہیں، وفاقی وزیر

سندھو دیش کے نعرے کو غداری نہیں، سندھ میں نیا صوبہ بنانے کو غداری کہا جاتا ہے‘ کراچی قومی اور صوبائی معیشت میں سب سے بڑا حصہ دیتا ہے

ڈیلس (مانیٹرنگ ڈیسک) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین و وفاقی وزیر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ پاکستان میں آبادی کے ساتھ نئے صوبوں کا قیام ضروری ہے۔ ڈیلس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

2nd Sept 2026
PINS Auditorium
PUNJAB INSTITUTE OF NEUROSCIENCES
LAHORE

لاہور: صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان کانووکیشن تقریب سے خطاب کررہے ہیں

یوم دفاع وشہداء، پشاور کے تعلیمی اداروں میں پاک فوج کے زیراہتمام تقریبات

پشاور (بیوروروپورٹ) یوم دفاع وشہداء کی مناسبت سے آئی سی ایم ماڈل سکول، پلے بی کیڈٹ کالج اور علی گڑھ ایجوکیشن سکول میں پُروقار تقریبات کا انعقاد ہوا، جس میں یوم دفاع وشہداء (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

پاکستانی نوجوان نے 6 سال میں اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کرلیا

باجوڑ (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبرپختونخوا کے ضلع باجوڑ کے ذہین اور باصلاحیت نوجوان نے 6 سال میں اپنی مدد آپ کے تحت ہیلی کاپٹر تیار کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کیمطابق سبحان اللہ نامی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

تھانہ سہالہ پولیس کے زیراہتمام نشہ اب نہیں مہم کے تحت اسلام آباد ماڈل کالج فار بوائز میں آگاہی ریلی وتقریب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی دارالحکومت میں آئی جی اسلام آباد کی ہدایت پر نشہ اب نہیں مہم کے تحت عوام میں آگاہی کا سلسلہ میں تھانہ سہالہ پولیس کے زیر اہتمام اسلام آباد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

پشاور، طالبات اور ملازمت پیشہ خواتین کو مفت الیکٹرک اسکوٹیز دینے کی منظوری

پہلے مرحلے میں پشاور کی طالبات اور ملازمت پیشہ خواتین کو اسکوٹیز دی جائیں گی، اجلاس میں فیصلہ

پشاور (بیوروروپورٹ) طالبات اور ملازمت پیشہ خواتین کو مفت الیکٹرک اسکوٹیز دینے کی منظوری دے دی گئی۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی زیرصدارت اجلاس ہوا جس میں وزیراعلیٰ نے حکام کو اسکوٹیز کی فراہمی کیلئے فوری اقدامات کی ہدایت کی۔ بریفنگ میں بتایا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

پنجاب حکومت نے برتھ اور ڈیتھ سرٹیفکیٹ فیس مزید 3 برس کیلئے مفت کردی

برتھ ڈیتھ رولز 2025ء میں ترمیم، تاخیر سے اندراج پر فیس معافی کی مدت میں توسیع

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت کا برتھ اور ڈیتھ کی لیٹ رجسٹریشن کی فیس پر ریلیف دے دیا۔ برتھ ڈیتھ رولز 2025ء میں ترمیم، تاخیر سے اندراج پر فیس معافی کی مدت میں توسیع دے دی۔ مفت رجسٹریشن کی سہولت میں مزید 3 سال کا اضافہ کردیا گیا۔ فیس معافی اور مدت میں توسیع کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے فل کورٹ اجلاس 5 ستمبر کو طلب کرلیا، لاہور ہائیکورٹ کے تمام ججز شرکت کریں گے

لاہور (کورٹ رپورٹر) چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ مس عالیہ نیلم نے تمام ججز کا فل کورٹ اجلاس 5 ستمبر کو طلب کر لیا۔ ذرائع کے مطابق چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ اجلاس کی صدارت کریں گی، اجلاس میں لاہور ہائیکورٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

وزیراعظم اپنا گھر پروگرام تیزی سے کامیابی کی منازل طے کررہا ہے، خرم شہزاد

تعمیراتی شعبے کی اس لہر نے ملک کی چھوٹی اور درمیانی صنعتوں کو متحرک کردیا ہے، مشیر

آسان شرائط پر قرضوں کی فراہمی سے ملک میں تعمیراتی سرگرمیوں کو زبردست فروغ مل رہا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیرخزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ ملک میں کم آمدنی والے طبقے کو چھت کی فراہمی اور معاشی سرگرمیوں کو تیز کرنے کے لیے وزیراعظم اپنا گھر پروگرام تیزی سے کامیابی کی منازل طے کررہا ہے، یہ اب ایک خاندان کے لیے چھت، کاروبار کے لیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

صدر وفاق المدارس الشیعہ کے ملک بھر میں نمائندگان نامزد

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاق المدارس الشیعہ پاکستان کے صدر آیت اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی نے ملک بھر میں اپنے 10 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

وزیر صحت پنجاب

ڈاکٹر زبیر محب الوطن اور پاکستانی ہیں مریضوں کی خدمت کریں

وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ، ہسپتال کے انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا

جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی 16 ارب روپے کی لاگت سے 250 بیڈز پر مشتمل بین الاقوامی طرز پر بننے والا پہلا ہسپتال ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے جناح انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر صحت نے اہم اجلاس کی صدارت کی۔ اس موقع پر سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود بھی ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق نے ایمرجنسی، او پی ڈی و دیگر شعبہ جات کا دورہ کیا۔ اس موقع پر چیئرمین وزیر اعلیٰ ایڈوائزری کمیٹی برائے امراض قلب ڈاکٹر فرقد عالمگیر بھی موجود تھے۔ اجلاس میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

DRONES IN FUTURE POLICING & SECURITY

آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید 83ویں پولیس پالیسی بورڈ کے اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کی زیرِ صدارت 83ویں پولیس پالیسی بورڈ کا اہم اجلاس

اجلاس کے دوران پولیس کی آپریشنل ضروریات اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال سے متعلق مختلف تجاویز پر تفصیلی غور کیا گیا

سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے APCs اور ڈرونز کی برابر فراہمی کا جائزہ لیا گیا

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کی زیرِ صدارت 83ویں پولیس پالیسی بورڈ کا اہم اجلاس۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کی زیرِ صدارت آج سنٹرل پولیس آفس پشاور میں 83ویں پولیس پالیسی بورڈ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے میں پولیسنگ کے نظام کو مزید مؤثر، جدید اور نتیجہ خیز بنانے، پولیس کی آپریشنل استعدادِ کار بڑھانے اور اہلکاروں کو جدید سہولیات و وسائل کی فراہمی سے متعلق متعدد اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل آئی جی پیز، ڈی آئی جیز، ڈی جی پی سی او، کمانڈنٹس ایف آر پی، ایس ایس یو، ڈائریکٹر آئی ٹی اور دیگر متعلقہ پولیس افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پولیس کی آپریشنل ضروریات اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال سے متعلق مختلف تجاویز پر تفصیلی غور کیا گیا۔ حساس اضلاع میں مختلف نوعیت کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

پنجاب کے مزارات کی 24/7 ڈیجیٹل مانیٹرنگ کا آغاز، 128 کیمروں اور اے آئی ٹیکنالوجی سے نگرانی‘ ڈاکٹر احسان بھٹہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری / چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ پنجاب کے اہم مزارات پر سکیورٹی کو مزید موثر بنانے اور زائرین کو محفوظ، باوقار اور بہتر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

مال روڈ پر قبضہ مافیا کے خلاف بڑا آپریشن، 90 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی سرکاری زمین واگزار

لاہور (سٹاف رپورٹر) مال روڈ پر قبضہ مافیا کے خلاف بڑے آپریشن کے دوران 90 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی قیمتی سرکاری کمرشل اراضی واگزار کرا لی گئی۔ بورڈ آف ریونیو پنجاب کی لیکویڈیشن کمیٹی نے ممبر کالونیز بورڈ آف ریونیو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

لاہور: صوبائی وزیر آبپاشی میاں کاظم علی پیرزادہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com